تحقیقی وتنقیدی ذولسانی کتابی سلسلہ

اُردو اسٹڈیز

(ذولسانی کتابی سلسلہ ۱)

۲۰۱۹



مدیر

ارشد مسعود ہاشمی

ناشر

شعبۂ اردو، جے پرکاش یونی ورسٹی، چھپرہ (بھارت)

اُردو اسٹڈیز

URDU STUDIES

مدیر ارشد مسعود ہاشمی

Bilingual Kitabi Silsila of Urdu
Research and Criticism

URDU STUDIES

(Bilingual Kitabi Sisila 1)
2019

Editor
ARSHAD MASOOD HASHMI

Published by
Department of Urdu
Jai Prakash University, Chapra (India)

اپلائڈ بکس
APPLIED BOOKS
1739/10 (Basement), New Kohinoor Hotel, Pataudi House
Darya Ganj, New Delhi-110002
Tel.: 011-23266347 Email: appliedbooks@gmail.com

ISBN 938323986-7
9789383239863

Rs: 400/-

تحقیقی وتنقیدی دولسانی کتابی سلسلہ

اُردو اسٹڈیز

(دولسانی کتابی سلسلہ ۱)

۲۰۱۹

مدیر

ارشد مسعود ہاشمی

معاون مدیر

نبی احمد

عبدالمالک

مظہر کبریا

ناشر

شعبۂ اردو، جَے پرکاش یو نی ورسٹی، چھپرہ (بھارت)

شعبۂ اردو، جَے پرکاش یونی ورسٹی، چھپرہ (بھارت) کا دولسانی تحقیقی وتنقیدی کتابی سلسلہ

Bilingual Kitabi Silsila of the Department of Urdu,
Jai Prakash University, Chapra (India)

اردو اسٹڈیز (دولسانی کتابی سلسلہ ۱) ۲۰۱۹

URDU STUDIES
(Bilingual Kitabi Silsila 1) 2019

مدیر: ارشد مسعود ہاشمی

صدر شعبۂ اردو، جَے پرکاش یونی ورسٹی، چھپرہ۔۸۴۱۳۰۱ (بھارت)

رہائشی پتہ: نزد اردو مڈل اسکول، مقری، چندوارہ، مظفر پور۔۸۴۲۰۰۱

E-mail: hashmiam68@gmail.com
www.urdujpu.wordpress.com

سال اشاعت : ۲۰۱۹

صفحات : ۱۸۴

قیمت : ۴۰۰/روپے (Rs. 400/=)

طباعت : نیو پرنٹ سینٹر، نئی دہلی۔۲

بہ اہتمام : اپلائڈ بکس، 1739/10 نیو کوہ نور ہوٹل، پٹودی ہاؤس، دریا گنج، نئی دہلی-110002 فون نمبر: 011-23266347

ISBN 978-93-83239-86-3

اردو اسٹڈیز میں شامل تحریریں تحقیقی اور تنقیدی نوعیت کی ہیں، اس لیے ادارہ کا مقالہ نگاروں کی آرا سے متفق ہونا ضروری نہیں ہے۔

فہرست

اداریہ	ارشد مسعود ہاشمی	5
اردو مقالات		
سیر ملک اوَدھ: یوسف خان کمبل پوش کا نادر وغیر مطبوعہ سفر نامہ (۱۸۴۷)	نجیبہ عارف	7
آخری دن کی تلاش اور محمد علوی	شہناز نبی	39
حکیم سید ظل الرحمٰن کی تحقیقی کاوش کا ایک شاخسانہ: حکیم احسن اللہ خان	مولا بخش	49
داغ دہلوی: مابعد نوآبادیاتی تناظر	ناصر عباس نیر	77
حالی کی غزل	شہاب ظفر اعظمی	95

انگریزی مقالات

(صفحات 1 تا 82)

1.	Cultural Exuberance of Metaphor in Khiyal Bandi Ghalib's Imaginings in the Urdu Ghazal: the Dark Complexed Beloved	Mehr Afshan Farooqi	5
2.	A Historical Narrative of South Asian Time *Reading Qurratulain Hyder's River of Fire*	Zehra Mehdi	27
3.	Faiz and the Postcolonial Subalternity	Huzaifa Pandit	43
4.	*Raja Gidh:* Breaking Gender Stereotypes	Arshad Masood Hashmi	73

☆☆☆

اداریہ

رسائل و جرائد کی معیار بندی اور اس سے وابستہ نشیب و فراز نے جہاں ایک جانب وسیع پیمانے پر ان کی اشاعتوں کا جواز مہیا کر دیا ہے، وہیں جامعاتی ضرورتوں کی تکمیل کی غرض سے لکھے گئے مقالات یا مضامین کی اہمیت محض اس قدر رہ گئی ہے کہ ان کے ساتھ کوئی مخصوص شناخت کا نمبر (ISSN or ISBN) جڑا ہوا ہو۔ یہ حقیقت اس سے بھی واضح ہوئی کہ جب کتابی سلسلہ کے اس شمارہ کے لیے مقالات کی فرمائش کی گئی تو بیش تر خواتین و حضرات نے یہ دریافت کیا کہ آیا یہ یونی ورسٹی گرانٹس کمیشن سے منظور شدہ ہے، یا اسے بین الاقوامی سلسلہ وار نمبر حاصل ہے! یہ وہ صورت حال ہے جس نے دانشوری اور متن کی اہمیت کو بڑی حد تک کم کر دیا ہے۔ اس کے باوجود برصغیر میں ایسے رسائل و جرائد بہر حال موجود ہیں جنھوں نے کسی ادارہ سے منظوری حاصل کرنے کے لیے اپنے معیار سے سمجھوتہ نہیں کیا ہے۔ ایسی اشاعتیں بھی ہیں جو کسی الحاق کے بنا بھی منفرد شناخت کی حامل ہیں۔ موجودہ تحقیقی معیار و مزاج کی رو سے دانش گاہوں کے لیے یہ معاملہ، بہر حال، پریشان کن ہے۔

بین الاقوامی سطح پر مختلف النوع نظریاتی مطالعوں، کلامیوں اور بیانیوں میں گذشتہ چند برسوں سے اردو زبان و ادب اور ثقافت نے مرکزی حیثیت اختیار کر لی ہے۔ بطور خاص مابعد نو آبادیاتی ادبی مطالعات میں کئی ایسے نظریات منظر عام پر آئے ہیں جن سے مرکزی مقامات سے دور رہنے والے اردو کے اساتذہ اور طلبا کی واقفیتیں برائے نام ہیں۔ بین الاقوامی سطح پر ہماری زبان، ہمارا ادب اور ہماری ثقافت کو جن کلیدی دانشورانہ موضوعات کا حصہ بنایا گیا ہے ان کی مدد سے ہم اپنے ادبی و ثقافتی ماضی اور حال کا محاسبہ نسبتاً بہتر طریقے سے کر سکتے ہیں۔ اس ضمن میں کئی بزرگ

اساتذہ کرام اور دانشوروں کے ساتھ ہی نئی نسل کے دانشوروں کی خدمات بھی قابل توجہ ہیں۔

زیر مطالعہ کتابی سلسلہ کی اشاعت جامعاتی ضرورتوں کی تکمیل کا حصہ ہونے کے ساتھ ہی اردو سے وابستہ جدید تر کلامیوں سے عام قارئین کو متعارف کرانے کی ایک ادنیٰ سعی بھی ہے۔ ڈاکٹر نجیبہ عارف کی تصانیف میں ممتاز مفتی پہ لکھی دو کتابوں کے علاوہ ''رفتہ و آئندہ: اردو ادب کا منظر نامہ'' ادبی حلقوں میں مشہور و معروف ہیں۔ اردو ادب کا مابعد نو آبادیاتی مطالعہ بھی آپ کا اختصاص ہے۔ شامل کتاب تحقیقی مقالہ میں ڈاکٹر نجیبہ عارف کا یہ مخصوص رجحان موجود ہے۔ ایشیاٹک سوسائٹی، کولکتہ، میں موجود اردو داستانوں کے نسخوں پہ پروفیسر شہناز نبی کی گرانقدر تصنیف ''منشورات بنگالہ'' کے علاوہ تانیثی تنقید پر بھی بے مثل کتاب منظر عام پر آ چکی ہے۔ محمد علوی پر آپ کی بیباک تحریر آپ کے طرز فکر کی نمائندگی کرتی ہے۔ پروفیسر مولا بخش کی تصانیف میں گوپی چند نارنگ پر لکھی کتاب دستاویزی حیثیت رکھتی ہے۔ اس کتاب میں شامل مقالہ میں بعض تاریخی غلطیوں کی گرفت کرتے ہوئے مدلل انداز میں ان کی تردید کی گئی ہے۔ ڈاکٹر مہر افشاں فاروقی نے اپنی کتاب The Postcolonial Mind: Urdu Culture, Islam & Modernity in Muhammad Hasan Askari کی اشاعت کے ساتھ ہی اردو ادب و ثقافت کے نو آبادیاتی کلامیوں کو سہ آتشہ بنا دیا۔ ایک بڑا اردو داں حلقہ فکر و نظر کی اس نئی بالیدگی سے ناواقف ہے۔ آپ کا مقالہ غالب کے استعاراتی نظام کے ایک اہم پہلو کا احاطہ کرتا ہے۔ ڈاکٹر ناصر عباس نیر نے ''مابعد نو آبادیات'' اور ''اردو ادب کی تشکیل جدید'' لکھ کر اردو ادب کے مابعد نو آبادیاتی ڈسکورس میں اپنی شناخت قائم کر لی ہے۔ پیش نظر کتاب میں انھوں نے داغ کو اسی منفرد زاویۂ نظر سے دیکھنے کی کوشش کی ہے۔ حالی کی غزلیں عموماً نظر انداز کی جاتی رہی ہیں۔ ڈاکٹر شہاب ظفر اعظمی نے اس پہلو کو قابل اعتنا سمجھتے ہوئے حالی کی غزلوں کو اپنا موضوع بنایا ہے۔ زہرہ مہدی نے قرۃ العین حیدر کے ''آگ کا دریا'' کے انگریزی ترجمہ کے حوالے سے جنوب ایشیائی تناظر میں اس ناول میں نئے پہلوؤں کی جستجو کی ہے۔ حذیفہ پنڈت نے بھی ان نئے ادبی نظریات کے حوالے سے فیض احمد فیض کو اپنا موضوع بنایا ہے۔

ادارہ متذکرہ معاونین کا ممنون و مشکور ہے۔ ہمیں امید ہے کہ اس کاوش کو اصحاب فکر و نظر کا تعاون ملتا رہے گا۔

ارشد مسعود ہاشمی

Sair-e-Mulk-e-Awadh: Yusuf Khan Kambalposh ka nadir-o-ghair matbua safarnama
Najeeba Arif
Chairperson, Department of Urdu, International Islamic University, Islamabad
Urdu Studies (Bilingual Kitabi Silsila 1) 2019

سیرِ ملکِ اودھ
یوسف خان کمبل پوش کا نادر و غیر مطبوعہ سفرنامہ
(۱۸۴۷ء)

نجیبہ عارف

چیئر پرسن، شعبۂ اردو

انٹرنیشنل اسلامک یونی ورسٹی، اسلام آباد، پاکستان۔

سیر ملک اودھ یوسف خان کمبل پوش کا دوسرا سفرنامہ ہے جو اودھ کی ریاست کے مختلف علاقوں اور اس کے گردونواح کے سفر کے حالات و واقعات کے بیان پر مبنی ہے۔ کمبل پوش کا یہ سفرنامہ میرے ہاتھ اچانک ہی آ گیا۔ میں لندن یونی ورسٹی میں فیلوشپ کے دوران دیارِ مغرب کے سفرناموں پر تحقیق کر رہی تھی اور کسی نایاب مخطوطے کی تلاش میں انگلستان اور یورپ کے کتب خانے چھان رہی تھی۔ اس سلسلے میں سب سے زیادہ مفید آکسفرڈ یونی ورسٹی کی بودلئن لائبریری ثابت ہوئی جہاں سے مجھے بے شمار تاریخی دستاویزات، قدیم نثر کے نمونے اور فارسی مخطوطات کے علاوہ اردو کے بھی کئی ایسے مخطوطات ملے جو ہماری قومی تاریخ کے کھوئے ہوئے اوراق کی حیثیت رکھتے ہیں۔ اپنی افتادِ طبع کے ہاتھوں مجبور ہو کر میں بے اختیار ان قدیم نسخوں کو کھولتی اور دیکھتی چلی گئی جن کا میرے تحقیقی منصوبے سے براہِ راست کوئی تعلق نہیں تھا۔ بیاضیں، روزنامچے، بہی کھاتے، خطوط، استادی شاگردی کے معاملات، عدالتی فیصلے، ان کے خلاف اپیلیں، نوکری کی درخواستیں، امداد و معاونت کے

لیے عرض داشتیں، سپاس نامے، خطبے، تقریریں، حتیٰ کہ خوابوں کے دفتر بھی۔ ان سب دستاویزات کو چھونا، ان الفاظ کی گرمی، خنکی، درد اور بے معنویت کو محسوس کرنا، ان کی رائیگانی کو سہنا، یہ سب تحقیقی نہیں، اچھا خاصا تخلیقی اور جاندار تجربہ تھا جس نے مجھے کئی دن اپنی لپیٹ میں لیے رکھا۔

انھی بے مصرف پرزوں کا تعاقب کرتے کرتے ایک روز میں لائبریری کے اس گوشے تک پہنچ گئی جہاں ایسی دستاویزات اور کتب کا کیٹلاگ رکھا تھا جو کسی فہرست میں شامل نہیں۔ ان میں بعض چیزیں ایسی زبانوں میں لکھی گئی تھیں جنھیں پڑھنے والے تو کیا پہچاننے والے بھی اس کتب خانے میں مفقود تھے۔ میں نے اشتیاق اور بے تابی سے اس ذخیرے کو کھنگالا تو ایک جگہ عجائبات فرنگ کے مصنف کا ذکر نظر آ گیا۔ نسخہ منگوایا تو اس میں سے ایک رنگین روغنی تصویر نکل کر نیچے گر پڑی۔ یہ یوسف خان کمبل پوش تھے۔ تصویر اس سے پہلے کہیں نہیں چھپی تھی۔ پیلے رنگ کے ہلکے، بوسیدہ اور کرم خوردہ کاغذات کا دفتر کھولا تو پہلے صفحے پر لکھا تھا:

Travels in Oudh and the Deccan in AH 1263.

A Continuation of Ajaibat-i-Farang or Travels in Europe.

میں نے سب کام چھوڑ کر اس مخطوطے کو کھنگالنا شروع کر دیا۔ پہلے چند صفحات پڑھ کر یقین ہو گیا کہ یہ ہمارے جانے پہچانے کمبل پوش ہی کی ایک اور مہم جوئی کا بیان ہے؛ چنانچہ کوشش کر کے مکمل مخطوطے کا عکس حاصل کر لیا۔

اس سفرنامے کا قلمی نسخہ بودلئن لائبریری، اوکسفرڈ کے اس کونے میں پایا جاتا ہے جہاں ایسے مواد کا ایک مختصر سا ذخیرہ موجود ہے جن کا اندراج کسی فہرست یا کیٹلاگ میں نہیں ہے۔ دستیاب معلومات کے مطابق یہ منحصر بہ فرد خطی نسخہ ہے۔ یہ خطی نسخہ بودلئن لائبریری میں انڈین انسٹی ٹیوٹ، اوکسفرڈ کے ذخیرے کے ذریعے پہنچا۔ انڈین انسٹی ٹیوٹ کو یہ مخطوطہ رابرٹ کیتھ پرنگل (Robert Keith Pringle۔ ۱۸۰۲ء۔۱۸۹۷ء) نے ۷ فروری ۱۸۷۹ء کو پیش کیا تھا۔ پرنگل یورپ کے سفر کے دوران کمبل پوش کے ہم سفر رہے تھے اور بمبئی میں بھی ان دونوں کے درمیان رفاقت رہی؛ اس لیے یہ بات تعجب خیز نہیں کہ کمبل پوش نے اپنے دوسرے سفرنامے کا مسودہ انھیں پیش کیا ہو۔ یہ بھی ممکن ہے کہ کمبل پوش نے یہ سفرنامہ انھی کی تحریک پر لکھا ہو، تاہم متن میں اس امر کی

کوئی شہادت نہیں ملتی۔البتہ یہ بات یقینی ہے کہ یہ سفرنامہ ۱۸۴۷ء میں لکھا گیا اور ۱۸۷۹ء سے قبل ہی کسی طور پرنگل کے ہاتھ لگا۔جنھوں نے اسے انڈین انسٹی ٹیوٹ اوکسفرڈ کو پیش کر دیا۔

یہ مجلد قلمی نسخہ ۱۵۶ اوراق پر مشتمل ہے جن کا رنگ پیلا اور حالت خستہ ہے لیکن تحریر خوب روشن اور واضح ہے۔ پہلے اور آخری صفحے کو چھوڑ کر ہر صفحے پر نو سطریں ہیں۔ یہ مسودہ خطِ نستعلیق میں، موٹے قط کے قلم سے خوش خط لکھا گیا ہے۔ایک دو مقامات پر باریک قط کا قلم بھی استعمال کیا گیا ہے۔تحریر کو دیکھ کر معلوم ہوتا ہے کہ مسودہ مختلف اوقات میں لکھا گیا ہے۔کہیں کہیں حاشیے میں متنی تبدیلی یا اصلاح بھی موجود ہے۔اس نسخے پر کاتب کا نام درج نہیں اور نہ ہی کوئی عنوان دیا گیا ہے۔ سیر ملک اودھ کا عنوان سفرنامے کے ایک اقتباس سے اخذ کیا گیا ہے۔اس تصنیف میں ایک سے زیادہ مقامات پر مصنف نے اپنے سفر یورپ اور سفرنامے کا ذکر کیا ہے، جس کا حوالہ بعد میں دیا گیا ہے۔تاہم اس سفرنامے کے مندرجات کا مفصل جائزہ لینے سے پہلے ضروری ہے کہ اس کے مصنف کی زندگی اور عہد پر ایک نظر ڈال لی جائے۔

یوسف خان کمبل پوش اردو میں یورپ کے پہلے سفرنامہ نگار کے طور پر معروف ہیں۔ان کا پہلا سفرنامہ تاریخ یوسفی (۱۸۴۷ء) ایک مدت تک عجائباتِ فرنگ کے عنوان سے شائع ہوتا رہا ہے۔۲ یہ سفرنامہ پہلی بار ۱۸۴۷ء میں دہلی کالج کے زیر اہتمام شائع ہوا۔ دوسری اشاعت منشی نول کشور کے مطبع سے ۱۸۷۳ء میں ہوئی اور اس اشاعت میں ناشر نے سفرنامے کا عنوان تبدیل کر کے عجائباتِ فرنگ رکھ دیا۔ پہلی اشاعت کا کوئی نسخہ تادیر دستیاب نہ ہونے کے باعث دیگر تمام اشاعتیں، اسی دوسری اشاعت کی بنیاد پر ہوتی رہیں اور یہی وجہ ہے کہ ۲۰۰۴ء تک یہ کتاب عجائباتِ فرنگ کے نام سے ہی پہچانی جاتی رہی۔۲۰۰۴ء میں ڈاکٹر اکرام چغتائی نے اس کی پہلی اشاعت کا عکس حاصل کر کے اسے نئے سرے سے مرتب کیا تو معلوم ہوا کہ مصنف نے اس کتاب کو تاریخ یوسفی کے نام سے موسوم کیا تھا اور یہ بھی معلوم ہوا کہ یہ کتاب پہلے فارسی میں لکھی گئی تھی، لیکن طباعت سے پہلے ہی مصنف نے خود اسے اردو میں ڈھال دیا تھا۔۳ تاہم یہ بات اہم ہے کہ پہلی اشاعت کے سرورق پر کتاب کا عنوان تاریخ یوسفی شائع نہیں ہوا۔ یہ عنوان صرف ترقیمے میں استعمال کیا گیا ہے۔مطبوعہ کتاب کے آغاز میں اس کا عنوان درج ذیل انداز میں انگریزی اور اردو میں درج ہے۔

Travels in Europe

by

Yoosoof Khan Kummul posh

1847ء

سفر یوسف خان کمل پوش کا

ملک انگلستان میں

یہی وجہ ہے کہ معاصر مآخذ میں اس کتاب کو سیرِ یوسف یا سفرِ یوسف کے نام سے یاد کیا جاتا رہا۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ خود کمل پوش نے اپنی کتاب کے انگریزی عنوان پر ہی اکتفا کیا تھا اور اس کا کوئی باقاعدہ ترجمہ یا اردو عنوان طے کرنے کی ضرورت محسوس نہیں کی تھی۔ یہی وجہ ہے کہ اس کتاب کا ذکر مختلف ناموں سے ہوتا رہا۔

پاک و ہند اور مغربی ممالک کے کئی محققین نے کمبل پوش کے اس سفرنامے کو موضوعِ تحقیق بنایا ہے اور اس کے مشاہدات و تجربات کی بنیاد پر یورپ اور ہندوستان کے معاشرتی و سماجی روابط پر سیر حاصل بحث بھی کی ہے۴ مگر یوسف خان کے بارے میں ان کی تحقیق کا ماخذ خود ان کی اپنی تحریر یعنی تاریخ یوسفی کے وہ صفحات ہی رہے ہیں جن میں انھوں نے اپنے بارے میں مجمل معلومات فراہم کی ہیں۔ یوسف خان کمبل پوش کی زندگی کے حالات اور ان کی کسی اور تحریر کا ابھی تک سراغ نہیں ملا تھا۔

ابھی تک وثوق سے نہیں کہا جا سکتا کہ یوسف خان کمبل پوش کب اور کہاں پیدا ہوئے۔ انھوں نے اپنے پہلے سفرنامے میں ''آغاز حال مؤلف'' کے عنوان سے اپنی سوانح کے چند چیدہ چیدہ واقعات تحریر کیے ہیں جس سے معلوم ہوتا ہے کہ ان کا وطنِ خاص حیدر آباد تھا اور وہ ۱۸۲۸/۱۲۴۴ء میں عظیم آباد، ڈھاکہ، مچھلی بندر، مندراج، گورکھپور، اکبر آباد اور شاہجہاں آباد وغیرہ سے ہوتے ہوئے لکھنؤ میں وارد ہوئے ۵ لیکن ان کا تعلق حیدر آباد شہر سے تھا یا کسی مضافاتی علاقے سے؟ جب وہ لکھنؤ پہنچے تو ان کی عمر کیا تھی؟ ان کی مصدقہ تاریخ پیدائش کیا تھی؟ ان کے خاندان کے دیگر افراد کون تھے؟ یہ وہ سوال ہیں جن کا جواب نہ تو کمبل پوش نے خود دیا ہے اور نہ ان کے کسی معاصر کی تحریر سے ایسی معلومات حاصل ہوتی ہیں جو اس بارے میں کوئی اشارہ دیتی ہوں۔ انھوں نے اپنی کتاب میں اپنے

والد کا نام تک نہیں لکھا، حالاں کہ اس زمانے میں مصنفین اپنے خاندانی حالات اور شجرہ نسب کو بہت اہمیت دیتے تھے۔ البتہ ان کے ایک معاصر سید محسن علی کے تذکرے میں ان کے والد کا نام ''رحمت غوری'' بتایا گیا ہے۶۔

یوسف خان کمبل پوش کی تاریخ پیدائش کے بارے میں مستند معلومات کی غیر موجودگی میں پروفیسر تحسین فراقی نے یہ فرض کرتے ہوئے کہ ۱۸۲۸ء میں جب وہ لکھنؤ پہنچے تو ان کی عمر تقریباً پچیس برس ہوگی، یہ قیاس ظاہر کیا ہے کہ وہ ۱۸۰۳ء کے لگ بھگ پیدا ہوئے ہوں گے۷۔ حال ہی میں ایک مغربی محقق مائیکل فشر نے اپنی کتاب Counterflows to Colonialism میں ماخذ کا ذکر کیے بغیر، کمبل پوش کی تاریخ پیدائش ۱۸۰۳ء درج کر دی ہے۸ لیکن چوں کہ کمبل پوش کے بارے میں اس کی تمام تر معلومات کا ماخذ پروفیسر تحسین فراقی کا مرتبہ سفرنامہ عجائباتِ فرنگ اور روزی لویلن جونز (Rosie Llewellyn-Jones) کا ایک مضمون ہے۹ اور روزی لویلن جونز نے اپنے مضمون میں تاریخ پیدائش کے بارے میں معلومات فراہم نہیں کیں، اس لیے یقیناً فشر نے یہ تاریخ پروفیسر تحسین فراقی کے تحریر کردہ مقدمۂ عجائباتِ فرنگ سے ہی نقل کی ہے۔

روزی لویلن جونز نے تاریخ پیدائش تو نہیں بتائی مگر یہ ضرور لکھا ہے کہ جب اس سفرنامے کا دوسرا ایڈیشن ۱۸۷۳ء میں لکھنؤ سے شائع ہوا، اس وقت کمبل پوش کی عمر غالباً ساٹھ سال سے تجاوز کر چکی تھی۱۰۔ تاہم اس بیان کی تصدیق کے لیے جو ماخذ استعمال کیا گیا ہے، اس کی تفہیم میں سہو ہوا ہے۔ یہ ماخذ، غالباً کمبل پوش کے سفرنامے کا دوسرا ایڈیشن ہے جو ۱۸۷۳ء میں، عجائباتِ فرنگ کے عنوان سے مطبع منشی نول کشور سے شائع ہوا۔ کتاب کے آغاز میں یہ بیان درج ہے:

عجائباتِ فرنگ
یعنی کیفیت سفر یوسف خان کمبل پوش
ملک انگلستان میں
یہ کتاب ۱۸۴۷ء میں بمقام دہلی طبع ہوئی تھی اور چونکہ مصنف
اوس کا باشندہ لکھنؤ کا تھا، اور مالک مطبع سے بھی اس کی ملاقات تھی
تو یہ تحفہ یادگار باشندہ اس صوبہ کا سمجھ کر حسبِ تحریک مسٹر جوزف

جوہانس صاحب ۱۱، جو اخلاق و مروت میں بے عدیل اور فن فوٹو
گرافک وغیرہ صناعات میں اپنا ثانی نہیں رکھتے ہیں
ماہ ستمبر، ۱۸۷۳ء
مطبع منشی نول کشور میں بطبع مزین مطبوع ہوئی ۱۲

اس بیان سے روزی لویلن جونز نے یہ نتیجہ اخذ کیا ہے کہ اس سفرنامے کی پہلی اشاعت کے بعد ۱۳ لکھنؤ کے ''ایک مطبع کے مالک'' نے کمبل پوش سے رابطہ کیا اور ایک معروف فوٹوگرافر جوزف جوہانس (Joseph Johannes) کی حوصلہ افزائی پر، جو کمبل پوش کی تصنیف کے بارے میں نہایت اچھی رائے رکھتا تھا، کمبل پوش نے کتاب کی اشاعت ثانی کا فیصلہ کر لیا۔ جب کمبل پوش اپنی کتاب کی اشاعتِ ثانی پر رضامند ہوئے، اس وقت غالباً وہ عمر کی چھٹی دہائی کے وسط میں تھے۔ یہ کتاب جنوری ۱۸۹۸ء میں تیسری بار منشی نول کشور کے مطبع سے شائع ہوئی اور یہ کہ اگر اس وقت تک کمبل پوش حیات تھے تو ان کی عمر ۱۰۰ برس کے لگ بھگ ہوگی۔ ۱۴ اس بیان سے یہ گمان پیدا ہوتا ہے کہ تیسری اشاعت نول کشور کے مطبع سے اور دوسری اشاعت لکھنؤ کے کسی اور مطبع میں ہوئی تھی، جو خلاف واقعہ ہے۔

دوسری اشاعت کے مندرجہ بالا تمہیدی بیان سے ظاہر ہوتا ہے کہ کمبل پوش، کتاب کی دوسری اشاعت کے وقت حیات نہیں تھے کیوں کہ ان کے لیے ماضی کا صیغہ استعمال کیا گیا ہے اور ان کی یادگار کے طور پر کتاب شائع کرنے کے خیال کا اظہار کیا گیا ہے۔ گارسیں دتاسی نے بھی اپنے گیارھویں خطبے میں کمبل پوش کی تاریخِ وفات ۱۰ اگست ۱۸۶۱ء لکھی ہے ۱۵ جس پر یقین نہ کرنے کی بظاہر کوئی وجہ نظر نہیں آتی۔ لیکن اسی خطبے میں دتاسی نے ان کے بارے میں کچھ بے سروپا باتیں بھی لکھ دی ہیں جن کے مطابق انھیں ایک اطالوی کیتھولک ظاہر کیا گیا ہے۔ دتاسی کے ان بیانات کا ماخذ انڈین میل کا ستمبر ۱۸۶۱ء کا شمارہ ہے جو ان کی زندگی کے حالات کے بارے میں واحد معاصر شہادت کے طور پر پیش کیا جا سکتا ہے اور ان کی شخصیت اور انگریز آقاؤں پر اس کے تاثر کے بارے میں دلچسپ معلومات فراہم کرتا ہے۔ اسی دلچسپی کے پیش نظر ذیل میں انڈین میل کا مذکورہ اقتباس پیش کیا جا رہا ہے۔

An Adventurer:

> On Saturday, the 10th August, died at Lucknow, after a very painful illness of nearly three months, an officer of some name and fame- Mr. Delmerick, commonly called Yeosuff Khan Bahadoor, a title conferred on him by the Court of Lucknow, and by which, from prudential motives, he always sought to be known. The deceased had served for nearly thirty years in the King's army as Adjutant. During his time he was always employed on active service, fighting the rebellious talookdars in the Salone, Seetapore and Baiswarra districts. About fifteen or twenty years ago, he proceeded to England and thence having traveled all over France, Spain, Portugal and a portion of Germany, returned via Turkey and Arabia to India. Though he could neither read nor write any of the European languages perfectly, he could speak many well, and the English, particularly very fluently. An account in Oordoo, written by himself, of his travels and experience in the world, is, we believe, extant, and we doubt not would be well-worth translating into English. When the Mutiny broke out in Oudh, Yeosuff Khan was living on his estate at Pershedapore. He was hunted, and for four months saved his life by hiding about the jungles, under the protection of Surrebjeet Singh, talookdar of Teckaree. he had been long in the enjoyment of a pension from the Government of which he had ever been one of the warmest and most loyal supporters.

مسٹر ڈیلمیرک کے نام کے سوا، انڈین میل کی یہاں تک درج معلومات تو یوسف خان کمبل پوش کے حالات پر صادق آتی ہیں لیکن اس کے فوراً بعد اس کے اطالوی عیسائی ہونے کا دعویٰ سامنے آجاتا ہے جس سے خیال ہوتا ہے کہ دو مختلف افراد کا حال سہواً ایک جا ہو گیا ہے۔ گارسیں دتاسی نے بعد میں

اپنے اس خیال کی اصلاح کر لی تھی اور اس کے والد کا نام رحمت غوری درج کر دیا تھا۔[16] کمبل پوش کی زندگی، سوانح اور خاص طور پر ان کے مذہب کے بارے میں پروفیسر تحسین فراقی اور ڈاکٹر اکرام چغتائی کے مرتبہ نسخوں میں مفصل بحث ملتی ہے، جسے دہرانے کی ضرورت نہیں۔ انھوں نے جا بجا اپنے مذہبِ سلیمانیہ کا ذکر کیا ہے۔ اس مذہب سے ان کی کیا مراد تھی، کیا یہ کوئی باقاعدہ فرقہ تھا یا محض ایک خود ساختہ عقیدہ۔ اس بارے میں تمام مباحث قیاس پر مبنی ہیں۔ البتہ ایک بات یقینی ہے کہ انھوں نے دونوں تصانیف کا آغاز، مسلمانوں کے عام انداز کے مطابق حمدیہ و نعتیہ کلمات و اشعار سے کیا ہے۔ متن کے دوران بھی کہیں خود کو مسلمانوں سے الگ ظاہر کرنے کی کوشش نہیں کی۔ ایسا لگتا ہے کہ مذہب کا لفظ، اس دور کے عام رواج کے مطابق، مسلک یا طریقے کے لیے استعمال کیا گیا ہے۔ جہاں تک یوسف خان کمبل پوش کے دیگر حالاتِ زندگی کا تعلق ہے تو اس بارے میں جملہ معلومات کا حاصل بس یہی ہے کہ وہ ایک شاعر تھے اور لکھنؤ کے معروف شاعر خواجہ حیدر علی آتش کے شاگرد تھے۔[17] پروفیسر تحسین فراقی لکھتے ہیں:

> یوسف خان کمبل پوش کب پیدا ہوا، اس کے والد کا شغل معاش کیا تھا، کمبل پوش نے کہاں تعلیم پائی، اس نے شادی کی یا نہیں، اس کی کتنی اولادیں تھیں، معاصر ادبا کے ساتھ اس کے کیسے تعلقات تھے اور یہ ایک دوسرے کے بارے میں کیا رائے رکھتے تھے، نصیر الدین حیدر کی ملازمت اختیار کرنے سے پہلے اس کا شغل معاش کیا تھا اور یہ کہ ''تاریخِ یوسفی'' یا ''عجائباتِ فرنگ'' کے علاوہ اس نے کون سی تصنیف یادگار چھوڑی، ان تمام سوالات کا جواب فراہم نہیں ہوتا۔[18]

ڈاکٹر اکرام چغتائی نے سید غوث علی شاہ قلندر پانی پتی (۱۸۰۴ء۔۱۸۸۰ء) کی مشہور تصنیف تذکرۂ غوثیہ میں مذکور ایک کمبل پوش کے متعلق تمام مواد اپنے مقدمے میں یکجا کیا ہے لیکن انھیں بھی یقین نہیں ہے کہ یہ وہی کمبل پوش ہیں جو یورپ کے سفرنامے کے مصنف ہیں۔ خود انھیں دہلی شہر کی فارسی تاریخ سیر المنازل (قلمی نسخہ) میں ایک ''گروہِ کمبل پوشاں'' کا ذکر ملتا ہے جس سے گمان ہوتا ہے

کہ شاید تذکرۂ غوثیہ میں مذکور کمبل پوش اسی گروہ کا کوئی فرد ہو۔ وہ لکھتے ہیں:

> درحقیقت اصل مسئلہ یہ ہے کہ سفرنامہ نویس کمبل پوش کی صرف ایک ہی تصنیف ہے، جواب تک دستیاب ہے، یعنی تاریخ یوسفی جو پہلے فارسی (۱۸۴۳ء قلمی) اور پھر اردو (مطبوعہ ۱۸۴۷ء) میں لکھی گئی۔ اس کے شروع میں بعنوان ''حال مؤلف'' کے تحت اور بیچ میں کہیں کہیں مؤلف نے اپنے جو سوانحی کوائف مختصراً بیان کیے ہیں، وہی مستند ہیں۔ بالفاظ دیگر کمبل پوش کے حالاتِ زندگی کا ایک ہی معتبر ماخذ یہ سفرنامہ ہے، جو اس نے ۱۸۴۰ء کے اوائل میں مکمل کر لیا تھا۔ اگر اس کی کوئی اور کتاب دریافت ہو جاتی، یا کوئی ایسی معاصر شہادت دستیاب ہو جاتی جس میں اس سنہ کے بعد کی زندگی کا علم ہو جاتا، تو پھر درج بالا مماثل یا متضاد پہلوؤں کی بنیاد پر قیاسی استدلال کی ضرورت نہ پڑتی۔۱۹

زیرِ نظر قلمی نسخے کی صورت میں مصنف کی ایک اور تصنیف تو یقیناً دریافت ہوگئی ہے لیکن حقیقت یہ ہے کہ یہ تصنیف بھی ان کی زندگی کے چار ماہ سے زیادہ کے حالات سے پردہ نہیں اٹھاتی۔ البتہ اس کے مطالعے سے یہ ضرور معلوم ہوجاتا ہے کہ یورپ سے واپس آنے کے بعد وہ دوبارہ لکھنؤ میں اپنی فوجی ملازمت میں مصروف ہو گئے تھے اور غالباً ریاست اودھ کے سقوط (۱۸۵۶ء) تک یہیں رہے۔ ہوسکتا ہے اس دوران، یا اس کے بعد وہ کبھی دہلی بھی گئے ہوں اور غوث علی شاہ سے ان کی ملاقاتیں رہی ہوں، لیکن اس کا کوئی واضح ثبوت نہیں ملتا۔ البتہ اس امکان کو رد نہیں کیا جاسکتا کیوں کہ ان کی پہلی کتاب دہلی ہی سے طبع ہوئی تھی۔

اپنے سفرنامے تاریخ یوسفی المعروف عجائباتِ فرنگ میں انھوں نے اپنے جس سفر انگلستان کا حال بیان کیا ہے وہ ۱۸۳۷ء سے ۱۸۳۸ء تک کے عرصے پر محیط ہے۔ ۱۸۳۸ء میں جب وہ اس سفر سے لوٹے تو ان کی واپسی کی خبر ایشیاٹک جرنل میں ان الفاظ میں شائع ہوئی۔

A Travelled Native

> Eusoph Khan, soubadhar of Lakhnow, who was on a visit to England, is now safely arrived at Calcutta. He expressed himself highly gratified with the kind treatment and hospitality he received from the nobility and gentry. His remark on English character is worthy of notice: "English men in this country and Englishmen at home are totally different in point of character." He intends to publish his diary, which will no doubt, be very interesting to our native readers, as it will contain accounts not only of England, but of every place he has visited, and of which he talks in terms of high admiration.[20]

اس سفر سے لوٹنے کے بعد کمبل پوش نے زندگی کیسے بسر کی، اس بارے میں اس سے قبل کسی کو کچھ معلوم نہ ہوسکا۔ اگرچہ کمبل پوش نے تاریخ یوسفی کے اختتامی صفحات میں بڑی حسرت سے لکھا تھا کہ:

> اب بھی یوسف حلیم کمبل پوش سلیمانی مذہب، ارادہ سیر ملک سیہ پوشوں کا رکھتا ہے اور ایران و توران و اصطنبول اور روس و ماژندران وغیرہ کے جانے پر آمادہ ہے، بہ سبب لاچاری اور نہ بہم پہونچنے زادراہ کے یہاں پڑا ہے۔ امیر اور رئیس ہندوستان کے ایسے خیال کب رکھتے ہیں کہ خرچ راہ اور ایک محرر کامل میرے ہمراہ کر کے رخصت کریں۔ بندہ ملکوں میں پھرے اور بے کم و کاست حال ہر جا کا اپنی آنکھوں سے دیکھ کر بیان کرے۔ اگر یاوریٔ بخت سے کوئی متکفل خواہش میری کا ہوا، فبہا۔ نہیں تو فقیر

تھوڑے دنوں میں راہی ہوگا۔ خدا مسبب الاسباب ہے۔ کوئی
سبب کر دے گا۔ یا جامہ فقیری پہن کر سیر ملکوں کی کرے گا۔۲۱

یورپ سے واپسی کے بعد کمبل پوش کی خواہش سیر و سفر کا متکفل کوئی امیر و رئیس تو نہ ہوا، البتہ خود اپنی فوجی نوکری انھیں اودھ کے گردونواح میں جا بجا لیے پھری۔ انگلستان سے واپسی پر کمبل پوش نے اپنے لیے کوئی مناسب روزگار تلاش کرنے کی کوشش کی۔ وہ اپنے ساتھ کئی ولایتی افسروں کی سفارشی چٹھیاں لائے تھے جو انھوں نے لکھنؤ میں انگریز فوجی افسروں کی خدمت میں پیش کیں۔ وہ سب کے سب کمبل پوش سے ''کمال اخلاق اور عنایت'' سے پیش آئے مگر یہ کہہ کر جان چھڑا لی کہ ''ہم کو شاہ اودھ کی فوج میں سفارش کرنے کا اختیار نہیں''۔۲۲ تاہم ان کے پرانے مربی و محسن کپتان میگنس ۲۳ نے کچھ تدبیر کی اور شاہی دربار سرکار میں سفارش کر کے ان کی پرانی اسامی بحال کروادی، یعنی اپنی ہمراہی میں فوجی رسالے (رسالہ سلیمانیہ) میں صوبے دار مقرر کر دیا اور کمبل پوش کو مسلسل اپنے طعام میں شریک رکھا۔ کمبل پوش نے بھی اس احسان کا اتنا پاس رکھا کہ جب ڈاکٹر کاربائن کی سفارش پر قندھار جانے والی انگریزی پلٹن میں ان کی نوکری کا امکان پیدا ہوا تو محض کپتان میگنس کی پاس داری کے خیال سے اس پرکشش نوکری کی طرف ہاتھ نہ بڑھایا۔ تاہم سیر و سفر کی آرزو مسلسل ان کے دل میں ہیجان برپا کرتی رہی اور اس ہیجان کی لرزش ان کی تحریروں میں بھی واضح طور پر محسوس ہوتی ہے۔

کمبل پوش رسالہ سلیمانیہ کے ہمراہ، جس میں وہ صوبے دار کے عہدے پر فائز تھے ۲۴، سرکاری فرائض کی انجام دہی کے سلسلے میں ریاست اودھ کے مختلف حصوں میں گھومتے رہے۔ ان کی دقیق قوت مشاہدہ اور زود حس طبیعت ریاست اودھ کے دارالحکومت لکھنؤ اور اس کے گردونواح میں ڈاکوؤں کی لوٹ کھسوٹ، اخلاقی اقدار کی پامالی اور غربت و افلاس کی صعوبتوں سے از حد متاثر ہوئی۔ اس زمانے کے عمومی رجحان کے برعکس انھوں نے اپنے تاثرات کو نہ صرف جامۂ الفاظ عطا کیا بلکہ ایک باقاعدہ مسودے کی صورت میں مرتب بھی کیا۔ پہلی کتاب کی اشاعت بھی ان کی حوصلہ افزائی کا باعث تھی۔ چنانچہ انھوں نے ایک اور سفر نامہ تحریر کیا لیکن مرور ایام کے ہاتھوں یہ سفر نامہ نہ تو طباعت و اشاعت کی منزلوں سے گزرا اور نہ ہی کسی اہل علم و ذوق کے ہاتھ لگا۔

یہ نسخہ خاصی مخدوش حالت میں ہے۔ خستہ اور پیلے پڑ جانے والے، ہلکے اور سستے قسم کے کاغذ پر خطِ نستعلیق میں موٹے قلم اور سیاہ روشنائی سے لکھے گئے حروف انیسویں صدی کے اردو املا کا نمونہ ہیں۔ کاغذ اتنا پتلا ہے کہ ورق کے دونوں طرف لکھے ہوئے الفاظ دیکھے جا سکتے ہیں۔ مسودے کا آغاز پیشانی پر لکھے گئے ''یا فتاح حقیقی'' کے الفاظ سے ہوتا ہے؛ جس کے بعد صفحے کے وسط میں ''بسم اللہ الرحمٰن الرحیم'' رقم ہے جس کے بعد کچھ وقفہ دے کر عبارت کا آغاز ہوتا ہے۔ حمدیہ کلمات کے بعد خواجہ میر درد کے درج ذیل دو اشعار درج ہیں:

مقدور ہمیں کب ترے وصفوں کی رقم کا
حقا کہ خداوند ہے تو لوح و قلم کا
اوس مسندِ عزت پہ کہ تو جلوہ نما ہے
کیا تاب گزر ہووے تعقل کے قدم کا۲۵

بعد ازاں حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کے حضور ہدیۂ درود و سلام پیش کیا گیا ہے اور درج ذیل فارسی اشعار لکھے گئے ہیں:

جنت سرائے بارِ تو، رضواں امانت دارِ تو
اے از گلِ رخسار تو، فردوسِ اعلیٰ را صفا
اے تاج بخشِ سروراں، ہم خاتمِ پیغمبراں!
ہستی تو اے صاحب قرآں! در دین و دنیا بادشاہ
تخت فلک، تاجت قمر، مہرت (الم جولا قمر*) ۲۶
فتحت قرین، یارت ظفر، تیغت قدر، دستت قضا ۲۷

نعتیہ اشعار کے فوراً بعد مصنف نے اپنا تعارف اور مقصدِ تصنیف بیان کیا ہے۔ لکھتے ہیں:

بعد حمد و نعت کے امیدوار ہوں رحمت ایزدی خطا پوش و نیوش
یوسف خان کمل پوش کہ اس عاجز نے اکثر سیر ملکوں میں اوقات
اپنی بسر کی اور طرح طرح رنگِ زمانہ بچشم دیکھے۔ چناں چہ موافق
فرمانے دوستوں کے ایک کتاب بھی بعبارتِ اردو قلم بند کی اور

سبب عنایاتِ بے غایات اور پرورشِ حالِ غریبانہ اوپر حال بندہ
کے، جناب کپتان صاحب عالی رتبت، والا مرتبت، فیاض زمان
کپتان ہالن صاحب بہادر نے بیچ مدرسہ دہلی میں چھپوائی۔ تحریر و
تقریر، ثنا وصفتِ صاحبان انگریزوں میں غیر ممکن۔ کہاں تک بیان
کرے جو کہ مرتبہ غربت اور مہربانی حال دوستوں اور جملہ مخلوقات
پر صاحبان انگریز بہادر رکھتے۔ آفرین، صد آفرین! حق و ناحق
خوب پہچانتے ہیں اور ہر وقت راہ نیک پر کمر بستہ رہتے ہیں۔
آفرین! ہزار آفرین! چناں چہ اس زمانۂ ناہنجار میں چندے سیر
ملک اودھ بھی دیکھنے میں آئی کہ بیان کرنا اس کا طبیعت نے چاہا
کہ دوستوں اور محبوں، حاضر اور غائب پر پوشیدہ نہ رہے۔ ۲۸

اسی اقتباس سے اس سفرنامے کا عنوان سیر ملک اودھ اخذ کیا گیا ہے۔ اس کے بعد ۱۵۶ اوراق پر مشتمل یہ خطی نسخہ تقریباً چار ماہ کے احوال کا مسلسل بیانیہ ہے جو مصنف نے اپنے فوجی رسالے کے ہمراہ، لکھنؤ اور اس کے گردونواح اور دیگر کئی علاقوں کے سفر میں گزارے۔ کتاب کا اختتام ان الفاظ پر ہوتا ہے:

۔۔۔ بعدہٗ بتاریخ چہاردہم ذی الحجہ ۱۲۶۳ ہجری، روز سہ شنبہ،
مطابق تئیسویں نومبر، سنہ عیسوی، وقت صباح کے، چناں چہ لاٹ
صاحب بہادر نو بجے روانہ سمت پچھّم از راہ کانپور ہوئے کہ دوسو
ضرب توپوں کی سلامی رخصتی کی ہوئی اور راجا غالب جنگ بہادر
اور ایک پٹالن ہمراہی ممتاز خان کپتان بنوری بہادر اور ایک کمپنی
ہمراہی کپتان بارلو صاحب بہادر اور دیگر متفرقات فوج کمپنی پٹالن
ہندوستانی وغیرہ ہمراہی لاٹ صاحب بہادر کے، واسطے بندوبست
اور رسد رسانی اپنے ملک کے پہر میں ہمراہ رکاب جناب لاٹ
صاحب بہادر کے ہوئے۔ اور اُسی طرح خیمہ و ڈیرہ جابجا مقام

بمقام ایستاد کیے گئے کہ تکلیف کدام امر کی واقع نہ ہو۔ فقط
تمام۔ ۲۹

اگر اس اقتباس کے اختتام پر، ''فقط تمام'' کے الفاظ درج نہ ہوتے تو گمان ہوتا کہ مسودہ ناقص الآخر ہے، یا نامکمل چھوڑ دیا گیا ہے۔ تاریخ یوسفی کے آخر میں درج ترقیمے کا اختتام بھی ''فقط'' پر ہوتا ہے۔ اس سفرنامے کے مندرجات سے معلوم ہوتا ہے کہ یورپ سے واپس آنے کے بعد کمبل پوش نے اپنی فوجی نوکری کے دوران ہندوستان کے طول وعرض کی خاک چھانی۔ پہلے تو وہ سات برس تک اپنے مربی کپتان میگنس کے ہمراہ سیلون، سلطان پور اور بیسواڑہ کے علاقوں میں گھومتے رہے۔ پھر لکھنؤ پہنچے اور کچھ عرصہ یہاں قیام کیا۔ اس کے بعد، واجد علی شاہ (۱۸۲۲ء۔ ۱۸۸۷ء) کے دورِ حکومت میں، فوجی احکامات کے مطابق، ۱۶ شعبان ۱۲۶۳ ہجری (۳۰ جولائی ۱۸۴۷ء) کو لکھنؤ کے نواحی علاقوں کے سفر پر روانہ ہوئے۔ اسی سفر کے دوران اپنے تجربات ومشاہدات کو انھوں نے ایک سفرنامے یا رپورتاژ کی صورت میں بیان کیا ہے۔ یہ سفرنامہ ۱۴ ذوالحج ۱۲۶۳ ہجری (۲۳ نومبر ۱۸۴۷ء) تک کے واقعات کے بیان پر مشتمل ہے۔ اس دوران انھوں نے علاقہ بانگڑ، منڈیاون، بنی گنج، میاں گنج، حسن گنج، موہان، فتح گنج، کٹڑا اور کانپور کے علاقوں کی سیر کی۔ انھیں ڈاکوؤں کی سرکوبی کے لیے سلطان پور بھی بھیجا گیا۔ مگر جو شان وشوکت اور خوبی انھیں کانپور میں دیکھنے کو ملتی ہے، اس کا شائبہ بھی دیگر علاقوں، حتیٰ کہ لکھنؤ میں بھی، نظر نہیں آتا۔ کانپور کی عظمت اور شان وشوکت سے مرعوب ہونے کی وجہ صاف ظاہر ہے کہ وہاں انگریزوں کی عمل داری قائم تھی، جب کہ ریاست اودھ میں اس وقت آخری تاجدار واجد علی شاہ کی حکومت تھی۔ واجد علی شاہ ۱۳ فروری ۱۸۴۷ء کو تخت نشیں ہوئے تھے اور ۱۱ فروری ۱۸۵۶ء کو انگریزوں کے ہاتھوں معزول ہوئے۔

کانپور کے علاقے پر انگریزوں نے اس سے بہت پہلے قبضہ جما لیا تھا۔ ایسٹ انڈیا کمپنی نے ۱۷۷۰ء میں کانپور میں، جو اس وقت اودھ کی عمل داری میں تھا، پہلی بار اپنی فوجی چھاؤنی قائم کی تھی۔ بظاہر اس چھاؤنی کا مقصد سلطنت اودھ کو مرہٹوں اور روہیلوں کے حملوں کے خلاف تحفظ فراہم کرنا تھا اور اس مقصد کے لیے کمپنی اپنی فوجی چھاؤنی کے کل اخراجات اودھ کے نواب شجاع الدولہ (ح۔ ۱۷۵۳ء۔ ۱۷۷۵ء) سے وصول کرتی تھی، لیکن درحقیقت اس طرح ایسٹ انڈیا کمپنی کو شمالی

ہندوستان میں قدم جمانے اور عسکری قوت جمع کرنے کا قانونی جواز حاصل ہو گیا تھا۔ اگلے تین سالوں کے دوران کانپور کی یہ چھاؤنی، کمپنی پریزیڈینسی یعنی کلکتہ، بمبئی اور مدراس سے باہر، کمپنی کا سب سے بڑا فوجی مرکز بن چکی تھی۔ یہاں تک کہ ۱۸۰۱ء میں نواب شجاع الدولہ کے صاحب زادے اور اودھ کے نئے حکمران نواب سعادت علی خان (ح۔ ۱۷۹۸ء۔۱۸۱۴ء) کو مجبور کیا گیا کہ وہ کانپور اور اس سے ملحق سلطنت اودھ کے چند دیگر علاقوں سے کمپنی کے حق میں دست بردار ہو جائیں۔ چنانچہ کانپور میں انگلستان سے آنے والے مختلف لوگوں کی ضروریات اور سہولیات کو مدنظر رکھتے ہوئے ایک جدید شہر بسایا گیا جو سلطنت اودھ کے دارالحکومت لکھنؤ سے صرف ۶۰ میل کے فاصلے پر تھا اور جہاں یورپی باشندوں کی سہولت کے لیے ہر طرح کی شہری ترقی کا سامان موجود تھا۔۳۰ یوسف خان کمبل پوش کو یورپ سے آئے دس برس ہونے کو تھے مگر اس جنت گم گشتہ کے نشان اگر انھیں، ریاست اودھ کے گردونواح میں کہیں نظر آ سکتے تھے تو وہ مقام کانپور ہی تھا۔ یہی وجہ ہے کہ کانپور کے بیان میں ان کے اشہبِ قلم کی جولانیاں دیکھنے سے تعلق رکھتی ہیں۔

یہ سفرنامہ اپنے عہد کے لکھنؤ کی دلچسپ تصویر پیش کرتا ہے جو ایک طرف تو شاہی عہدے داروں کے تزک و احتشام اور شان و شوکت کے شاندار مرقعوں سے مزین ہے اور دوسری طرف عوام الناس کی بدحالی، بے بسی اور بے چارگی کی ٹوٹ پھوٹ اور کسک کی عکاس ہے۔ مبالغے کی صنعت اس دور کا خاصہ تھی۔ چناں چہ اس سفر نامے میں بھی کوئی بات تفضیل کے صیغوں کے بغیر بیان نہیں ہوتی۔ اودھ کی ریاست میں سلطانی افواج کی درندگی اور بہیمیت کے جو قصے بیان کیے گئے ہیں، انھیں پڑھ کر لگتا ہے کہ ہم جس لکھنوی تہذیب کا غلغلہ سنتے رہے ہیں، وہ دربار اور اس کے گردونواح تک ہی محدود تھی۔ دیہات اور قصبات میں عوام کس مپرسی کی زندگی گزار رہے تھے۔ قانون اور انتظام نام کی کوئی چیز اس گردوپیش میں نظر نہیں آتی۔ مکمل بے انتظامی، لوٹ کھسوٹ، انتشار اور پراگندگی، ظلم و ستم رانی اور لاقانونیت کی حد۔ کبھی کبھی ایسا لگتا ہے کہ اودھ کی نہیں، آج کے دور کے پاکستان کی بات ہو رہی ہے یا پھر یہ کہ ہم ابھی تک اودھ کے اسی عہد زوال میں جی رہے ہیں جہاں کسی مزدور سے رقم نکلوانے کے لیے سپاہی اس کی معصوم بیٹیوں کو شدید سردی میں تقریباً برہنہ قید رکھتے ہیں۔ لڑکیاں چاہنے والوں کے ساتھ مل کر ماؤں کو قتل کر دیتی ہیں۔ بے شمار مفت خور لوگ، جو نوکری چاکری تو نہیں

کرتے البتہ اس توقع پر کمر بستہ رہتے ہیں کہ کبھی جنگ ہو اور توپ چلے تو خوب لوٹیں۔ لڑائی یا جنگ ہی پر کیا منحصر ہے، ''بے لڑائی بھی، کسی کے کان کی بالی، کسی کے ناک کی نتھ، کسی کی بانہہ کا کڑا، موقع پایا اور مار لیا۔ اور اگر بے مرد کا گھر دیکھا، ان کی بہو بیٹی کے ساتھ حرام کیا۔ وہ بے چاری دہائی اور واویلا کر رہی ہیں، کوئی نہیں، جو سنتا ہے''۔۳۱

کیا اس زمانے میں ریاست اودھ کا انتظام واقعی ایسا ہی تھا جیسا کمبل پوش نے بیان کیا ہے یا اسے کمبل پوش کے مخصوص نجی و شخصی تجربات و تحفظات اور حالات و ترجیحات کے تناظر میں دیکھنا ضروری ہے۔ انیسویں صدی کے وسط کے لکھنؤ کی تاریخ پر نظر رکھنے والے اہلِ تحقیق کے لیے اس سفرنامے میں کئی امکانات موجود ہیں۔ دراصل یہ وہ زمانہ ہے جب انگریز بہادر، کمبل پوش جن کے حسن انتظام کے گن گاتے نہیں تھکتے، اودھ کی زرخیز اور خوش حال ریاست ہتھیانے کے منصوبوں کو آخری شکل دے رہے تھے۔ مغربی سیاست کا قدیمی، کارآزمودہ اور ابھی تک مؤثر ہتھیار پروپیگنڈا ہے۔ خاص طور پر انگریز قوم طویل المدت منصوبہ بندی کی عادی اور ماہر ہے اور یہی اس کی کامیابی کا راز ہے۔

ڈبلیو۔ ایچ۔ سلیمن (W.H. Sleeman) کی دو جلدوں پر مشتمل کتاب ''*A Journey Through the Kingdome of Oude*'' کم و بیش اسی دور میں ریاست اودھ کے احوال پر مبنی بیانیہ ہے۔ یہ سفر ۵۰۔۱۸۴۹ء کے دوران کیا گیا تھا اور اس کا مقصد یہ تھا کہ ریاست میں بدانتظامی اور بدعنوانی کے ایسے شواہد مہیا کیے جائیں جن کی مدد سے اودھ پر کمپنی کے تسلط کو جائز، عوام دوست اور منصفانہ ظاہر کیا جا سکے۔ اگرچہ سلیمن اودھ کی ریاست پر قبضہ جما لینے کو سیاسی مصالح کے خلاف سمجھتے تھے اور انھوں نے اس عمل کی حتی الوسع مخالفت بھی کی تھی لیکن ان کی یہ کتاب بلاشبہ اودھ پر ایسٹ انڈیا کمپنی کے ناجائز تسلط کا ایک وسیلہ بن گئی تھی۳۲۔

اسی قسم کی ایک اور کتاب ایک گم نام مصنف کے حوالے سے ولیم نائٹن (William Knighton) نے بھی مرتب کی تھی جس کا عنوان تھا: *The Private Life of an Eastern King Together with Elihu Jan's Story or the Private Life of an Eastern Queen*۔ یہ کتاب کمبل پوش کے ممدوح نصیر الدین حیدر (ح۔

۱۸۲۷ء۔ ۱۸۳۷ء) اور اس کے محل کے حالات پر مبنی ہونے کی دعوے دار ہے۔ کتاب کا مصنف اپنا نام اور شناخت ظاہر نہیں کرتا اور خود کو محل کا ایک عہدے دار ظاہر کرتے ہوئے، عوام کے مفاد میں ریاست کے حکمران کی کردار کشی کرتا ہے۔ ولیم نائٹن جیسا تجربہ کار انسان اس گم نام کتاب کو شائع کرنے کی جرأت رندانہ کا مرتکب ہوتا ہے اور یوں خود اپنے ہم وطنوں اور اعلیٰ طبقے کے ہندوستانیوں کو جو انگریزی پڑھنا لکھنا جانتے ہیں، ریاست کے حکمرانوں سے بددل و بدگمان کرنے کی کوشش کرتا ہے۔ اس کتاب کے مشمولات کی بنا پر یہ ثابت کیا گیا کہ ریاست اودھ پر کمپنی کا قبضہ ریاست کے عوام کے بہترین مفاد میں ہے نیز یہ کہ انھیں غیر اخلاقی، بدکردار حکمرانوں کے چنگل سے آزاد کرانا کتنا ضروری اور اعلیٰ کام ہے ۳۳۔

دوسری طرف جب اودھ پر قبضہ مکمل ہو چکا اور واجد علی شاہ معزول کر کے کلکتہ بھیج دیے گئے تو انھوں نے اپنا ایک اعلیٰ سطحی وفد، اپنی والدہ، بیٹے، ولی عہد اور بھائی کی قیادت میں ملکۂ وکٹوریہ (ح۔ ۱۸۳۷ء۔ ۱۹۰۱ء) کے حضور روانہ کیا۔ اس وفد میں واجد علی شاہ کی جانب سے مولوی مسیح الدین (م۔ ۱۸۸۱ء) کو مختار مقرر کیا گیا تھا جنھوں نے بادشاہ کا مقدمہ بڑی بے خوفی سے لڑا۔ جب وہ عوام اور پارلیمان کے اراکین کی حمایت حاصل کرنے میں کامیاب ہو گئے تو ایک طرف تو ہندوستان میں ۱۸۵۷ء کی جنگ چھڑ گئی اور ہندوستانیوں کے انگریز عورتوں اور بچوں پر ڈھائے گئے مظالم کی کہانیاں گردش کرنے لگیں ۳۴ اور دوسری طرف انھی مذکورہ شواہد کی بنا پر واجد علی شاہ کی حکومت کی بدعنوانیوں پر مشتمل ایک بلیو بک (Blue Book) چھاپ کر تقسیم کر دی گئی۔ مولوی مسیح الدین نے اس بلیو بک کے جواب میں ایک کتاب انگریزی میں لکھی اور لندن سے طبع کروائی مگر انگریز سرکار نے اس کتاب کے تمام نسخے جلوا ڈالے ۳۵۔ کیوں نہ جلواتے، آخر پروپیگنڈے کا ہتھیار استعمال کرنے کی اجازت دشمنوں کو تو نہیں دی جا سکتی۔ انگریزوں سے بڑھ کر کسے معلوم ہو سکتا ہے کہ یہ ہتھیار کتنا کارآمد رہا ہے۔

یہ سب باتیں اپنی جگہ سچ اور درست ہیں لیکن سیاسی حقائق سے ہٹ کر دیکھیں تو معاشرتی اور سماجی سطح پر تصویر کا دوسرا رخ بھی قابل توجہ نظر آتا ہے۔ نوآبادیاتی عہد جہاں سیاسی اور معاشی استحصال اور ظلم و جبر کی مثال ہے، وہاں معاشرتی سطح پر اپنے اندر کئی مثبت اور تعمیری مضمرات

کا حامل بھی رہا ہے۔ بدقسمتی سے نوآبادیاتی ادوار کے مطالعے میں یک رخی اور انتہا پسندی کا روّیہ غالب رہا ہے۔ کچھ محققین، اپنی ذہنی اپج یا مخصوص نظریات کے تحت نوآبادیاتی نظام کی خامیوں اور ان کے بھیانک نتائج پر نظر رکھتے ہیں اور ظاہر ہے کہ تاریخ کے صفحات میں ان کے لیے کافی مصالحہ موجود ہے۔ اورینٹل ازم یا شرق شناسی کی تحریک کے ردِعمل میں جو کچھ لکھا گیا ہے، وہ عموماً اسی ذیل میں آتا ہے۔ دوسری طرف کچھ حضرات جرأت کر کے مغرب کی خوبیوں اور احسانات کے گیت گاتے ہیں لیکن منفی پہلوؤں کو سرے سے نظر انداز کرتے ہیں۔

حقیقت یہ ہے کہ استعماری نظام نے صرف ہندوستان ہی نہیں، اپنی تمام نوآبادیات میں غلبہ و تسلط حاصل کرنے کے لیے ہر قسم کے ہتھکنڈے استعمال کیے۔ یہ بھی سچ ہے کہ ان کا اصل مقصد نوآبادیات پر اپنے قبضے کو طوالت بخشنا اور مفتوحہ علاقوں کا زیادہ سے زیادہ استحصال کرنا تھا۔ اگر انھوں نے یہاں کی خوش حالی کے لیے منصوبے بنائے، یہاں کے پس ماندہ اور ویران علاقوں کی تعمیر و ترقی کے لیے قربانیاں دیں، یہاں کی زبانوں اور ادبیات کو فروغ دینے کی کوشش کی اور یہاں معاشرتی اداروں کو منظّم کیا، تو اس کا مقصد حصولِ ثواب نہ تھا۔ یہ تمام اقدامات ان کے اپنے مفادات کے تابع تھے۔ ان میں سے بیشتر اقدامات تو غلام سلطنتوں کے لیے زہر قاتل ثابت ہوئے لیکن کچھ اقدامات ایسے بھی تھے جنھوں نے نوآبادیاتی سلطنتوں پر نئے امکانات کے در وا کر دیے۔

صرف ہندوستان ہی کو پیشِ نظر رکھیں تو ایک نئی اور مؤثر زندگی کے کتنے ہی وسیلے اسی استعمار کے عطا کردہ ہیں۔ معاشرتی نظم و ترتیب کا کام، مغل سلطنت میں بھی عمدگی سے ہوتا تھا لیکن اس کا طرز قدیم اور اسی مناسبت سے سست روی کا شکار تھا۔ مغربی اقوام نے سائنس اور ٹیکنالوجی کی ترقی کے نتیجے میں ایک تیز رفتار اور مؤثر و منظّم طرزِ حیات اپنا لیا تھا اور یہی ان کی سیاسی و عسکری برتری کا باعث بنا تھا۔ اسی نظام کو انھوں نے اپنے نوآبادیات میں نافذ کرنے کی کوشش کی۔ اسی کے نتیجے میں سیاسی و عسکری تسلط تو، ان کے حسبِ منشا، خود انھی کے پاس رہا لیکن معاشرتی تنظیم کا سلیقہ حسبِ استطاعت، مغلوب قوموں نے بھی سیکھ لیا۔ سڑکیں اور شاہراہیں، سرائیں اور مہمان خانے تو ہر دور میں حکمران بنواتے رہے لیکن بھاپ کا انجن، ریلوے، نہروں کے جال، بے آباد زمینوں کی منظّم

آبادکاری، تار برقی اور ایسے کتنے ہی دوسرے نظام انھی غاصبوں کے عطا کردہ ہیں۔

یہ سب نظام مغربی تہذیب کے محض خارجی مظاہر ہیں۔ ان سب سے بڑھ کر قوت اور طاقت عطا کرنے والا ہنر یہ تھا کہ کوئی قوم اپنی افرادی قوت کو کس طرح مستعد، ہشیار، قابل اور منظّم بناتی ہے۔ افراد کی تربیت میں اخلاقی پہلو بھی شامل تھے اور انتظامی امور کی مؤثر انجام دہی کا تصور بھی، جو کسی فرد کی شخصیت کا جوہر سمجھا جاتا تھا۔ ہوسکتا ہے کہ ان کے نظام اخلاق کے کچھ پہلو ایسے بھی ہوں جو ایک مذہبی معاشرے کے تصور اخلاق سے میل نہ کھاتے ہوں، لیکن مغرب نے افراد کے شخصی امکانات، ان کی خلقی استعدادِ کار اور ان کی نفسیاتی ضروریات کا ادراک کر کے انھیں اجتماعی و قومی مقاصد کے لیے استعمال کرنے کا ڈھنگ سیکھ لیا تھا۔ طویل المدت منصوبہ بندی، وقت کی پابندی، پیشہ ورانہ دیانت داری اور خلوص، محنت، فیصلہ سازی کے عمل میں ذاتی پسند ناپسند پر قواعد وضوابط کی فوقیت، فرائض منصبی کی اہمیت، یہ وہ چند خصائص ہیں جن کی تربیت دے کر اور انھیں ایک نظام کی صورت میں نافذ کر کے مغرب نے اپنی افرادی قوت کو اپنا بہترین ہتھیار بنالیا تھا اور یہی وہ خصائص تھے جن سے کم از کم انیسویں صدی تک ہندوستانی عوام کی اکثریت بے بہرہ ہوچکی تھی۔ بلکہ سچ تو یہ ہے کہ عوام تو اس دور میں کسی طور قابلِ غور ہی نہ تھے۔ ہر بات، ہر منصوبہ، ہر نظام خواص مرکز اور خواص پسند تھا اور خواص خود کو کسی بھی نظام کی پابندیوں میں جکڑنے کو تیار نہیں تھے۔

نوآبادیاتی عہد میں مغرب نے مغلوب قوموں کو اپنے مقاصد کے لیے استعمال کرنے کے لیے انھیں بھی سزا اور جزا کے مؤثر نظام کے ذریعے، اسی طریقہ کار کے مطابق تربیت دی۔ (یہی وجہ ہے کہ آج بھی مغرب کے تربیت یافتہ افراد ہر شعبے میں فائق وممتاز سمجھے جاتے ہیں)۔ اس عمل کے نتیجے میں، یوسف کمبل پوش جیسے چند ایک ہندوستانیوں کو مغربی نظامِ معاشرت کی خوبیوں کو قریب سے دیکھنے اور سمجھنے کا موقع ملا اور وہ اس نظام کی چکاچوند سے اس قدر متاثر ہوگئے کہ اس کی کمزوریوں کی طرف نگاہ نہ کرسکے۔

آج کے اس مابعد نوآبادیاتی دور میں اس بارے میں غور وفکر کرنا ایک مختلف نوعیت کی سرگرمی ہے لیکن انیسویں صدی کے وسط میں ہندوستانی عوام، مغربی اقوام کے بارے میں کیا سوچتے تھے، ان کے طرزِ حیات اور بودوباش کے بارے میں کیا نقطۂ نظر رکھتے تھے، ہندوستان اور مغربی

معاشرے کے درمیان تقابل کی نوعیت کیا تھی، ان تمام سوالوں کے جواب حاصل کرنے کے لیے کمبل پوش کے اس سفرنامے کا مطالعہ بہت اہمیت رکھتا ہے۔ کمبل پوش کی اہمیت کا ایک پہلو تو یہ ہے کہ وہ اٹھارویں صدی سے انیسویں صدی کے نصف اول تک کے عرصے میں یورپ جانے والے دیگر ہندوستانیوں (جن میں زیادہ تر مسلمان شامل تھے) کی نسبت ایک مختلف معاشرتی پس منظر کا حامل تھا۔ وہ نہ تو انیسویں صدی کے پہلے دوسالوں میں یورپ جانے والے ابوطالب اصفہانی کی طرح کسی ریاست کا نواب یا جاگیردار تھا، نہ مرزا اعتصام الدین یا منشی اسماعیل کی طرح کسی انگریز کا منشی جو اسے ہندوستانی زبانیں سکھانے پر مامور ہو اور نہ نواب عبدالکریم کی طرح کسی سفارتی وفد کا رکن، جو انگریزوں سے اپنے مفادات کے تحفظ، اقتدار کی بھیک یا دشمنوں کی ذلت کا مطالبہ یا منصوبہ منظور کرانے انگلستان پہنچا ہو۔ وہ تو ایک رندمشرب، آزادہ رو، فقیر صفت، بے باک اور متجسس طبیعت کا مالک شخص تھا۔ حیدرآباد اس کا وطن خاص تھا، جہاں سے وہ پھرتا پھراتا لکھنؤ پہنچا اور اس دور کے دستور کے مطابق ایک انگریز فوجی افسر کی وساطت سے، جو محض ایک کپتان تھا، اودھ کی شاہی فوج کے رسالۂ سلیمانیہ میں پہلے جمعدار کے طور پر بھرتی ہوا اور پھر جلد ہی ترقی پاکر صوبے دار ہوگیا۔ اس کے بعد وہ فوجی نوکری سے دوسال کی رخصت منظور کروا کے، یورپ کی سیر کو نکل کھڑا ہوا۔ اس سفر کے مقاصد اس نے خود اپنی زبانی صرف اتنے ہی بیان کیے ہیں:

> ناگہاں شوقِ تحصیلِ علم انگریزی کا دامن گیر ہوا۔ بہت محنت کر کے تھوڑے دنوں میں اسے حاصل کیا۔ بعد اوس کے بیشتر کتابوں تواریخ کی سیر کرتا، دیکھنے حال شہروں اور راہ ورسمِ ملکوں سے محظوظ ہوتا، اک بارگی سنہ اٹھارہ سو چھتیس عیسوی میں دل میرا طلب گار سیاحی جہان، خصوص ملک انگلستان کا ہوا۔ شاہ سلیمان جاہ سے اظہار کر کے رخصت دو برس کی مانگی۔ شاہ گردوں بارگاہ نے بصد عنایت واکرام اجازت دی۔ عاجز تسلیمات بجالایا اور راہی منزل مقصود کا ہوا۔ ۳۶

اس بیان سے تو صرف یہ ظاہر ہوتا ہے کہ تاریخ کی کتابیں پڑھنے اور انگریزی زبان سیکھنے کے بعد، من

کی موج میں بہتا بہتا کمبل پوش انگلستان جا نکلا۔ کوئی انگریز مسافر رفیقِ سفر کے طور پر اس کے ساتھ نہ تھا۔ انگلستان میں بھی اس کی سرگرمیاں سیاسی یا معاشی نوعیت کی نہ تھیں اور اس بیان پر یقین نہ کرنے کی بظاہر کوئی وجہ نظر نہیں آتی کہ وہ پہلا سیاح تھا جو محض ذوقِ سفر کی تسکین کے لیے انگلستان روانہ ہوا۔ ۱۷۹۹ء میں یورپ جانے والے ابوطالب اصفہانی بھی بظاہر کسی خاص مقصد کے بغیر اس سفر پر روانہ ہوئے تھے لیکن ان کا تعلق طبقۂ اشرافیہ سے تھا اور ان کی دلچسپیوں اور سرگرمیوں کی نوعیت مختلف تھی۔ کمبل پوش تو عوام الناس میں سے ایک تھا۔ اس کے پاس نہ تو خاندانی شجرۂ نسب کی سیڑھی تھی، نہ علمی و ادبی میدان میں شہرت و مقبولیت کی سند۔

انگلستان کی معاشی و معاشرتی ترقی اس کے لیے ایک طلسم کدے سے کم نہ تھی۔ وہ ولایت کی ہر بات سے متاثر ہوا۔ وہاں کے باشندوں کے عمومی اخلاق، مرد و زن کی مساوات اور عورتوں کی معاشی ترقی میں شرکت، روزمرہ امور میں تنظیم و ترتیب، سڑکوں کے کنارے جلتے ہوئے لیمپ، پیدل چلنے والے راہ گیروں کے لیے فٹ پاتھ، باغوں اور روشوں کی تازگی، فوارے اور مجسمے، مکانوں کی تعمیر میں یکسانی اور ترتیب و تنظیم کا اہتمام، گلی کوچوں کی صفائی ستھرائی، تزئین و آرائش، یتیم اور لاوارث بچوں کے لیے قائم ادارے، حتیٰ کہ گم راہ ہو کر بے گھر ہو جانے والی خواتین کے لیے بھی ٹھکانے کا بندوبست، مومی مجسموں کا عجائب گھر، ناچ گھر، سینما، تفریح کے مواقع، یہ سب کچھ کمبل پوش کو مبہوت و متاثر کرتا ہے اور وہ قدم قدم پر یورپ کے معیارِ زندگی کا مقابلہ ہندوستان سے کرتا ہے۔ یہ تقابل اسے کڑھنے اور اپنے ہم وطنوں کی جہالت، پس ماندگی اور فکری افلاس کے ماتم کے سوا کچھ نہیں دیتا۔ ایک دلچسپ بات یہ ہے کہ جن دنوں کمبل پوش نے انگلستان کا سفر کیا، کم و بیش انھی دنوں میں ایک فرانسیسی مفکر اور سیاست دان Alexis de Tocqueville (۱۸۰۵۔۱۸۵۹ء) بھی انگلستان پہنچا اور اپنے سفر کے تاثرات بیان کیے۔ مگر اسے انیسویں صدی کے نصف اول کے انگلستان میں انقلاب کی آہٹ سنائی دی اور اس نے طبقاتی امتیازات کو شدت سے محسوس کیا۔ انگلستان کے بارے میں اس کے مشاہدات و تجربات کمبل پوش کے مشاہدات سے بالکل مختلف اور برعکس تھے ۳۷۔ اس تقابلی مطالعے سے انیسویں صدی کے ہندوستان کی عمومی ذہنی سطح کو سمجھنے میں مدد مل سکتی ہے اور ایشیائی اور یورپی ذہن کے درمیان فرق کی نوعیت محسوس کی جا سکتی ہے۔

کمبل پوش کے مشاہداتِ یورپ کے حوالے سے ایک اور اہم سوال پیدا ہوتا ہے۔ کمبل پوش کا تعلق حیدرآباد سے تھا۔ حیدر آباد ایک خوش حال مسلمان ریاست (۱۷۲۴۔ ۱۹۴۸) کا دارالحکومت تھا ۔ ۱۷۹۸ء میں یہ ریاست ایسٹ انڈیا کمپنی سے ایک معاہدے کے نتیجے میں Princely State قرار پا گئی تھی۔ حیدرآباد تہذیبی اور ثقافتی سرگرمیوں کا ایک اہم مرکز رہا تھا۔ عوام امن و اطمینان اور سکون و آشتی کی زندگی بسر کرتے تھے۔ کمبل پوش نے اپنا بچپن اسی شہر میں گزارا ہے تو یقیناً وہ ایک خوش حال ہندوستانی معاشرے کے امکانات کا شاہد رہا ہوگا۔ پھر حیدرآباد سے نکل کر وہ مختلف علاقوں میں گھومتا رہا، جن میں عظیم آباد، ڈھاکہ، گورکھ پور، اکبرآباد اور شاہجہاں آباد جیسے آباد و پر رونق شہر شامل ہیں۔ دلی میں اس کے قیام اور سرگرمیوں کا ایک اشارہ معروف صوفی قلندر سید غوث علی شاہ کے ملفوظات پر مبنی تذکرۂ غوثیہ میں ملتا ہے جس کی تفصیل ڈاکٹر اکرام چغتائی صاحب نے تاریخِ یوسفیکے مقدمے میں بیان کی ہے ۳۸۔ اگر یہ مان لیا جائے کہ تذکرۂ غوثیہ میں مذکور کمبل پوش اور اردو کا پہلا سفرنامہ نگار یوسف خان کمبل پوش ایک ہی شخصیت ہے، تو معلوم ہوتا ہے کہ وہ دہلی میں کافی عرصہ قیام پذیر رہا۔ دہلی مغل حکومت کا پایۂ تخت ہی نہیں، مغلئ تہذیب و تمدن کا گہوارہ بھی تھا۔ مغلوں کی تعمیر کردہ عالی شان عمارتیں، باغات، محلات اور حویلیاں اس شہر اور اس کے گردونواح میں بکھری ہوئی تھیں لیکن اس کے باوجود کمبل پوش کو ہندوستان بھر میں کوئی ایسی شے نظر نہیں آتی جو انگلستان کی تمدنی زندگی کی برابری کر سکے۔ وہ یورپ کے معاشرے سے غیر معمولی طور پر متاثر ہوتا ہے۔

کیا کمبل پوش کا نقطۂ نظر یک طرفہ اور صریحاً جانب دارانہ تھا؟ کیا اس نے جان بوجھ کر خود اپنے وطن کی تضحیک اور غیروں کی تحسین کا التزام کیا؟ عصر حاضر کی صحافتی زبان میں کیا وہ کسی ''بیرونی ایجنڈے'' پر عمل پیرا تھا؟ کمبل پوش کے اغراض و مقاصد کے بارے میں خارجی شواہد تو ابھی تک دستیاب نہیں ہیں البتہ اس کی تحریر پڑھ کر مجموعی طور پر یہ تاثر قائم ہوتا ہے کہ وہ اپنے ہم قوموں کی ذہنی و فکری پستی پر فریاد کناں ہے۔ اسے دکھ ہے کہ مغربی اقوام نے اپنی ذہانت اور محنت سے زندگی کو جو معیار اور قدر عطا کر دی ہے، اس کے ابنائے وطن اس کے تصور سے بھی محروم ہیں۔ جگہ جگہ وہ مغرب کا موازنہ ہندوستان سے کرتا ہے اور ایسا کرتے ہوئے اس کے لب و لہجے میں یہ حسرت اور تمنا صاف جھلکتی دکھائی دیتی ہے کہ کاش اس کے اہلِ وطن بھی سیاست و معاشرت کے ان قرینوں سے واقف

ہوتے جنھوں نے مغرب کے اندازِ زیست کو رعنائی اور بلندی عطا کر دی ہے۔

پہلے سفرنامے میں نظر آنے والی ذہنی فضا کا دوسرا رُخ اس کے دوسرے سفرنامے میں دکھائی دیتا ہے۔ یہ دوسرا سفرنامہ بھی اسی ذہنی پس منظر میں لکھا گیا ہے۔ اب وہ سیرِ مغرب سے واپس آ چکا ہے اور اودھ اور اس کے گردونواح کی حالت اسے اور بھی عبرت آموز اور روح فرسا نظر آتی ہے۔ وہ جس طرف بھی نظر ڈالتا ہے، اسے بے انتظامی، لاقانونیت، بداخلاقی اور بدتہذیبی نظر آتی ہے۔ اس نے اپنے سفرنامے میں جن علاقوں کا احوال بیان کیا ہے وہ ریاستِ اودھ کے مرکزی شہر نہیں، بلکہ مضافاتی دیہات اور قصبے ہیں، جہاں جنگل کا قانون چلتا ہے۔ طاقت ہی وہاں جینے کا اصل اصول ہے۔ یہ نہیں کہ انفرادی سطح پر انسانیت، ہمدردی، اخلاق اور تہذیب و شائستگی کی مثالیں ناپید ہیں۔ ذاتی سطح پر تو شجاعت وحمیت بھی تھی اور غیرت و دین داری بھی، روشن خیالی و رواداری بھی تھی اور سخاوت و دریا دلی بھی۔ لیکن ان سب کا دارومدار فرد کی اپنی ترجیح پر تھا۔ کمبل پوش جس بات کا رونا روتا ہے، وہ ملکی، قومی یا حکومتی سطح پر ایسے نظام کی عدم موجودگی ہے جو ہر شخص کو عزت اور شائستگی سے جینے کا موقع ہی نہیں فراہم کرتا بلکہ اس کا پابند بھی کرتا ہے۔ ایک ایسا نظام جس کے تحت معاشرتی سطح پر انصاف اور مساوات محض حکمران کی ذاتی صوابدید پر منحصر نہ ہو بلکہ ایک مستقل نظام کی صورت میں جاری و ساری رہے۔ اور یہی وہ بنیادی کمزوری تھی جس نے ہندوستان کو مغربی استعمار کا تر نوالہ بنانے میں بنیادی کردار ادا کیا۔ مغلوں کے دورِ عروج میں معاشرتی نظام خواہ کچھ بھی رہا ہو لیکن کم از کم انیسویں صدی کے نصف اول تک تو صورت حال خاصی ابتر تھی۔ کمبل پوش نے اس صورت حال کی چشم دید گواہی دی ہے۔ وہ بار بار لوگوں کی بے عقلی اور بدنظمی پر، سپاہیوں کی ظالمانہ حرکتوں پر، ریاست کی بے انتظامی پر چڑتا ہے۔ اس کے اندر ایک انقلابی، ایک باغی کی روح پکارتی ہے۔ وہ جب سپاہ کی شان و شوکت اور کثرت کا حال بیان کرتا ہے تو ان محتاجوں اور فقیروں کو بھی یاد کرتا ہے جو نانِ شبینہ کے لیے ترس رہے تھے۔ کبھی کبھی تو موسم کے شدائد کا حال بھی اس انداز سے رقم کرتا ہے کہ عبرت کا سامان بن جاتا ہے۔

تاہم اس دوسرے سفرنامے کے حوالے سے ایک اور بات بھی قابلِ غور ہے۔ اس تحریر کے ابتدائی حصے میں تو مصنف کا مقصد صرف یہی معلوم ہوتا ہے کہ وہ اودھ کی ریاست کی بدانتظامی،

عہدے داروں کی لوٹ مار اور عوام کی بدحالی و کس مپرسی کا حال بیان کرے اور اس کے مقابلے میں انگریزی سرکار کے حسنِ انتظام اور تدبیر و منصوبہ بندی کی تعریف کرے۔ خاص طور پر سرکاری فوج کی دیدہ دلیری، لوٹ کھسوٹ اور ہتھیاروں کے زور اپنے ہی علاقے کے عوام کا استحصال کرنے پر وہ اسے کڑی تنقید کا نشانہ بناتا ہے لیکن تقریباً تیس چالیس صفحات رقم کرنے کے بعد وہ اس مقصد سے غافل نظر آتا ہے اور لکھنؤ کے شاہی دربار اور عہدے داروں کے جاہ حشم کے حال، شاہ اودھ، واجد علی شاہ کی شان و شوکت، لکھنؤ شہر کی تزئین و آرائش اور کھیل تماشوں کے بیان میں مگن ہو جاتا ہے۔ واجد علی شاہ اور اس سے پہلے کے تمام شاہانِ اودھ سے اس کی عقیدت ڈھکی چھپی نہیں رہتی۔ وہ کہیں بھی شاہانِ اودھ پر تنقید نہیں کرتا بلکہ نہایت نیازمندی اور محبت سے ان کا تذکرہ کرتا ہے۔

بہرحال یہ سفرنامہ ہندوستان کے طول و عرض میں جاری و ساری صورت حال کے ادراک اور اس کے کثیر الجہت پہلوؤں کے مطالعے کا بہترین اور بنیادی ماخذ ہے۔ خاص طور پر اودھ کی ریاست کے درباری ماحول سے دور، مفلس دیہاتیوں کی بیچارگی اور بے بسی کی تصویر دکھاتا ہے اور ریاستی عملداری کے غیر مؤثر ہونے کا ثبوت پیش کرتا ہے۔ اگرچہ اس بدانتظامی کی ایک وجہ یہ بھی بیان کی جاتی ہے کہ ایسٹ انڈیا کمپنی کے عہدے داروں نے سازشوں، ریشہ دوانیوں اور مکر و فریب کا ایسا جال بچھا رکھا تھا جس میں الجھ کر حکمران اپنی رعایا کی فلاح و بہبود سے بے خبر ہو گئے تھے۔ اس بات میں بھی صداقت ہو گی لیکن اس کے باوجود ہندوستانی حکمرانوں کو اس زوال کی ذمہ داری سے بری نہیں رکھا جا سکتا جن کی ترجیحات میں اولیت اپنے اقتدار کو قائم رکھنے اور اس کے لیے ہر حربہ استعمال کر گزرنے کی عادت کو حاصل تھی۔ عیش و عشرت اور ''انتظامی بداخلاقی'' اپنے عروج پر تھی۔ منصوبہ بندی کا فقدان، وقتی اور ہنگامی ضروریات کے تحت فیصلہ سازی کا عمل اور گہری بصیرت و حکمت کا فقدان بھی اس زوال کا اتنا ہی ذمہ دار ہے۔ ان حکمرانوں میں محض اودھ ہی نہیں، دیگر ریاستوں کے حکمران بھی، بلاتمیز مذہب و مسلک، برابر کے شریک رہے ہیں۔ اس سفرنامے کا مطالعہ یہ واضح کرتا ہے کہ ہندوستان کی غلامی کی ذمہ داری صرف نوآبادیاتی طاقتوں ہی پر ڈال دینا کافی نہیں۔ خود ان نوآبادیات کے عوام کو بھی اب اپنی کمزوریوں اور کوتاہیوں کا تجزیہ کرنا ہو گا اس لیے کہ ہندوستان اور پاکستان جیسے ممالک میں سماجی نظام کی حد تک معاملات بہتر ہونے کی بجائے رو بہ زوال

ہیں۔ ماضی کی صورت حال کو سمجھ کر حال اور آئندہ کی منصوبہ بندی میں مدد مل سکتی ہے۔

لسانی اعتبار سے بھی اس سفرنامے کا مطالعہ اردو زبان کے ارتقائی مراحل کو سمجھنے کے لیے بہت اہمیت رکھتا ہے۔ یہ وہ دور تھا جب اردو زبان کی معیار بندی کا کام بالکل ابتدائی مراحل پر تھا اور یہ کام بھی غالب قوم یعنی انگریزوں کے ہاتھوں ہی ہو رہا تھا۔ عوام علمی و ادبی زبان کے طور پر ابھی تک فارسی سے مانوس تھے۔ تاہم اردو کا چلن تیزی سے عام ہو رہا تھا۔ کمبل پوش نے اس سفرنامے میں جو زبان استعمال کی ہے وہ انیسویں صدی کے طرزِ املا و انشا کے مطابق ہے۔ اس املا کی نمایاں خصوصیات یہ ہیں:

الف۔ دو یا زیادہ الفاظ کو ملا کر لکھنا، جیسے: انسانکو (انسان کو)، فتحعلیخان (فتح علی خان)، فوجونکے (فوجوں کے)، اوسوقت (اوس وقت)۔

ب۔ یائے معروف و مجہول میں تمیز نہ ہونا، جیسے: ہونی لگی (ہونے لگے)، گئی (گئے)، کیی (کیے)، سرای (سرائے)۔

ج۔ ہائے مخلوط (دوچشمی ھ) کی جگہ ہائے کہنی دار کا استعمال، جیسے: گہورا (گھوڑا)، کوٹہی (کوٹھی)، مجہکو (مجھ کو)۔

د۔ املا کا قدیم انداز جو اب متروک ہو چکا ہے، جیسے تیار کو طیار، مع کو معہ، کوچ کو کوچ، فائر کو فر، گڑھی کو گڈہی، پہنچا کو پونچہا، چیلا کو چیلہ، بارود کو باروت، کھانے کو گھانے، ان کو، اس کو، اس نے کی بجائے اونکو، اوسکو، اوسنے وغیرہ۔ اسی طرح جملوں کے درمیان ''اور'' کے لیے ''و'' کا استعمال، لیکن کی بجائے لاکن، ہوا کو ہویا اور برائے کو بنا بر لکھنا عام تھا۔

ر۔ نحوی ساخت میں قواعد و ضوابط اور یکسانی سے انحراف، جس کے نتیجے میں پیچیدہ جملے نظر آتے ہیں مثلاً: ''بسبب آمد جناب لاٹ صاحب بہادر، طیاری سڑکوں کی لکھنؤ سے تا بہ کان پور معرفت راجا غالب جنگ بہادر کی کہ وہ خود مع خیمہ و قنات فروکش تھے، درستی ہو رہی تھی''۔

اسلوب کے اعتبار سے سفرنامہ کسی نمایاں مقام کا حامل نہیں۔ بیشتر مقامات پر تو تحریر کا انداز محض بیانیہ ہے لیکن کہیں کہیں خوش مزاجی اور شگفتگی لطف دیتی ہے۔ البتہ غالب انداز طنزیہ و استہزائیہ ہے۔ کہیں کہیں فلسفیانہ خیالات کا اظہار بھی ملتا ہے۔

خیال کیا میں نے کہ جو شخص ہے سو آفات دنیوی میں گرفتار، طمع دنیا کو چھوڑا نہیں جاتا ہے اور ہر روز زیادہ طلبی میں اوقات اپنی کو تلف کر رہا ہے۔ افسوس صد افسوس انسان اگر خیال کرے تو کچھ بھی نہیں، فقط معما معلوم ہوتا ہے۔ مثل خواب کے ہے کہ دیکھنے اپنے کو بادشاہ خواب میں اور ہے بہت محتاج۔ جس وقت آنکھ کھل گئی، دیکھا کچھ بھی نہیں۔ نہ تخت ہے نہ تاج شاہی، نہ ملک ہے، فقط اب تن تنہا، اور غلبہ بھوک کا ہے۔ لاچار اٹھ کر گیا اَور کے گھر، مانگ کے لایا، تب نوش کیا۔ اس وقت ہوش و حواس درست ہوئے۔ تب یقین آیا کہ خواب ہے۔ کچھ نہیں۔ یہی حال اس دار ناپائیدار کا ہے۔ ۳۹

اس سفرنامے کی زبان و بیان کا موازنہ تاریخِ یوسفی سے کیا جائے تو محسوس ہوتا ہے کہ یہ تحریر نظرِ ثانی کی محتاج ہے۔ پہلی کتاب کے مسودے کو چھپنے سے پہلے یقیناً خود مصنف نے اور شاید کسی اور نے بھی چھان پھٹک کر، خوب سنوارا ہوگا۔ لیکن ہوسکتا ہے کہ یہ دوسرا قلمی نسخہ مصنف نے خود لکھا ہو اور ابھی اس کی تراش خراش کا عمل باقی ہو۔ تحریر کہیں کہیں بے ربط ہو جاتی ہے۔ کئی مقامات پر الفاظ مکرر لکھے گئے ہیں، املا میں بھی یکسانی نہیں ہے۔ ایک بات یقینی ہے کہ اس مسودے کو صاف کر کے دوبارہ لکھا گیا ہے کیوں کہ ایک مقام پر ایک طویل اقتباس مکرر لکھا ہوا مل جاتا ہے۔ تاریخ یوسفی کی نسبت اس تحریر میں، چند ایک اقتباسات کے علاوہ، زبان کی چاشنی نہیں ملتی لہٰذا ادبی اعتبار سے اس نسخے میں خامۂ غالب کی سی معجز بیانی تلاش کرنا عبث ہے۔ یہ کسی شاعر یا ادیب کی تحریر نہیں، ایک من موجی فوجی افسر کا بیانیہ ہے۔ اس تحریر کا بنیادی مقصد لذت کلام نہیں، ترسیلِ معلومات اور اظہارِ خیالات ہے۔ مصنف اپنے قلب و نظر کی وارداتوں میں کسی کو شریک کرنا چاہتا ہے اور اس مقصد میں وہ پوری طرح کامیاب رہا ہے۔ اس سفرنامے کی ادبی اہمیت تو محض تاریخی ہی ہوگی، لیکن اس کی معاشرتی اور تاریخی اہمیت سے انکار نہیں کیا جا سکتا۔

اس مجلد خطی نسخے میں مصنف کی ایک رنگین روغنی تصویر بھی موجود ہے جس میں مصنف کے چہرے پر

گھنی سیاہ ڈاڑھی اور مونچھیں ہیں اور سر پر پگڑی ہے۔ یہ تصویر اس سے پہلے کسی اور کتاب میں شائع نہیں ہوئی۔ روزی لویلن جونز نے بھی اپنی کتاب میں کمبل پوش کی ایک تصویر کا ذکر کیا ہے۔ وہ لکھتی ہیں:[۴۰]

> He set out for Calcutta, 'seat of [British] Government', where he spent six months befor embarking on the *Isabella* on 30 March, 1837. During this period, he had a minitaure portrait, painted of himself, almost certainly by the artist and author Colesworthy Grant, which was later given to George Derusett. Grant subsequently included a drawing of Kamblaposh in his *Sketches of Oriental Heads* published in 1850, where he is described as 'Eusuph Khan Soobadar. A Pathan. native of Hyderabad Dekhum'.

تاہم وہ حاشیے میں یہ بھی درج کرتی ہیں کہ مذکورہ تصویر، جینٹ دیوان (Janet Dewan) کی ملکیت ہے جو یوسف خان کے چہرے پر مشتمل ہے۔ اس تصویر کی پشت پر یہ الفاظ درج ہیں:

C. Grant to Eusuph Khan, Calcutta, 23 November, 1836.

اس کے علاوہ تصویر کی پشت پر گرانٹ خاندان کے تین افراد کے دستخط درج ہیں جن میں سے ایک وہ صاحب بھی ہیں جنھوں نے کمبل پوش کی تجویز پر نصیر الدین حیدر کے دربار میں لائبریرین کے عہدے کے لیے درخواست دی تھی۔[۴۱]

ان تفاصیل سے معلوم ہوتا ہے کہ روزی جونز نے جس تصویر کا حوالہ دیا تھا، وہ کوئی اور ہے۔ اس خطی نسخے میں رکھی گئی یہ تصویر نسبتاً بعد کی معلوم ہوتی ہے جس میں مصنف کی عمر ۳۵ سے چالیس برس کے لگ بھگ دکھائی دیتی ہے اور اس نے قیمتی اور پرتکلف پوشاک پہن رکھی ہے۔ ڈاڑھی اور مونچھیں ویسی ہی ہیں جیسی تاریخ یوسفی کے سرورق پر دیے گئے خاکے میں دکھائی دیتی ہیں تاہم صاحبِ تصویر یا مصور کا نام درج نہیں ہے۔

یہ مکمل متن مع حواشی و تعلیقات جدید املا میں مرتب کیا گیا ہے او مصنف کی تصویر اور قلمی نسخے کے عکس کے ساتھ کتابی صورت میں کوآپرا پبلی کیشنز لاہور سے شائع ہو چکا ہے۔

حواشی

۱۔ رابرٹ کیتھ پر (تاریخ یوسفی، مرتبہ محمد اکرام چغتائی، نگل نوآبادیاتی عہد کی اہم شخصیتوں میں شمار ہوتے ہیں۔ انھوں نے ۱۸۲۰ میں بمبئی سول سروس میں شمولیت اختیار کی اور اعلیٰ عہدوں پر فائز رہے۔ ۱۸۴۷ء میں وہ سندھ میں سر چارلس نیپئر (Charles Napier۔۱۷۸۲۔۱۸۵۳ء) کے جانشین ہوئے اور ۱۸۵۴ میں ملازمت سے ریٹائر ہوئے۔ بک لینڈ (Buckland) *Dictionary of Indian Biography* (لندن: ۱۹۰۵ء)، ص ۳۴۳۔ یہ وہی پرنگل ہیں جن کا ذکر تاریخ یوسفی میں کئی مقام پر آیا ہے۔ تاہم تمام مطبوعہ متون میں انھیں ''پرنکل'' لکھا گیا ہے۔ پرنگل کمبل پوش کے محسنوں میں سے ایک تھے۔ کمبل پوش نے اپنے سفرنامۂ انگلستان میں یورپ سے واپسی کے سفر کے دوران قلعۂ جبرالٹر کے مقام پر پرنگل صاحب سے اپنی اچانک ملاقات کا ذکر ان الفاظ میں کیا ہے: ''ناگاہ پرنکل صاحب میرے دوست نظر آئے۔ ولایت سے ہندوستان آئے تھے۔۔۔۔ پرنکل صاحب سے اور مجھ سے فقط شناسائی تھی نہ رتبۂ اتحاد و فرط دوستی۔ پاسِ شناسائی سے انھوں نے مجھ کو چھڑایا۔ ہندوستان میں ایسی محبت اپنے ہم جنسوں سے کوئی نہیں کرتا۔ میں جب تک دم میں دم رکھتا ہوں، دم شکر گزاری ان کی کا بھرتا ہوں۔'' ص ۱۰۸) اس ملاقات کے بعد ان کا ذکر بار بار آتا رہا۔

۲۔ انیسویں صدی میں اس کتاب کے عجائباتِ فرنگ کے عنوان سے دو ایڈیشن شائع ہوئے (منشی نول کشور، ۱۸۷۳ء، ۱۸۹۸ء)۔ بیسویں صدی میں دو محققین، ڈاکٹر مظفر عباس (لاہور: مکتبۂ عالیہ، ۱۹۸۲ء) اور پروفیسر تحسین فراقی (لاہور: مکہ بکس، ۱۹۸۳ء) نے اس کے متن پر حواشی اور مقدمے لکھ کر اسے از سرِ نو مرتب کیا اور اس کا تحقیقی اور تنقیدی مطالعہ بھی کیا۔ اکیسویں صدی میں ڈاکٹر اکرام چغتائی نے اس کتاب کو تاریخ یوسفی (لاہور: سنگِ میک پبلی کیشنز، ۲۰۰۴ء) کے عنوان کے تحت از سرِ نو مرتب کیا اور اس کے اولین ایڈیشن (دہلی: ۱۸۴۷ء) کی عکسی نقل بھی شائع کی۔ بعد ازاں ہندوستان میں ڈاکٹر مظہر احمد نے مؤخر الذکر دونوں کتابوں کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے، اختلافِ نسخ کی وضاحت اور ایک طویل مقدمے سمیت، اس کتاب کا مکمل متن، تاریخِ یوسفی المعروف بہ عجائباتِ فرنگ کے عنوان سے دہلی سے شائع کیا (دہلی،

۲۰۱۲ء)۔

۳۔ محمد اکرام چغتائی، پیش لفظ، تاریخِ یوسفی (لاہور: سنگِ میک پبلی کیشنز، ۲۰۰۴ء)، ص ۱۱۔

۴۔ اس سفرنامے کا ذکر جن اہم انگریزی کتابوں میں ہوا ہے، ان میں سے چند ایک یہ ہیں:
مائیکل ایچ۔فشر (Michael H. Fisher)، *Counterflows to Colonialism: Britian 1600-1857 Indian Travellers and Settlers in* (دہلی: پرمنٹ بلیک (Permanent Black)، ۲۰۰۴)، گلفشاں خان، *Idian Muslims Perceptios of the West durig the Eighteenth Century* (کراچی: اوکسفرڈ یونی ورسٹی پریس، ۱۹۹۸ء)، لویلن جونز (Rosie Llewellyn-Jones, *Engaging Scoundrels: True Tales of Old Lucknow* (نئی دہلی: اوکسفرڈ یونی ورسٹی پریس، ۲۰۰۰)۔
معاصر تصانیف، جن میں اس کتاب کا تذکرہ آیا ہے، ان کا مفصل تذکرہ محمد اکرام چغتائی صاحب نے اپنے پیش لفظ میں کر دیا ہے۔ دیکھیے، چغتائی، ص ۱۳۔۲۵۔

۵۔ یوسف خان کمبل پوش، تاریخِ یوسفی، مرتبہ محمد اکرام چغتائی (لاہور: سنگِ میک پبلی کیشنز، ۲۰۰۴ء)، ص ۵۳۔

۶۔ سید محسن علی، سراپا سخن (لکھنؤ: نول کشور، ۱۸۷۵ء)، ص ۸۲۔

۷۔ تحسین فراقی، ص ۵۱۔

۸۔ مائیکل ایچ۔فشر، ص ۳۰۹۔

۹۔ روزی لویلن جونز (Rosie Llewellyn-Jones)، "Indian Visitors to England"، مشمولہ *Engaging Scoundrels: True Tales of Old Lucknow*، ص ۸۶۔ ۱۲۴۔

۱۰۔ ایضاً، ص ۹۹۔

۱۱۔ جوزف جوہانس کے بارے میں تفصیل کے لیے دیکھیے، متن کا حاشیہ نمبر ۲۸۔

۱۲۔ بحوالہ اندرونی سرورق، عجائباتِ فرنگ (لکھنؤ: نول کشور، ۱۸۷۳ء)۔

۱۳۔ روزی لویلن جونز نے پہلی طباعت کا عنوان ''سفر یوسف'' تحریر کیا ہے۔ یہ عنوان اس کی پہلی

اشاعت کے سرورق پر انگریزی عنوان کے تحت شائع ہوا تھا۔ محمد اکرام چغتائی صاحب کی تحقیق کے مطابق اس دور کے اخبارات و جرائد میں اس کتاب کا ذکر مختلف ناموں ہوتا رہا، جیسے سفرِ کمبل پوش یا سیرِ یوسفی وغیرہ۔ (پیش لفظ، تاریخِ یوسفی، ص ۱۱)۔

۱۴۔ روزی لویلن جونز (Rosie Llewellyn-Jones)، ص ۹۹۔

۱۵۔ گارسیں دتاسی، خطباتِ گارسیں دتاسی از ۱۸۵۰۔۱۸۶۹ء (دکن: انجمن ترقی اردو، اورنگ آباد، ۱۹۳۵ء)، ص ۳۱۸۔۳۱۹۔

۱۶۔ انڈین میل کا پیر، ۲۳ ستمبر، ۱۸۶۱ء کا یہ شمارہ برٹش لائبریری لندن میں موجود ہے اور اس کا متعلقہ اقتباس چغتائی صاحب نے بھی اپنے پیش لفظ میں نقل کر دیا ہے۔ دیکھیے، چغتائی، پیش لفظ، تاریخِ یوسفی، ص ۴۲۔۴۴۔

۱۷۔ ان کے معاصر تذکرہ نگاروں میں سے عبدالغفور نسّاخ اور سید محسن علی نے انھیں آتش کا شاگرد قرار دیا ہے لیکن راقم الحروف کو اسی لائبریری سے لکھنؤ کے شعرا کا ایک تذکرہ ملا ہے جو ۱۸۵۶ء اور ۱۸۸۷ء کے دوران میں لکھا گیا ہے اور اس میں کمبل پوش کا ذکر نہیں۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ اپنے عہد میں شاعر کے طور پر زیادہ معروف نہیں تھے۔ محسن نے اپنے تذکرے میں ان کے بارے میں یہ مجمل معلومات فراہم کی ہیں، ''یوسف خان ولد رحمت خان غوری۔ باشندۂ لکھنؤ۔ شاگرد خواجہ حیدر علی آتش۔'' (محسن، ص ۸۲) ناصر نے بھی صرف اتنا لکھا ہے، ''خوش تقریر، شیریں بیان، یوسف خان یوسف، شاگردِ آتش''، بحوالہ محمد انصار اللہ، مرتب جامع التذکرہ، جلد سوم (نئی دہلی: قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان، ۲۰۰۷ء)، ص ۹۳۱۔ لیکن یہاں اس سوال سے صرفِ نظر نہیں کیا جا سکتا کہ کیا یہ وہی یوسف خان ہیں جو کمبل پوش کے لقب سے معروف تھے، یا کوئی اور شخصیت ہیں۔

۱۸۔ تحسین فراقی، ص ۴۹۔

۱۹۔ محمد اکرام چغتائی، ص ۲۸۔

۲۰۔ ایشیاٹک جرنل اینڈ رجسٹر (دسمبر ۱۸۳۸ء)، ایشیاٹک انٹیلی جنس، ص ۲۶۸۔
(Gyananneshun, July 25. Asiatic Journal and register)
(December 1838), Asiatic Intelligence, 268

۲۱۔ کمبل پوش،تاریخ یوسفی، مرتبہ محمد اکرام چغتائی،ص۱۷۹۔

۲۲۔ ایضاً،ص۱۷۵۔

۲۳۔ تاریخ یوسفی میں کمبل پوش نے اسے کپتان منکنس لکھا ہے اور یہی املا ڈاکٹر محمد اکرام چغتائی نے بھی اختیار کیا ہے۔

۲۴۔ کمبل پوش،تاریخ یوسفی، ص۵۳۔

۲۵۔ مجلس ترقی ادب کے مرتبہ دیوان درد میں ''اوس'' کی بجائے ''جس'' ہے۔تفصیل کے لیے دیکھیے متن کا حاشیہ نمبر۳۔

۲۶۔ یہ الفاظ درست طور پر پڑھے نہیں جا سکے۔

۲۷۔ مخطوطہ،ص۱۲الف۔

۲۸۔ ایضاً۔

۲۹۔ ایضاً،ص۱۵۵بے۔

۳۰۔ روزی لویلن جونز،ص۸۶۔

۳۱۔ مخطوطہ،ص۱۱۸الف۔

۳۲۔ ڈبلیو۔ایچ۔سلیمن (W.H. Sleeman)، *''A Journey Through the Kingdome of Oude''* حصہ اول و دوم (نئی دہلی، چنائے: ایشین ایجوکیشن سروسز، ۲۰۰۶)۔

۳۳۔ ولیم نائٹن (William Knighton)، *The Private Life of an Eastern Queen or the Private Life of an King Together with Elihu Jan's Story* (لندن: ۱۸۵۵ء)۔

۳۴۔ تفصیل کے لیے دیکھیے، مسیح الدین علوی، سفیرِ اودھ (لکھنؤ: دارالناظر پریس، ۱۹۲۹ء) اور عبدالحلیم شرر، گذشتہ لکھنؤ، مرتب محمد اکرام چغتائی (لاہور: سنگِ میل پبلی کیشنز، ۲۰۰۶ء)۔

۳۵۔ مولوی محمد مسیح الدین خان بہادر، *Oudh: Its Princes and Its Government Vindicated* (لندن: جون ڈیوی اینڈ سنز، ۱۸۵۷ء)، اشاعت ثانی، صفی احمد، مرتب،

British Aggression in Awadh (میرٹھ: ۱۹۶۹ء)۔

۳۶۔ کمبل پوش،تاریخ یوسفی، ص۵۳۔

۳۷۔ تفصیل کے لیے دیکھیے:

http://www.civitas.org.uk/pdf/Tocqueville_rr2.pdf اور

http://www.jstor.org/discover/10.2307/1404731?uid=2&uid=4&sid=21102887092081۔

۳۸۔ محمد اکرام چغتائی،ص۲۱۔۲۸۔

۳۹۔ مخطوطہ،ص۳۷الف۔

۴۰۔ روزی لویلن جونز،ص۱۰۰۔

۴۱۔ ایضاً،ص۱۲۳۔

Aakhri din ki talaash aur Mohammad Alvi
Prof. Shahnaz Nabi
Iqbal Professor & Former Head, Department of Urdu, University of Calcutta, Kolkata.
Urdu Studies (Bilingual kitabi silsila 1) 2019

آخری دن کی تلاش اور محمد علوی

شھناز نبی
اقبال پروفیسر وسابق صدر، شعبۂ اردو
کلکتہ یونیورسٹی، کولکتہ

بیسویں صدی کی اردو نظم پہ کوئی بھی بات بغیر محمد علوی کے ذکر کے مکمل نہیں ہوسکتی۔ اور ان کے مجموعے 'آخری دن کی تلاش' کا ذکر اس لیے بھی ضروری ہو جاتا ہے کہ اس مجموعے میں بیسویں صدی میں جینے والے انسان کے پل پل مرنے کی داستان لکھی ہے۔ علوی کا یہ مجموعہ شب خون کتاب گھر سے 1968 میں شائع ہوا تھا۔ اس کتاب کو انہوں نے اپنے دو پیارے دوستوں یعنی وزیر آغا اور محمود ایاز کے نام معنون کیا تھا۔ مجموعے میں کل 54 نظمیں اور 19 غزلیں ہیں۔ ٹائٹل، کاپی رائٹ اور پیش لفظ کو جوڑ کر کتاب ضخامت کے اعتبار سے 104 صفحات پر محیط ہے۔

علوی کی نظمیں ساخت کے اعتبار سے بہت مختصر ہیں اور چند نظموں کو چھوڑ کر تقریباً ہر نظم ایک ہی صفحے میں سمٹ جاتی ہے۔ لیکن اس کا یہ مطلب نہیں ہے کہ نظم میں کوئی بلند خیال پیش نہیں کیا گیا ہے۔ ان کی کچھ نظموں کا کوئی عنوان ہی نہیں۔ تقریباً بارہ نظمیں ایسی نظر آئیں جو بغیر کسی عنوان کے ہیں۔ گویا شاعر اس نظم کو سمجھنے کی کوئی کلید قاری کو نہیں تھماتا بلکہ قاری کے فہم وفراست پہ چھوڑ دیتا ہے کہ وہ اس نظم سے کیا معنی اخذ کرسکتا ہے۔ اس نوع کی نظموں پہ گفتگو کرنے سے پہلے ان کی

اس نظم پہ کچھ کہنا چاہوں گی جو مجموعے کی پہلی نظم ہے اور وہی کتاب کا نام بھی ہے یعنی 'آخری دن کی تلاش'۔ اس نظم میں شاعر آخری دن یعنی قیامت سے متعلق اپنی بے صبری کا اظہار کرتے ہوئے کہتا ہے کہ اسے دنیا کی ساری چیزیں پرانی لگنے لگی ہیں اور اب اس کی تمنا ہے کہ یہ ساری چیزیں سمیٹ لی جائیں۔ وہ اپنی بات قرآن کریم کے حوالے سے شروع کرتا ہے اور کہتا ہے کہ

خدا نے قرآن میں کہا ہے/ کہ لوگو میں نے/تمہاری خاطر/فلک
بنایا/ فلک کو تاروں سے، چاند سورج سے جگمگایا/تمہاری خاطر
زمیں بنائی/زمیں کے سینے پہ/ندیوں کی لکیریں کھینچیں/سمندروں
کو/زمیں کی آغوش میں بٹھایا

اس طرح شاعر خدا کی زبانی نوعِ انساں کو اس کی بخشی ہوئی نعمتوں کا حساب سناتا جاتا ہے اور پھر خدا کی زبانی یہ کہلواتا ہے کہ ایک دن وہ یہ ساری چیزیں سمیٹ لے گا۔ یہاں نظم شاعر پہ آکر رکتی ہے جہاں شاعر اپنی بے زاری کا اظہار کرتے ہوئے کہتا ہے کہ وہ اس دنیا سے اور اس کی فرسودہ ہوتی ہوئی چیزوں سے اکتا چکا ہے۔ وہ دن کب آئے گا جب خدا یہ ساری چیزیں سمیٹ لے گا۔ گویا مجموعے کی شروعات ایک ایسی نظم سے ہوتی ہے جس میں شاعر اپنے مذہبی عقیدے کے حوالے سے بات کرتا ہے اور ختم بھی اسی حوالے پہ کرتا ہے تاہم اس میں اس کی بے چینی، اس کا کرب، اس کے تجربے کی کڑواہٹ شامل ہو جاتی ہے اور قرآن پہ ایمان رکھتے ہوئے بھی وہ سوال کرنے پہ مجبور ہو جاتا ہے کہ آخر وہ دن کب آئے گا جب خدا یہ چیزیں سمیٹ لے گا۔ شاعر کی نظر میں یہ چیزیں انتہائی فرسودہ ہو چکی ہیں اور اب ان کے سمٹ جانے میں ہی بہتری ہے۔ دراصل شاعر کی طبیعت کی گرانی اسے ایسا کہنے پہ مجبور کر رہی ہے ورنہ شاعر جن چیزوں کی فرسودگی کا ذکر کر رہا ہے ان کا تعلق فطرت اور نظامِ کائنات سے ہے۔ مثلاً زمین و آسمان، سورج، چاند، ستارے، پھول، پھل، دن، رات وغیرہ۔ یہ ساری چیزیں نظامِ کائنات کا حصہ ہیں اور فرسودہ ہوتے ہوئے بھی ان کی ضرورت بنی رہے گی۔ مثلاً ہم سورج، چاند، ستاروں کے بغیر اس دنیا کا تصور نہیں کر سکتے۔ خشکی اور تری انسان کی زندگی کے اہم حصے ہیں۔ ہم ان سے الگ ہو کر زندگی کی بات ہی نہیں سوچ سکتے۔ غرض خدا اپنی ان نعمتوں کو اگر سمیٹنے کی بات کرتا بھی ہے تو یقیناً اس کا اشارہ قیامت کی طرف ہوگا جس دن وہ ان چیزوں سے

انسان کو محروم کر دے گا۔ لیکن شاعر کی روزمرہ کی یکساں زندگی سے اکتاہٹ اسے ایسے مقام پہ لے آئی ہے جہاں وہ دنیا کے ختم ہو جانے کا خواب دیکھنے لگا ہے۔ اس مجموعے کی شروعات ہی ایک طرح کی بے زاری سے ہوتی ہے اور آگے بھی شاعر کی طبیعت کی بیزاری کے مزید رنگ دیکھنے کو ملتے ہیں۔ ایک نظم کی مثال دیکھیے جو مختصر بھی ہے اور بلا عنوان بھی۔

ہمارے دلوں میں/ ابھی ایک دور نیکیوں کی چمک ہے
یہ صرف اس لیے ہے/ کہ ہم/ موت کے خوف میں مبتلا ہیں/
مگر کچھ دنوں بعد/ یہ خوف بھی/ دل سے جاتا رہے گا

اس مختصر سی نظم میں شاعر نے زندگی اور موت کا فلسفہ بیان کر دیا ہے۔ دوسری طرف مذہبی عقائد کا مذاق اڑاتے ہوئے وہ اخلاقیات پہ ایک گہرا طنز بھی کرتا ہے۔ یہ سچ ہے کہ انسان جب تک اس دنیا کے رنگ میں پوری طرح رنگ نہیں جاتا یعنی جب تک وہ بے حسی اور سفا کی کا لبادہ نہیں اوڑھ لیتا تب تک اس کے دل کے کسی گوشے میں نیکی کی ہلکی سی کوشش باقی رہتی ہے۔ وہ مرنے سے پہلے کچھ اچھے کام اس لئے کرنا چاہتا ہے کہ اس کی نیکی شاید اس کی نجات کا ذریعہ بن جائے۔ جب تک اسے اس کی موت یاد رہتی ہے وہ خوف کے مارے ہی سہی، جنت اور جہنم کے تصور کو دھیان میں رکھتے ہوئے ہی سہی، انسانیت کو زندہ رکھنا چاہتا ہے۔ لیکن پھر دھیرے دھیرے موت کا خوف بھی دل سے جاتا رہتا ہے اور اس کی خودغرضی اس پر یوں حاوی ہو جاتی ہے کہ وہ اپنے دل میں پنپنے والے بہترین جذبوں کو مار ڈالتا ہے اور اس کے نیک ارادے دل سے غائب ہو جاتے ہیں۔ پھر اسے اس بات کی پرواہ بھی نہیں ہوتی کہ اس کی نیکیاں اس کے کام آئیں گی بھی یا نہیں یا پھر یہ کہ مرنے کے بعد کوئی دنیا ہے بھی یا نہیں، کوئی محاسبہ ہوگا بھی یا نہیں۔ ایسا شاید وہ اس لئے کرتا ہے کہ وہ تذبذب سے باہر نکلنا چاہتا ہے۔ وہ مفروضوں میں گھرا رہنے کے بجائے اپنے دل کو اس بات کا یقین دلا دیتا ہے کہ یہ جنت وجہنم بیکار کے تصورات ہیں۔ یہ دل کے بہلانے کا ذریعہ ہیں یا پھر انسان کو ڈرانے کی ایک کوشش ہے تاکہ وہ مارے ڈر کے کچھ نیکیاں کر جائے۔ یوں تو علوی سے بہت پہلے غالب نے جنت کی حقیقت سے اپنی واقفیت کا دعویٰ کر دیا تھا۔ لیکن یہاں علوی انسان کی سرشت کی طرف اشارہ کرتے ہوئے بتانا چاہتے ہیں کہ انسان اپنے اندر کی نیکیوں کو چاہے تو فروغ دے سکتا ہے لیکن اس کی خود

غرضی اسے ایسا کرنے سے باز رکھتی ہے۔ وہ جنت کی تمنا میں کچھ اچھے کام کرتے کرتے رک جاتا ہے کہ اسے یہ جنت وجہنم جیسی چیزیں فرضی معلوم ہونے لگتی ہیں۔

مجموعے کی پہلی نظم میں ہی شاعر دنیا سے اپنی بے زاری کا اظہار کر چکا ہے اور بتا چکا ہے کہ اسے فطرت کی ساری چیزیں فرسودہ معلوم ہونے لگی ہیں لیکن جب وہ دنیا سے گھبرا جاتا ہے تو لا محالہ انہیں چیزوں کی طرف بھاگنا چاہتا ہے۔ 'مجھے ان جزیروں میں لے جاؤ' ایک ایسی ہی نظم ہے جس میں شاعر شہر کی مشینی زندگی سے اکتا کر فطرت کی طرف لوٹنا چاہتا ہے۔ کہتا ہے

مجھے ان جزیروں میں لے جاؤ/ جو کانچ جیسے/ چمکتے ہوئے
پانیوں میں گھرے ہیں/ جہاں لڑکیاں/ ناریل کے درختوں کے
پتوں سے/ اپنے بدن کے/ خطرناک حصے چھپاتی ہیں/ پھولوں کے
گجرے پہن کر/ بڑی شان سے مسکراتی ہیں/ بچے جہاں/ ریت
کے گھر بناتے ہیں/ اور ساحلوں کی چمکتی ہوئی ریت پر/ لوگ سن
باتھ لیتے ہیں پانی میں غوطہ لگا کر/ سیپیاں، مچھلیاں اور گھونگھے
پکڑتے ہیں

اس مجموعے کی زیادہ تر نظموں میں شاعر نے انسان کی بے چارگی، بے حسی، سفا کی، خود غرضی، تذبذب وغیرہ کا ذکر کیا ہے۔ مختصر سے مختصر نظم میں بھی شاعر اپنی بات مکمل کر دیتا ہے۔ اس کی ایک نظم ایک تاثر، ایک واقعہ، ایک کیفیت، ایک احساس پہ محیط ہے۔ کبھی اسے رات سے خوف آتا ہے تو کبھی دن نکلنے سے وہ سراسیمہ ہو جاتا ہے اور تذبذب کے عالم میں یہ سوچنے لگتا ہے کہ جانے آج کا دن کیا دکھائے گا۔ گویا وہ انہونی کے خوف کا شکار ہے۔ شاعر نے اکثر تلمیحات سے کام لیا ہے اور کبھی کبھی ایک قصہ گو کی طرح کوئی واقعہ سنانے لگتا ہے۔ لیکن اس قصے کے آخر میں وہ پھر کسی تحیر سے دوچار ہو جاتا ہے۔ لیکن ایسی نظموں کی شروعات بھی نفی کے تصور سے ہوتی ہے۔

تو پھر یوں ہوا/ ابنِ مریم نے اک/ اونچے ٹیلے پہ چڑھ کر کہا/
سن رہے ہو/ جہاں تم نے بویا نہیں ہے/ وہاں کاٹنے کیوں چلے
ہو/ جہاں کچھ بکھیرا نہیں ہے/ وہاں سے سمیٹو گے کیا (ابنِ مریم)

تو پھر یوں ہوا/راہ میں/اک سمندر ملا/ گہرا-طوفانی - بپھرا
ہوا/اور پھر یوں ہوا/سمندر کی پھیلی ہوئی سطح پر/سنہری- روپہلی/
مچھلیاں بچھ گئیں/اور میں/بھاگتا دوڑتا بیس صدیوں میں/اس پار
پہنچا تو دیکھا/ سمندر کے اس پار کچھ بھی نہیں تھا (مچھلیاں کون کھا
گیا)

کبھی کبھی تو شاعر اپنے آپ سے ان انہونیوں سے متعلق سوال کرنے لگتا ہے۔ وہ صرف زمانے سے ہی خائف نہیں بلکہ اپنے آپ سے بھی خائف ہے۔ اس کے اندر بیٹھا اس کا 'میں' اس سے سوال کرنے لگتا ہے۔ نا مساعد حالات میں جیتے جیتے وہ تھکنے لگا ہے لیکن مرتا نہیں۔ اسے اس کی اولالعزمی کہئے یا پھر اس کی سخت جانی یا مجبوری یا بے مصرف جئے جانے کی عادت کہ اسے یوں بے مصرف جئے جانے میں زندہ ہونے کا اندازہ نہیں ہوتا۔ یا اگر ہوتا بھی ہے تو اس کا احساس اتنا توانا نہیں کہ وہ اپنے زیاں کو محسوس کر سکے۔ نظم 'کون' میں شاعر کہتا ہے

کبھی دل کے اندھے کنوئیں میں/ پڑا چیختا ہے/کبھی دوڑتے
خون میں/تیرتا، ڈوبتا ہے/کبھی ہڈیوں کی/سرنگوں میں بتی جلا کے/
یوں ہی گھومتا ہے/کبھی کان میں آ کے/ چپکے سے کہتا ہے/تو اب
تک جی رہا ہے/بڑا بے حیا ہے/مرے جسم میں کون ہے یہ/جو مجھ
سے خفا ہے

اور قصہ ختم ہو جاتا ہے۔ اس طرح ایک مختصر سی نظم میں شاعر اپنے ہونے اور نہ ہونے کے احساس کو بہت اچھی طرح بیان کر جاتا ہے۔

لیکن کوئی تو ہے کہ اس رائیگانی سے باخبر ہے۔ یہ اس کا اپنا وجود ہے جو اس بات سے خفا ہے کہ بالآخر وہ جی کیوں رہا ہے۔ تو کیا وہ مر جائے؟ خودکشی کر لے؟ راہِ فرار اختیار کر لے؟ لیکن وہ بھاگ کر جائے گا کہاں؟ اس کا اپنا وجود اس کے تعاقب میں ہے جو اس کی رائیگانی پر اسے ٹوکتا رہتا ہے۔ اس کے لہجے میں شدید استہزا ہے۔ وہ شاعر کو اس طرح کچوکے لگاتا ہے کہ شاعر اپنے اندر کی آواز کو سنے اور ایسا کچھ کرے جو زندگی کی علامت ہو۔ یا پھر شاعر کی قوتِ برداشت کو اس کی بے حیائی

سمجھنے کے بجائے اس کی عالی ہمتی سمجھنا چاہیے کہ وہ نا مساعد حالات کا مقابلہ کرتے ہوئے اپنے زندہ ہونے کا ثبوت دئے جا رہا ہے۔ اس کو مارنا آسان نہیں۔ اسے دور از کار معنی نہ سمجھا جائے۔ شاعری کی زیریں سطح سے ایسے معنی اخذ کر کے بیسویں صدی کے انسان کی نفسیاتی پیچیدگیوں کو سمجھنے کی کوشش عجیب تو نہیں حالانکہ غور کیجیے تو محمد علوی کی پوری شاعری ایک طرح کی نفی کا پرچار کئے جا رہی ہے۔ بہت ممکن ہے کہ اپنی بدلتی ہوئی شکل کے ساتھ جب Nihilism کا تصور روسی مصنف ایوان ترگنیف کی تحریروں میں نمودار ہوا اور ایک سیاسی تحریک کی شکل اختیا کر گیا کہ ''جو موجود ہیں وہی نظر آ سکتی ہیں۔'' ڈنمارک کا ایک شاعر، ماہرِ دینیات، سماجی نقاد کرکے گارد (1855-1833)، جسے فلسفۂ وجودیت کا پہلا مفکر مانا جاتا ہے، نے Nihilism کو انفرادیت کو کچلنے کی کوشش کے طور پر لیا۔ اس کا خیال تھا کہ انسان کا مختلف ہونا اس کے وجود کو غیر موجود بنا دیتا ہے اور اس کی کہی ہوئی ہر بات بے معنی سمجھی جاتی ہے۔ اسے وہ levelling کا نام دیتا ہے جو اس کے نزدیک موت کے مترادف ہے بلکہ levelling کی زیادتی بے حس و حرکت ہونے کی وہ کیفیت ہے جس میں ہر چیز ڈوب جاتی ہے، اپنی طاقت کھو دیتی ہے۔ ہر فرد اپنے محدود دائرے میں اس levelling میں مبتلا ہے۔ لیکن یہ ایک تجریدی (abstract) طریقۂ کار ہے اور levelling یا ہموار کرتے جانے کی کوشش وہ abstraction ہے جو انفرادیت کو زیر کر لیتی ہے۔ بقول جارج کوٹکن (George Cotkin) وجودیت کے فلسفے کا مبلغ کرکے گارد ہر طرح کی روحانی اور سیاسی ہمواریت کے خلاف تھا۔ اس کا کہنا تھا کہ وہ افراد جو ہمواریت سے بچ کر نکل جائیں گے وہی اپنی انفرادیت برقرار رکھ پائیں گے اور ایک بہتر وجود بننے کی طرف ان کے قدم صحیح سمت میں اٹھیں گے۔ لیکن کرکے گارد کا تصور موجودہ تصور سے ان معنوں میں الگ ہے کہ اس کے مطابق ہمواریت اسی زندگی پر اثر انداز ہوتی ہے جو معنی، مقصد اور اقدار سے بیگانہ ہے۔ لیکن fفلسفۂ وجودیت کے موجودہ تصور کے مطابق کبھی کسی طرح کے معنی، مقصد اور قدر کا وجود تھا ہی نہیں۔ جرمن فلسفی فریڈرک نطشے (1900-1844) کے مطابق Nihilism وہ ہے جو ایک طرح کے ہیجان کا سبب ہے اور یہ ہیجان اس تناؤ کی وجہ سے پیدا ہوتا ہے جب انسان کسی شئے کو اپنی طرح سمجھنا چاہتا ہے لیکن دنیا اپنے مروجہ تصورات کی روشنی میں اپنی طرح سمجھانا چاہتی ہے۔ دنیا کو اپنی سوچ اور اپنے تصورات سے الگ پا کر انسان ایک طرح کی کرائسس کا

شکار ہوجاتا ہے۔نطشے کے مطابق کسی بات یا شئے کو سمجھنا اور اس کو اپنی طرح بیان کرنا ہی اصل ہے۔گویا انسان کے اندر اگر ایک طرح کی بے بسی جنم لے رہی ہے تو وہ اس وجہ سے ہے کہ وہ دنیا کو اپنی باتیں سمجھا نہیں پا رہا ہے اور اس لئے بھیڑ میں اکیلا ہوتا جا رہا ہے۔شاعر کے لہجے میں ایک طرح کی مایوسی اور شکست خوردگی کا احساس ملتا ہے۔ٹھیک اسی طرح جس طرح 1919 میں ہونے والی پہلی جنگِ عظیم کے بعد انگریزی شاعر ییٹس (1865-1939) کے یہاں ہم ایک طرح کی مایوسی پاتے ہیں۔اسے لگتا ہے کہ پہلی جنگِ عظیم انسانیت پہ تھوپ دی گئی ہے اور یہ جنگ پوری دنیا کو بکھیر جانے والی ہے۔اس نے انسانیت کے تعلق سے اس طرح کے خوفناک طرزِ عمل کا تصور بھی نہیں کیا تھا اور اس لئے دل شکستہ ہو چکا تھا۔گرچہ اپنی نظم 'آمد' (The Second Coming) میں وہ عیسیٰ علیہ السلام کی آمد میں نجات کا پہلو تلاش کرتا نظر آتا ہے لیکن اس کا دوسرا پہلو یہ بھی ہوسکتا ہے کہ عیسیٰ کا آنا ہی در اصل قیامت کے قریب ہونے کا اشاریہ ہے۔گویا دنیا کے خاتمے میں ہی انسان کی صعوبتوں کا خاتمہ ہے۔ییٹس (W.B.Yeats) کی دوسری نظم September 1913 ان معنوں میں زیادہ بڑی ہے کہ اس نے اپنی نظم میں سماج کی خودغرضیوں اور متوسط طبقہ کی مفاد پرستیوں کے تعلق سے اپنی بے زاری کا اظہار کیا ہے۔اس کی نظر میں یہ وہ طبقہ ہے جو لالچ کا مارا ہے۔یہ سماج کو جتنا دیتا نہیں اتنا سماج سے نچوڑ لینا چاہتا ہے۔متوسط طبقہ کی وجہ سے طبقاتی طور پہ کمزور انسان بدترین زندگی گذارنے پہ مجبور ہوگئے ہیں۔وہ طبقاتی ٹکراؤ میں سماج کو فنا ہوتے دیکھ رہا ہے۔غرض شاعر کسی بھی زبان کا ہو، وہ سماج کے تئیں اپنی ذمہ داریوں کو بھلا نہیں پاتا۔مثال کے طور پر ہم ان شاعروں کے یہاں مایوسی اور شکست خوردگی کا احساس صاف دیکھ پاتے ہیں اور یہ دونوں الگ الگ ملکوں سے تعلق رکھنے کے باوجود انسانیت کی زبوں حالی پہ گریہ کناں ہیں۔وہ جنگ سے بیزار ہیں لیکن بڑی طاقتوں کے آگے مجبور اور بے بس ہیں۔وہ دنیا کو فنا ہوتے ہوئے دیکھ رہے ہیں اور شدید کرب سے گذر رہے ہیں۔وہ سماج پہ پنپنے والی برائیوں سے نالاں ہیں اور اپنی تقریروں وتحریروں کے ذریعہ احتجاج کا سلسلہ قائم رکھتے ہیں کہ کبھی تو حالات بدلیں، کبھی تو نیا سویرا آئے۔

محمد علوی بھی ایک ایسے شاعر ہیں جو دنیا کی تباہی کے تصور سے لرزاں ہیں لیکن وہ اس کے فنا ہوجانے میں ہی اس کا بھلا تصور کرتے ہیں۔گویا شاعر شدید قسم کے تذبذب کا شکار ہے۔وہ یہ

طے نہیں کر پاتا کہ دنیا کو قائم رہنا چاہیے یا فنا ہو جانا چاہیے۔کچھ نظمیں ایسی ہیں جو شاعر کے ذہنی خلجان کو ظاہر کرتی ہیں۔خوف، ڈر، تذبذب، تحیر وغیرہ علوی کی شاعری میں خوب سموئے گئے ہیں۔

آنکھیں تڑپ اٹھی ہیں اندھیرے میں ڈوب کر/کمرے میں اور
کوئی نہیں، کوئی ہے مگر/دیوار و در پہ ہانپ رہا ہے عجیب ڈر/میں
سوچتا ہوں بھاگ ہی جاؤں مگر کدھر/ ٹوٹا ہوا پڑا ہے مرا جسم فرش پر

ان کی کچھ نظمیں بہت ہی مختصر ہیں۔یوں کہہ لیجیے کہ ایک نظم آزاد غزل کے ایک شعر کی صورت میں ہے۔ایسا لگتا ہے کہ شعر کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کر کے اسے چار لائنوں میں سجا کر نظم کی ہئیت عطا کی گئی ہے۔مثلاً

شکستہ مکانوں کے نیچے/اندھیرا کھڑا تھا
نئے سال کا زرد سورج/محلے کے گھورے پہ اوندھا پڑا تھا

علوی کی غزلوں میں بھی وہی بے چینی اور کرب ہے جو ان کی نظموں کا خاصہ ہے۔نظموں کی طرح شعروں میں بھی علوی کی زبان سادہ ہے لیکن معنی گہرے ہیں۔عمر کے رائیگاں جانے کا احساس، دنیا کے فنا ہونے کا خوف، شہری زندگی کی افراتفری وغیرہ کو بہت سادگی کے ساتھ محمد علوی نے اپنے شعروں میں سمویا ہے۔وہ اپنی باتیں صراحت کے ساتھ نہیں کہتے کہ ان کے ایجاز میں ہی صراحت ہے۔چند اشعار سے یہ بات واضح ہوجائے گی

کوئی اپنے گھر سے نکلتا نہیں عجب حال ہے آج کل شہر کا/
تعمیر سے بلند ہے تخریب کا مقام
اک سے ہزار ہو گیا آئینہ توڑ کر
گلی میں کھڑے ہیں کپٹ، جھوٹ، چھل
میاں اپنے گھر سے نہ باہر نکل
یہ فن جب سے گانا بجانا ہوا
کہاں کی رباعی، کہاں کی غزل

اس کی بات کا پاؤں نہ سر
پھر بھی چرچا ہے گھر گھر

یوں تو یگانہ چنگیزی کی غزل گوئی کو ان کے عجیب وغریب مضامین اور ردیف وقوافی کی نامانوسیت کے سبب ان کے ہمعصروں اور اردو کے اکثر نقادوں نے بہت برا بھلا کہا ہے لیکن غور کیا جائے تو محمد علوی نے یگانہ کا انداز خوب اپنایا ہے۔ غزل کہنے کا اجتہادی رویہ بلا شبہ یگانہ کی یاد دلاتا ہے۔ اینٹی غزلیں بھی علوی نے اس مجموعے میں شامل کی ہیں۔ انگریزی الفاظ مثلاً کلب، ٹیبل، بس، وغیرہ بے تکلف استعمال ہوئے ہیں۔ مختصراً یہ کہنا چاہیے کہ علوی کا مجموعہ ' آخری دن کی تلاش' ایسی شاعری کے نمونے پیش کرتا ہے جو نئی اور تازہ تر ہے اور ایک طویل عرصہ گذر جانے کے بعد بھی بعض اعتبار سے یاد رکھے جانے کے قابل ہے۔

Hakeem Syyed Zillur Rahman ki tahqeeqee kavish ka ek shaakhsana Hakeem Ahsanullah Khan

Maula Bakhsh
Professor, Department of Urdu, Aligarh Muslim University, Aligarh

Urdu Studies (Bilingual kitabi silsila 1) 2019

حکیم سید ظل الرحمٰن کی تحقیقی کاوش کا ایک شاخسانہ
حکیم احسن اللہ خاں

مولا بخش
شعبۂ اردو
علی گڑھ مسلم یونیورسٹی، علی گڑھ

انگریزوں کی ہندوستان میں آمد نے ہندوستانی علمیات، مذہب اور کلچر کے ساتھ ساتھ ہمارے مروجہ علوم اور سیاسی نظام پر سوالیہ نشان قائم کر دیے۔ پیروی مغربی کی شدید لہر میں نہ جانے کیسی کیسی شخصیتیں گونا گوں اعتراضات کے گھیرے میں آئیں، ایسے میں ہندوستان کا آخری تاجدار، بہادر شاہ ظفر کا سیاسی طور پر صفر کے مقام پر پہنچنا، انگریزوں کے خلاف ۱۸۵۷ء کی پہلی جنگ آزادی کے نتیجے میں غیر واضح قومیت مگر پھر بھی قومیت کی تشکیل کے آغاز کا ہیولہ تیار ہونا اور اس ریلے میں بہت سی ثقافتی شخصیات کا سوالوں کے گھیرے میں آتے چلے جانا، ایسا المیہ تھا جس کا ازالہ آسان ثابت نہ ہوا۔

ماضی کی دھندلکوں میں حقائق کی تلاش ناممکن نہیں تو از حد مشکل ضرور ہے۔ جیسے حکیم احسن اللہ خاں کے بارے میں حکیم سید ظل الرحمٰن کی کتاب ''حکیم احسن اللہ خاں'' ماضی کے دھند لکے میں حکیم احسن للہ خاں کی وہ تصویریں ہمیں دکھاتی ہے جس تصویر پر غداری کی سیاہی پھیر دی گئی ہے۔ ایک نیک اور اپنے آقا کے تئیں حد درجہ ایمان دار، وفا دار اور اپنے ملک کے تئیں بے حد حساس انسان کے ساتھ تاریخ نے بھدا مذاق کیا اور انھیں ملک سے محبت کرنے والی شخصیات کی صف میں شمار کرنے کے بجائے ملک دشمن اور غدار ثابت کر دیا گیا۔ پرانی دلی میں حکیم کی حویلی کی ویرانی ہم سے بہت کچھ کہتی ہے۔ شاید یہ کہ اسی حکیم نے (کہ جس پر بادشاہ سے دغا کرنے کا الزام عائد کیا گیا تھا) رنگون میں مرتے ہوئے بادشاہ کو دیکھنے کی اجازت حاصل کی تھی۔ ذرا کسی ایک ایسے شخص کا نام لیجیے جس نے ایسی وفاداری دکھائی ہو، لیکن بد بخت زمانے نے ان پر مقدمے میں ظفر کے خلاف گواہی دینے کا بھی الزام لگایا ہے۔ ان کے پسماندگان میں کچھ لوگ اب بھی ہیں اور کچھ لوگوں کے پاکستان میں ہونے کی بابت گوگل وغیرہ پر معلومات دی گئی ہیں۔

کسے پڑی ہے کہ حکیم احسن اللہ خاں پر ملک کے خلاف غداری کا جو سنگین الزام لگایا گیا تھا اس کی تردید کرے لیکن اب بھی ان نا مساعد حالات میں مال و دولت سمیٹنے کی دوڑ سے پرے اور عہدوں کے لالچ سے دور اپنی تہذیب، زبان، ملک اور اپنے اسلاف سے دیوانہ وار محبت کرنے والے لوگ موجود ہیں۔ ان میں ایک نام حکیم سید ظل الرحمٰن کا ہے۔ سرسید کا نام لیوا تو ایک زمانہ ہے لیکن سرسید کے فکر عالی اور قومی محبت کو ہرز جاں بنانے والے اکا دکا ہی نظر آتے ہیں۔ حکیم سیّد ظل الرحمٰن نے شاید سرسید سے ہی سیکھا ہے کہ قوم کے لیے اپنی نجی جائداد کو بھی وقف کیا جائے۔ آج حکیم سیّد ظل الرحمٰن کی قائم کردہ ابن سینا اکیڈمی کی دیواروں پر سجے نوادرات، آثار قدیمہ اور ہند اسلامی ثقافت سے متعلق قیمتی مظاہر اور نادر و نایاب کتابیں نیز مخطوطات اس امر کی گواہ ہیں کہ آج بھی ایسے لوگ موجود ہیں کہ جن کی نظر میں علم و ہنر، قومی حمیت اور قومی محبت ایک ایسی متاع بے بہا ہے کہ جس کے لیے اپنا گھر بار قوم کے نام وقف کیا جا سکتا ہے۔ حکیم سید ظل الرحمٰن ان میں سے ایک ہیں۔ اس مرد قلندر نے ۱۸۵۷ء کی پہلی جنگ آزادی کے ایک علمی، روحانی اور تہذیبی شخصیت یعنی حکیم احسن اللہ خاں پر جب الزامات کے پہاڑ ٹوٹتے دیکھے اور ان کی شخصیت کو مسخ کرنے کا جو بے بنیاد بیانیہ مورخین

نے گڑھا تو اسے پڑھ اور سن کر ان کا دل خون ہوتا رہا۔ ان کی کتاب ''حکیم احسن اللہ خاں'' اپنے ممدوح کے سلسلے میں لکھی گئی ایک ایسی کتاب ہے جس سے ممدوح سے ان کی عقیدت کا اظہار تو ہوتا ہی ہے لیکن انھوں نے تحقیق کی مبادیات، معروضیت، استناد و شواہد کا حد درجہ خیال رکھتے ہوئے ان پر لگائے گئے الزامات کی تردید معروضی بنیادوں پر کی ہے۔ اس بہانے حوالوں اور استناد کی ایک ایسی دنیا آباد ہوگئی ہے جس کے ذریعہ ۱۸۵۷ء کے ماقبل اور مابعد ہندوستانی تہذیب، تاریخ اور علم و ادب کی وہ تصویریں سامنے آگئی ہیں جو اس موضوع پر لکھی گئیں کتابوں میں شاید ہی نظر آئیں۔ ساتھ ہی غدر کے کچھ ایسے واقعات پر بھی روشنی پڑتی نظر آتی ہے جس سے ہم کم کم واقف ہیں۔ مثلاً اپنے اور میر شمس الدین کے درمیان بچولیہ بنانے کے سلسلے میں فریزر کا حکیم احسن اللہ خاں سے اصرار کرنا لیکن حکیم احسن اللہ خاں کا اس سلسلے میں بچولیہ بننے سے صاف انکار کرنا (ص ۱۲)۔ اکثر مؤرخین بادشاہ کی بیگم زینت محل اور حکیم احسن اللہ کو ایک ہی صف میں رکھتے ہیں اور دونوں کو انگریزوں کے طرف دار بتاتے ہیں۔ اگر ایسا ہوتا تو بیگم زینت محل احسن اللہ کے اختیارات کم کرانے کے بجائے اس میں اضافہ کراتیں (ص ۱۳)۔ اکثر مؤرخین کی نگاہ میں یہ بات نہیں ہے کہ ''بریلی سے جنرل بخت خاں کی فوج جو دہلی آئی تو اس کا استقبال کرنے والوں میں حکیم احسن اللہ خاں بھی تھے (ص ۳)۔ غور کا مقام ہے کہ ان کے اس عمل سے انگریز ان سے بہت خوش ہو سکتے تھے یا ناراض؟ اس امر پر بھی غور کم کیا گیا ہے کہ جنرل بخت خاں کو مغلیہ فوج کا سپہ سالار کیوں بنایا گیا؟ اس کتاب میں لیک سے ہٹ کر ان امور پر معروضیت کے ساتھ گفتگو کی گئی ہے جس پر آگے تفصیل سے بحث کی جائے گی۔

آیئے پہلے اس کتاب کے مصنف حکیم سیّد ظل الرحمٰن کی علمی و ادبی خدمات پر ایک نگاہ ڈالیں۔ حکیم سیّد ظل الرحمٰن علمی و ادبی دنیا میں محتاج تعارف نہیں ہیں۔ ان کی اب تک ۵۴ کتابیں منظر عام پر آچکی ہیں جن میں حال ہی میں شائع شدہ کتاب ''دیوان غالب'' بر مبنی نسخہ ۱۸۶۳ء ایک اہم کارنامہ ہے۔ موصوف طبیہ کالج سے بحیثیت پروفیسر ریٹائر ہونے کے بعد اب اپنا سارا وقت اردو زبان کے فروغ، تحفظ اور ہندوستان کی بقا کی اور ہندوستان میں مسلمانوں کی علمی و ادبی وراثت کے تحفظ کی عملی جد و جہد میں گزارتے ہیں۔ انھوں نے اپنی ساری جائداد ابن سینا اکیڈمی کو سونپ کر دن رات علمی و ادبی مشاغل میں مصروف کار رہنے کو اپنی حیات کا مقصد بنا لیا ہے۔ آگے بڑھنے سے پہلے ایک

بات کا ازالہ کرنا ضروری ہے وہ یہ کہ حکیم سید ظل الرحمٰن کا حکیم احسن اللہ خاں سے تلمذ کا رشتہ ہے۔ لکھتے ہیں ''مجھے اپنے جد امجد حکیم سید کرم حسین کے سلسلۂ تلمذ کی وجہ سے شروع سے حکیم احسن اللہ سے ایک گونا تعلق رہا (ص ۴)

حکیم سید ظل الرحمٰن نے طب کے حوالے سے ہی پیشتر کتابیں لکھی ہیں لیکن انھوں نے علم ادب پر بھی خاطر خواہ توجہ دی ہے۔ خاص طور سے شرحیات (Hermeneutics) سے متعلق ان کی کتابیں ''تاریخ علم تشریح'' (۲۰۰۹۔۱۹۶۷ء) اور ''صفوی عہد میں علم تشریح'' (۱۹۶۳ء) ادب کے نقادوں کے لیے بھی حد درجہ مفید ثابت ہوئی ہیں۔ ان کی زیر تبصرہ کتاب حکیم احسن اللہ خاں بھی ایک حکیم کے سلسلے میں ہی لکھی گئی کتاب ہے اور حکمت سے متعلق بہت ہی اہم معلومات اور انکشافات کا ایک اہم حوالہ ہے لیکن یہ کتاب ادیبوں، محققوں اور نقادوں کے علاوہ اردو کے ریسرچ اسکالروں کے لیے بھی اہم حوالہ بنتی نظر آتی ہے۔ اس کتاب میں حکیم صاحب نے غدر سے دس بیس سال قبل تا مابعد غدر کی کلاسیکی نثر کے ایسے ایسے نمونے نقل کیے ہیں جو اس عہد کی نثر پر لکھے گئے تنقیدی متون میں کسی نقاد نے نقل نہیں کی ہے۔ جیسے حکیم احسن اللہ خاں کی تصنیفات و تالیفات کا ناقدانہ جائزہ پیش کرتے ہوئے حکیم سیّد ظل الرحمٰن نے حکیم احسن اللہ کی کتاب ''احسن المجربات'' (معنی آزمائے ہوئے اہم نسخے) یعنی Proved Remedies۔ تجربہ کی ہوئی دوائیوں کے قلمی نسخے کی دریافت اور سب سے احسن نسخے کی تفتیش و تلاش کے مسائل پر محققانہ نظر ڈالی ہے اور منظور الحسن برکاتی اور عمران ٹونکی کے تسامحات کا ازالہ کرتے ہوئے (جو پڑھنے سے تعلق رکھتا ہے اور حکیم سیّد ظل الرحمٰن کی اعلیٰ سطحی محققانہ بصیرت کی غمازی کرتا ہے) انھوں نے لکھا ہے:

> ''احسن المجربات کا مقدمہ زبان و ادب کی خوبی کے علاوہ وہ اس لحاظ سے کہ اس میں بکثرت طبی الفاظ و اصطلاحات کو جس رواں اور سلیس انداز میں پیش کیا گیا ہے بہت لائق نظر اور دلچسپ ہے (ص ۵)

حکیم احسن اللہ خاں نے احسن المجربات کے دیباچے میں کتاب کی غرض اشاعت اور اپنی ذات کے حوالے سے جو بیان درج کیا ہے اس کے اسلوب پر غور و فکر کے لیے حکیم سیّد ظل الرحمٰن نے

طویل عبارت نقل کی ہے جس کی ایک مختصر عبارت ملاحظہ فرمائیں:

امابعد!

خاک نامہ سیاہ سراپا گناہ احسن اللہ خاں اپنی پر اختلال حالت ظاہر کرتا ہے اور اپنی اصلاح و فساد کی سرگزشت کے بیان میں قیفال سخن پر تیز بیانی کا نشتر چلاتا ہے تا کہ خواب غفلت کے مبتلا اپنی چشم عبرت کو وا کریں اور شب زندہ دار اور بے خواب لوگ بنظر عنایت گرم نیند میں چلے جائیں، کیونکہ کثرت نوم سے اندیشۂ ہلاکت ہے۔ اور انتقال مادہ سعال سے تحریک مواد کی وجہ سے خطرناک دمعہ (ڈھلکا) کا خطرہ ہے..... خاموشی اور ضبط نفس تنگدلوں اور کینہ توزوں کے سوء القینہ کا علاج ہے تا کہ وہ زبان درازی نہ کرسکیں.....کان میں روئی ڈالے ہوئے اور بات نہ سننے والوں کی گرانی گوش کا علاج ہے تا کہ وہ جہالت و بے تمیزی کے پردے سے باہر آئیں کیونکہ اخلاق حمیدہ کا محمودہ (سقمونیا) امتلاء لبغض و نفاق کا مسہل ہے اور حرارت غریبہ کی لپٹ عفونت و احتراق کا باعث (کس بشنود یا نشنود من گفتگوئے می کنم).....

ابھی سن بلوغ کو پہنچا تھا کہ العلم نکتہ (علم ایک نکتہ ہے) کا مفہوم سمجھ چکا تھا (ص ۶)

یہ پوری عبارت حکمت کی اصطلاحوں میں انسان کی اخلاقی پستی اور سماجی برائیوں کا استعاراتی بیانیہ بن گئی ہے۔ یعنی ایک حکیم نے انسانی کمزوریوں، اخلاقی کجیوں کو حکمت کے کنایے میں پیش کیا ہے۔ حکیم سیّد ظل الرحمٰن نے حکیم احسن اللہ خاں کی تصانیف کے ساتھ ہی حکیم احسن اللہ خاں علم و ادب کی سرپرستی میں کس قدر دلچسپی لیتے تھے، یہ کتاب پہلی بار اس ذیل میں چشم کشا انکشاف کرتی نظر آتی ہے جیسے اس عہد کا کون سا ایسا عالم، شاعر اور فنون لطیفہ کے علاوہ دیگر امور زندگی ملکی نظم ونسق سے تعلق رکھنے والی کون سی ایسی ہستی ہے جس کی سرپرستی اور ہمت افزائی انھوں نے نہ کی ہو یا ان کے فن

کی اشاعت میں ان کا کردار اہم نہ رہا ہو۔ حکیم بجائے خود شاعر تھے مگر وہ اپنی شاعری پر توجہ نہ دے سکے۔

حکیم سید ظل الرحمٰن کی کتابوں کی فہرست پر اگر نگاہ ڈالیں تو یہ پتہ چلتا ہے کہ سوانح نگاری میں انہو نے زیادہ دلچسپی لی ہے۔ اس ذیل میں تذکرۂ خاندان عزیزی (۲۰۰۹۔۱۹۷۸)۔ حیات کرم حسین (۲۰۱۴۔۲۰۰۸۔۱۹۸۳)، حکیم اجمل خاں (۲۰۱۴۔۲۰۰۲)، راس مسعود (۲۰۱۷۔۲۰۱۱) اور ''دلی اور طب یونانی''، ''قانون ابن سینا اور اس کے شارحین ومترجمین''، اس کا انگریزی فارسی ترجمہ'' اطبائے عصر تذکرہ اہل دانش'' اور ''حیات کرم حسین'' (۲۰۱۶) وغیرہ حکیم ظل الرحمٰن کی سوانح نگاری سے متعلق عمدہ کارنامے ہیں۔ حکیم سید ظل الرحمٰن نے سفرنامہ نگاری سے بھی حد درجہ دلچسپی دکھائی ہے۔ ''ایران نامہ'' (۱۹۹۸) اور ''سفرنامہ'' (بنگلہ دیش) اس کی مثالیں ہیں۔

حکیم ظل الرحمٰن کی شخصیت کی سب سے بڑی خوبی اصولوں پر مبنی زندگی گزارنا ہے۔ اردو کے طالب علموں سے بے پناہ شفقت کا جذبہ اور اپنی زبان اور تہذیبی وراثت سے عشق نیز اس کے تحفظ کے ساتھ ساتھ یہ وراثت اگلی نسلوں تک کیونکر منتقل ہو اس کی فکرمندی ان کی زندگی کا اسلوب بن چکا ہے۔

مہمان نوازی، دلجوئی اور پڑھے لکھے لوگوں کی قدر افزائی ان کی شخصیت میں چار چاند لگا دیتی ہے۔ وقت کی پابندی، صفائی، آداب نشست و برخاست اور ضرورت سے زیادہ اسمائے صفات کا کسی شخص کی تعریف میں استعمال کرنا انھیں رنجیدہ کرتا ہے۔ ظاہر ہے کہ ایسی ہی ہستی جیسی کہ ظل الرحمٰن کی ہے اسی عالم، مفکر، دانشور اور تہذیبی نقاد نے حکیم احسن اللہ خاں کی شخصیت کی شرح کو موضوع بنایا ہے اور ان کی یہ کتاب صرف حکیم احسن اللہ خاں پر لگائے گئے ملک سے غداری کے الزام کی تردید نہیں کرتی، یہ تو ایک پہلو ہے جو اس کتاب کی اہم فکرمندی بنی ہے، اصل تو اس عہد کی تہذیبی علمی، روحانی، طبی اور ادبی منہاج و معیار کو روشن کرنا ہے جسے غالب، ذوق، مومن، صہبائی، شیفتہ، ظفر کے ساتھ ساتھ حکیم احسن اللہ خاں نے ایک معیار عطا کیا اور یہی وہ تہذیبی وعلمی مرقع ہے جس کی بازیافت حکیم سیّد ظل الرحمٰن کی کتاب حکیم احسن اللہ خاں کا مقصد ہے۔

حکیم احسن اللہ خاں اپنے عہد کے سربرآوردہ طبیب ہی نہیں بلکہ سیاسی مدبر اور ادیب گر

بھی تھے۔علمی و ادبی سرپرستی ان کے مزاج کا اہم حصہ تھی۔یہی وجہ ہے کہ اس کتاب میں حکیم ظل الرحمٰن نے حکیم احسن اللہ خاں کے خاندانی پس منظر اور دیگر سوانحی امور کے علاہ ان کی شخصیت کے ایک گوشے معارف پروری پر بھی تفصیل سے روشنی ڈالی ہے۔

حکیم ظل الرحمٰن نے ادبی ،علمی اور طبی ہر ہر کتاب اور رسائل و جرائد کے پیش نظر ان کے بارے میں صحیح اطلاع بہم پہنچائی ہے۔حتی کہ حکیم احسن اللہ کی علمی و ادبی اور سیاسی امور میں ان کے انفراد پر روشنی ڈالنے کے لیے مرزا فرحت اللہ بیگ کی آخری شمع اور حال ہی میں شائع شدہ اردو میں الگ نوع کے ناول ''کئی چاند تھے سر آسماں'' کو بھی حوالے میں رکھا ہے یعنی ادبی نگارشات اور تاریخ نگاری کے لیے فکشن کے مطالعے کو بھی صائب گردانا ہے۔صرف اس امر کی تحقیق کے لیے کہ حکیم احسن اللہ خاں کے چہرے پر چیچک کے داغ تھے یا نہیں انھوں نے شمس الرحمٰن فاروقی کے ناول ''کئی چاند تھے سر آسماں'' اور فرحت اللہ بیگ کی تحریروں سے وہ عبارت ڈھونڈ نکالی ہے جس میں ان کے چہرے پہ چیچک کے داغوں کے ہونے کا ذکر ہے تا کہ ادنیٰ سے ادنیٰ بات بھی عمیق مطالعے کے بعد کہی جا سکے۔ پھر پس ماندگان کے ذکر اور ان کے ممتاز تلامذہ کا ذکر کے ساتھ طب کے فن کا ذکر بعنوان حذاقت طب کے عنوان سے کیا ہے۔حزاقت بمعنی دانش کے ہوتے ہیں) حکیم احسن اللہ خاں کے طبی معمولات اور طریق کار سے متعلق حکیم ظل الرحمٰن کا مندرجہ ذیل بیانیہ ملاحظہ فرمائیں:

> حکیم صاحب کے دونوں جانب نسخہ نویس بیٹھے ہوئے تھے اور تخت پوش کے سامنے مریض دور ویہ لمبی لمبی چوکیوں یا کرسیوں پر تھے۔حکیم صاحب باری باری نہایت خندہ پیشانی سے دائیں اور بائیں جانب کے ایک ایک مریض کی نبض دیکھتے۔مریض کو خود اپنا حال بیان کرنے کی حاجت بہت کم پیدا ہوتی تھی۔مرض کی نوعیت سمجھنے کے لیے نبض دیکھنا ہی حکیم صاحب کے لیے کافی تھا۔عموماً دائیں ہاتھ کی نبض دیکھی جاتی ،لیکن کبھی کبھی دونوں کی نبض کا ملاحظہ ہوتا،مگر یہ اسی وقت جب مریض کوئی ایسی بات کہتا یا ایسی شکایت کا ذکر کرتا ،جو حکیم صاحب کے لیے غیر متوقع

> ہوتی۔حکیم صاحب شاذ و نادر ہی ایک دو سوال خود بھی کر لیتے تھے اور وہ زیادہ تر اپنی تشخیص کی تصدیق کے لیے ہوتا تھا۔مثلاً آپ کی شادی خاصی عمر گزر کر ہوئی یا بچپن میں سرسوں کا تیل بہت استعمال کیا یا آپ کے دائیں گردے پر ورم ہے۔پہلی بار درد ہوا اور بخار آیا تو آپ نے کسی طبیب سے رجوع نہیں کیا؟ وغیرہ۔تشخیص بہت جلد ہوتی اور پھر بے تاخیر ،مگر نہایت پست آواز میں بلکہ زیر لب،نسخہ نویس صاحب کو نسخہ لکھوا دیا جاتا۔کسی مریض کو کچھ پوچھنا ہوتا تو جھک کر پوچھ لیتا۔سوال کا جواب حکیم صاحب اسی طرح دو تین لفظوں میں اور اسی ہلکی آواز میں بتا دیتے تھے،نسخہ نویس کی طرف سر سے اشارہ کر دیتے کہ ان سے پوچھ لیجئے۔پورے ماحول پر متانت اور رعب کی فضا تھی (ص ۷)۔

حکیم سیّد ظل الرحمٰن نے بلیغ بیانیہ کے ذریعے حکیم احسن اللہ خاں کے نہ کہ صرف طرز معالج کو مصور کیا ہے بلکہ حکیم احسن اللہ خاں سے قاری کا بھرپور تعارف پیش کر دیا ہے۔ ہاں تو یہ بات کہی جا رہی تھی کہ انھوں نے عالموں، شعراء اور دیگر امور زندگی سے وابستہ ضرورت مندوں کی حاجت روائی یا سرپرستی میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا ہے۔مثلاً حکیم صاحب نے ہی غالب کو نامہ لکھ کر ان کو اپنی فارسی منشورات کی اشاعت کی فرمائش کی تھی کیونکہ حکیم صاحب اپنی کتاب مجموعہ نثر نگاران فارسی میں غالب کی نثر کو شائع کرنا چاہتے تھے (ص ۔۸ پنج آہنگ کی اشاعت میں بھی انھیں کا اہم رول ہے(ص۱۴۲)۔مہر نیم روز کا سارا مضمون حکیم صاحب کا عطا کردہ ہے(ص ۔۹ غالب کا اردو دیوان پہلی بار (۱۸۴۱ء) دوسری بار (۱۸۴۷ء) میں چھپا تیسرا ایڈیشن منشی شیونرائن چھاپنا چاہتے تھے غالب تیار بوجوہ نہ تھے حکیم صاحب نے غالب کو اس امر کے لیے راضی کیا علاوہ ازیں بعض قصیدے غالب نے ان کی فرمائش پر لکھے۔ غالب نے جب سکہ بہادر ظفر لکھنے سے انکار کیا تو گواہ انھوں نے حکیم صاحب کو ہی کیا تھا۔

حکیم سید ظل الرحمٰن نے حکیم صاحب اور مومن کے تعلقات کے حوالے سے اہم معلومات پیش کی ہیں۔مومن خاں حکیم صاحب کے ماموزاد بھائی تھے، انشائے مومن کی اشاعت میں حکیم صاحب کا اہم رول ہے۔حکیم ظل الرحمٰن نے ظہیر احمد صدیقی (جنھوں نے مومن پر پی ایچ ڈی کی ہے) کے اس خیال کی تردید کی ہے کہ ان کا ایک خط اپنے بیٹے کا نام ہے جبکہ حکیم سید ظل الرحمٰن کی تحقیق کے مطابق مومن خاں کا کوئی بیٹا تھا ہی نہیں (ص ۱۰)۔

علاوہ ازیں حکیم سید ظل الرحمٰن نے حنیف نقوی کے ایک تحقیقی بیان کی تردید کی ہے کہ مجموعہ نغز (۱۲۲۱ھ) میں جس قاسم نے احسن اللہ خاں کا ذکر کیا تھا وہ حکیم احسن اللہ خاں نہیں ہیں (ص ۱۶۲) حکیم ظل الرحمٰن نے بتایا ہے کہ حکیم احسن اللہ خاں کی عقیدت خاندان ولی الٰہی سے رہی ہے۔شاہ اسحاق جیسے سخت گیر انگریز دشمن کی ہجرت پر کہا گیا ان کا قطعہ اردو میں نقل کیا ہے جو ثابت کرتا ہے کہ حکیم احسن اللہ خاں کا تعلق ایسے میں انگریزوں سے نہیں ہوسکتا تھا (ص ۱۱)۔

مختصر یہ کہ حکیم احسن اللہ خاں واقعی معارف پروری میں اپنی مثال آپ تھے۔ان کا کتب خانہ ۱۸۵۷ء کے ہنگامے کی نذر ہوا۔حکیم ظل الرحمٰن نے رامپور رضا لائبریری میں ایسی کتابیں دیکھنے سے متعلق بیان درج کیا ہے جن کتابوں پر حکیم احسن اللہ خاں کی مہر ہے (ص ۱۶۵) حکیم احسن اللہ خاں کی کتابیں مثلاً مجموعہ نثر نگار ان فارسی، عجائب القصص، مراۃ الاشاہ (سلاطین کی تصاویر پر مبنی کتاب امیر تیمور تا بہادر شاہ ظفر) حکیم احسن اللہ خاں کی یادداشتیں، ۱۸۵۷ء کے حالات پر مبنی ہے۔ان کی کتاب احسن المجربات، ان جملہ کتب کے نسخہ جات، اشاعت اس کی محتویات پر حکیم سیّد ظل الرحمٰن کی ناقدانہ رائے پڑھنے سے تعلق رکھتی ہے۔خاص طور سے احسن المجربات جو طب کے موضوع پر ایک حکیم صاحب کے طبی تجربات پر مبنی حکمت کی اعلیٰ ترین کتاب ہے۔

یہاں ٹھہر کر ایک سوال یہ کیا جاسکتا ہے کہ حکیم سید ظل الرحمٰن کی زیر تبصرہ کتاب ''حکیم احسن اللہ خاں'' کا عنوان ''حیات حکیم احسن اللہ خاں'' کیوں نہیں ہے؟ اس کی وجہ یہ ہے کہ انھوں نے حکیم احسن اللہ خاں کی حیات اور کارناموں کے ذکر سے زیادہ دلچسپی ان کے عہد کی علمی وراثت کی سوانح مرتب کرنے یا اس کا تذکرہ مرتب کرنے میں لی ہے اور اسی نوع کا ذہن اس کتاب کے بین السطور سے جھانکتا نظر آتا ہے۔

ایک سوانح نگار ہی کی طرح انھوں نے ابتداً حکیم احسن اللہ خاں کی سوانح اور شخصیت کے سلسلے میں تقدمہ کے بعد حکیم احسن اللہ خاں کے خاندانی پس منظر کہ کیوں کر ان کا خاندانی سلسلہ نسب ابوبکر صدیق سے ملتا ہے کے علاوہ ولادت (۹۸-۱۷۹۷ء) وفات (۱۸۷۳ء)، ریاست فیروز پور، ریاست جھجھر سے ان کی وابستگی نیز مغل دربار سے حکیم احسن اللہ خاں کی وابستگی کیوں کر ہوئی یعنی اکبر شاہ ثانی کے دربار میں وہ کیوں کر ایک اہم اور نامی گرامی طبیب ثابت ہوئے اور ان کے طبی فرائض کی نوعیت کیا تھی؟ دربار میں ان کا رسوخ کیوں کر ہوا اور امور سلطنت میں خاص طور سے بہادر شاہ ظفر کے مشیر خاص اور وزیر اعظم وہ کیسے بنے؟ اور پھر پہلی جنگ آزادی کی ابتدا کے زمانوں میں ان کا کردار آہستہ آہستہ کیسے مسخ ہوتا چلا گیا اور جس کی اصل حقیقت کیا تھی؟ سے متعلق امور پر حکیم ظل الرحمٰن کا تاریخی بیانیہ کسی ادبی شہ پارے سے کم نہیں ہے جو قاری کو اپنے منفرد نثری اسلوب سے باندھ لیتا ہے۔

حکیم سید ظل الرحمٰن نے تقدمہ میں ہی لکھا ہے' کہ انھوں نے حکیم احسن اللہ خاں سے متعلق یہ کتاب کیوں لکھی ہے؟ وہ لکھتے ہیں۔

> انقلابیوں کو پہلے ہی دن سے ان (حکیم احسن اللہ خاں) سے شکایت ہوگئی تھی۔بدگمانی کے بعد ہر قدم کو مخالفت کے آئینہ میں دیکھا جاتا ہے۔ان کے ہر مشورہ اور ہر اقدام کا یہی حشر ہوا۔انھوں نے کمال زیرکی اور ہوشیاری سے اس بات کی کوشش کہ کسی نہ کسی طرح بادشاہ کا اقتدار برقرار رہے۔حکیم احسن اللہ خاں کے خلاف جو پہل شروع ہوئی اور انھیں متہم کرنے کے جس سلسلے کا آغاز ہوا، وہ بغیر کسی تحقیق کے مستقل اور مسلسل جاری رہا اور آج تک کوئی ایسی سعی نہیں کی گئی، جس نے صورت حال کے تجزیہ اور واقعاتی آئینہ میں اسے دیکھنے کا اہتمام کیا گیا ہو۔جن لوگوں نے ان کی طرف سے صفائی کی کوشش کی ہے، ان کے یہاں بھی تحقیق کی روشنی میں زیادہ کچھ نہیں کہا گیا ہے۔وہ ایک

ایسے المیہ کردار بن گئے ہیں، جن سے اپنے اور غیر دونوں بدگمان رہے۔ تاریخ میں ایسے ٹریجک کردار کی اور بھی مثالیں ہیں، جن کے ساتھ نہ ان کے زمانہ میں اور نہ بعد میں انصاف کیا گیا (ص ۱۲)

حکیم سید ظل الرحمٰن نے زیر تبصرہ کتاب میں حکیم احسن اللہ خاں کو نہ صرف یہ کہ انھیں ایک سچا قومی ہیرو ثابت کیا ہے بلکہ یہ بھی احساس دلایا ہے کہ احسن اللہ خاں کی سوانح مرتب کرنا کتنا ضروری تھا۔ وہ یہ بتانا چاہتے ہیں کہ زمانے نے اس ہستی پر غداری کا الزام لگایا ہے جس نے انیسویں صدی کی علمی، طبی، روحانی، تہذیبی اور سیاسی زندگی کے تحفظ اور اشاعت میں اہم حصہ لیا تھا۔ ایسی ناعاقبت اندیشی پر افسوس ہوتا ہے۔ حکیم سید ظل الرحمٰن کی تحقیق کے مطابق حکیم احسن اللہ پر زمانۂ غدر یا پہلی جنگ آزادی ۱۸۵۷ء میں ان کے کردار کے حوالے سے جن جن طرح کے الزامات لگائے گئے ہیں اس کی تفصیل سید ظل الرحمٰن نے کتاب میں پیش کی ہے جسے کچھ اس طرح درجہ بند کیا جا سکتا ہے:

۱۔ سات تاریخ کو بارود خانہ میں دھماکہ ہوا یہ دھماکہ حکیم احسن اللہ کی ایما پر کیا گیا تھا (ص ۱۳)

۲۔ سلیم گڑھ کی توپوں کو ناکارہ بنانے میں لوگوں نے احسن اللہ خاں، محبوب علی خاں اور ملکہ زینت محل کو اس کا ذمہ دار قرار دیا (ص ۱۴)

۳۔ حکیم پر یہ الزام تھا کہ وہ باغیوں کو تنخواہ نہیں دے رہے ہیں (ص ۱۵)

۴۔ جنگ آزادی ۱۸۵۷ء کے مطابق یہ الزام تھا کہ انھوں نے ایک خط انگریزوں کی مدد کے لیے لکھا تھا جو قلعہ میں بند تھے (ص ۱۶)

۵۔ یہ بھی الزام لگایا گیا کی غدر میں بدمعاشوں کو جو لوٹ مار کرتے ہوئے گرفتار ہوئے تھے حکیم احسن اللہ خاں نے انھیں رشوت لے کر رہا کر دیا (ص ۱۷)

۶۔ بہادر شاہ کی بیگم نے یہ الزام لگایا کہ ان کے پوشیدہ خزانہ کا سراغ حکیم صاحب نے ہی دیا تھا (ص ۱۸)

کل ملا کر انھیں انگریزوں کا وفادار سمجھا گیا اور ان پر باغیوں کے ساتھ غداری کرنے کا الزام لگایا گیا۔ دوسری طرف انگریزی حکومت تھی جس نے کبھی بھی انھیں اپنا وفادار نہیں گردانا یعنی

حکیم صاحب کی شخصیت اس عہد میں ایک عجیب وغریب المیہ سے دوچار رہی۔ انھیں بار بار بادشاہ کی نظر میں بھی غدار ثابت کرنے کی کوششیں کی گئیں لیکن بادشاہ تھا کہ جس کو حکیم احسن اللہ خاں پہ کبھی بھی شک نہیں ہوا۔ یہ کتاب ان مذکورہ بالا الزامات کی تردید مستند حوالوں سے کرتی ہے۔ حکیم سید ظل الرحمٰن نے جن حوالوں سے مذکورہ بالا الزامات کو باطل قرار دیا ہے اس کی بابت لکھتے ہیں:

ان کی زندگی کے اس حصے سے متعلق، جس میں ۱۸۵۷ء کے بعد دہلی سے باہر ان کا قیام رہا، اور جس کا تعلق بظاہر ان کے گوشۂ گم نامی سے ہے، خوش قسمتی سے مجھے بعض ایسے ماخذ دستیاب ہوئے، جن تک دوسرے حضرات کی رسائی نہیں ہوئی تھی اور جنھیں بطور حوالہ استعمال نہیں کیا گیا تھا۔ ان ماخذ کی روشنی میں ان کے بعض علمی وادبی اکتسابات اور ان کے زندگی کے وہ گوشے سامنے آئے، جو اب تک پردہ خفا میں تھے۔ اس سلسلہ کے حوالوں میں قرابادین احسن، بیاض طبی، دستور علاج عنین (عنین یعنی ہجڑا، نامرد یعنی جنسی کمزوری)، بیاض مملوکہ نعیم الدین، بیاض برادر سید وارث علی کے خطی نسخوں کے علاہ خاص طور پر ۱۸۷۱ء کے عمدۃ الاخبار، بھوپال کے شمارے بہت اہم ہیں۔ ان شماروں سے بھوپال اور بڑودہ کی ریاستوں سے ان کی وابستگی ملتی ہے۔ بعض قدیم طبی رسالوں اور ادھر چند برسوں میں شائع ہونے والی بعض کتابوں مثلاً 'غداروں کے خطوط' اور 'سوانح مولوی سمیع اللہ' سے بھی بہت مدد لی ہے۔ ان تاریخی حقائق کی روشنی میں اس الزام کا مطالعہ، ہندوستان کی جدو جہد آزادی کی تاریخ کے سلسلہ میں اہمیت کا حامل سمجھا جائے گا (ص ۱۸)

یہ تو اہم حوالے ہیں ہی جن کا ذکر انھوں نے کر دیا ورنہ صحیح بات تو یہ ہے کہ اس ایک شخص کی علمی وادبی زندگی کا خاکہ مرتب کرنے کے لیے حکیم سید ظل الرحمٰن نے ۸۷ کتابوں سے رجوع کیا

ہے۔حکیم احسن اللہ خاں کی شخصیت پر شرح و وبسط کے ساتھ کتاب تو نہیں لکھی گئی البتہ ایک آدھ مقالہ سپرد قلم کیا گیا ہے لیکن یہ سید ظل الرحمٰن ہیں جنھوں نے ۲۲۴ صفحات پر مبنی ایک ایسی کتاب حکیم احسن اللہ خاں پر لکھی ہے جس کے ذریعہ نہ کہ حکیم احسن اللہ خان کی شخصیت کھل کر سامنے آتی ہے بلکہ حکیم سید ظل الرحمٰن کی شخصیت اور علم دوستی نیز ان کی قومی زندگی کی تصویر بھی ابھر آتی ہے۔

حکیم احسن اللہ خاں پر جو الزامات عائد کیے گئے اس کی تفصیل پچھلے صفحے پر آپ نے ملاحظہ فرمایا جن کے جوابات یکے بعد دیگرے مع حوالہ حکیم سید ظل الرحمٰن نے دیئے ہیں۔مثلاً دھما کے کی تردید بحوالہ غداروں کے خطوط (ص ۱۳۱) سے کیا ہے۔جس میں ایک مخبر کی ۷/اگست ۱۸۵۷ء کے اس واقعہ کی اطلاع دستیاب ہے یہ کہہ کر کہ اس سے حکیم کا کوئی تعلق نہ تھا (ص ۴۵)۔اس کے علاوہ حکیم سید ظل الرحمٰن نے سلیم قریشی، گوری شنکر جو انگیزوں کا مخبر تھا، غلام حسن کے بیانات نقل کیے ہیں جس سے اس الزام کی تردید ہوتی ہے (ص ۴۶)۔ علاوہ ازیں عبد اللطیف اور جیون لال کے بیانات جب سامنے آئے تو باغی اپنے اتہام پر شرمندہ ہوئے (ص ۴۸)۔ یہ بھی ان کی بے گناہی کا ثبوت ہے۔

دہلی اردو اخبار میں خود حکیم احسن اللہ خاں صاحب کا بیان نیز بہادر شاہ کا غدر کا فرمان ۳۸ مورخہ ۱۹/اگست ۱۸۵۷ء بنام افسران والٹیئر رجمنٹ کے نمبر ۶ کی دیسی پیدل ان الفاظ میں درج ہے جس سے اندازہ ہوتا ہے کہ حکیم انگریزوں کے ساتھ نہیں تھے۔ بادشاہ ظفر کی یہ دلگیر آواز سنیے:

> مزید برآں جو مال تم حکیم صاحب کے گھر سے لوٹ لائے تھے، وہ بادشاہ کا ہے۔پس ضروری ہے کہ اس تمام مال کا پتہ لگا کر ہماری جناب میں حاضر کرو اور وہ لوگ جن کے اشتعال دلانے سے مال مذکورہ لوٹا گیا ہے، مستوجب سزائے سخت ہیں، انھیں عدالت سے سزا ملے گی۔اگر تم اس کو منظور نہ کروگے تو تم مجھے یہاں سے دست بردار ہونے دو۔خواجہ قطب صاحب کی درگاہ پر مجاور بن کر رہوں گا اور اگر یہ بھی نہ ہونے دیا تو تمام بندشوں سے آزاد ہو کر کہیں چلا جاؤں گا۔جو لوگ کہتے ہیں کہ مجھے روک کر رکھیں

> گے۔وہ کیوں کر روکتے ہیں۔انگریزوں کے ہاتھ نہ مارا گیا تو تمہارے ہی ہاتھ سے مارا جاؤں گا۔اور معلوم ہو کہ جو ظلم عوام پر روا رکھا جا رہا ہے یہ ان پر نہیں، خود مجھ پر کیا جا رہا ہے۔پس تم پر لازم ہے کہ کسی صورت سے بھی اس کا انسدا کرو، ورنہ مجھے جواب صاف دیدو۔میں ہیرانگل کر خودکشی کرلوں گا۔مزید براں منجملہ دیگر ایشیاء کے حکیم صاحب کے مکان سے ایک چھوٹی سی صندوقچی بھی چوری کی گئی ہے، جس میں ہماری مہر شاہی تھی۔۱۷/اگست ۱۸۵۷ء سے بغیر مہر کے کوئی کاغذ کارآمد نہیں ہوسکتا (ص ۱۹)

''۱۸۵۷ء کی بارہ قدیم یادگار کتابیں'' (ص ۶۶۴) کے حوالے سے حکیم ظل الرحمٰن نے لکھا ہے:

> ۱۹/ اگست: مرزا مغل کو حکم دیا گیا کہ احسن اللہ کاں کے مکان سے گارڈ ہٹا لیا جائے۔بہت سے افسر صحن قلعہ میں جمع ہوئے اور یہ کہا کہ ''ہمیں اطمنیان ہو گیا ہے کہ بارود خانہ کو اڑانے کا تعلق حکیم صاحب سے کچھ نہ تھا (ص ۲۰)

حکیم سید ظل الرحمٰن نے اس حقیقت پر بھی روشنی ڈالی ہے کہ حکیم احسن اللہ خاں دہلی کے عوام میں کتنے مقبول تھے لہٰذا سرگزشت دہلی کے حوالے سے لکھتے ہیں:

> بارود خانہ میں ۵۰۷ آدمی جو کام کرتے تھے، ان میں سے ۱۳ آدمیوں کے سوائے سب اڑ گئے تھے۔حکیم صاحب کی مقبولیت کا یہ عالم تھا کہ ان کے ساتھ جو بدسلوکی کی گئی اس پر تمام شہر دہلی بند ہو گیا اور مسلمان بہت غمگین ہوئے کہ اس طرح حکیم صاحب سے فوج بدسلوکی کرتی ہے اور ان کو یقین تھا کہ وزیر شاہ دہلی (حکیم احسن اللہ) سپاہیوں کے ہاتھ مارا جائیگا، لیکن ان مسلمانوں نے کہا کہ ہم فوج کو بھی نہ چھوڑیں گے (ص ۲۱)

ان شواہد کی روشنی میں حکیم ظل الرحمٰن نے ان محققین کی تردید کی ہے جنھوں نے افواہ کو حق

سمجھا اور حکیم احسن اللہ خاں کو مورد الزام ثابت کیا۔ حکیم ظل الرحمٰن لکھتے ہیں:

اب اس کو کیا کیا جائے کہ اس سب کے باوجود نہ صرف اسلم پرویز بلکہ مولانا آزاد اور اس موضوع پر لکھنے والے بعض دوسرے حضرات نے معاصر شہادتوں اور بعد کے دوسرے ثبوتوں کو نظر انداز کرتے ہوئے، کسی تحقیق کے بغیر، بہت آسانی سے حکیم صاحب کو اس سلسلہ میں متہم قرار دیا ہے اور ان کے خلاف ''بد گمانی کو بے اصل نہیں'' کہا ہے (ص ۲۲)

وہ لوگ جنھوں نے انقلاب کے منصوبے کو ناکام بنایا ان میں مرزا الٰہی بخش، رجب علی محبوب علی خاں، ملکہ زینت محل، گوری شنکر اور جیون لال کے نام سرفہرست ہیں۔ یہ سبھی لوگ جو انگریزوں کے وفادار ہیں یک زباں ہوکر حکیم صاحب کو انقلابیوں کا حمایتی سمجھتے ہیں۔ ملاحظہ فرمائیں اس الزام کی حقیقت کہ حکیم احسن اللہ خاں باغی فوجوں کی تنخواہ نہیں دے رہے ہیں:

وہ (فوج کے افسر) شاہزادوں کو قید کرنے اور حکیم احسن اللہ خاں کو قتل کرنے کی دھمکیاں دے رہے تھے اور کہہ رہے تھے کہ ان کی تنخواہیں نہ دی گئیں تو وہ شہر کو آپس میں تقسیم کر کے لوٹ مار شروع کر دیں گے۔ وہ اپنے مطالبات کو منوانے کے لیے کافی دیر شور مچاتے رہے۔ مرزا مغل نے اپنی جان بچانے کے لیے آخر مرزا الٰہی بخش کو بلا بھیجا، وہ ان کو دلاسہ وغیرہ دے کر بادشاہ کے پاس لے گیا۔ بادشاہ نے کہا اس کے پاس کوئی رقم نہیں ہے، جو وہ ان کو دے سکے۔ اس پر فوج کے افسروں نے دھمکی دی کہ وہ شاہی خاندان کے تمام افراد کو قتل کر کے محل اور شہر کو لوٹ لیں گے۔ یہ سن کر بادشاہ اپنے تخت سے اٹھ کھڑا ہوا اور اپنے تخت کی گدی ان افسروں کے سامنے پھینک کر حکم دیا کہ شاہی محل کے تمام نوادرات اور انہیں خاندان کی بیگمات کے زیور ان کے حوالے کیے

جائیں۔ اس کے بعد وہ کعبہ کی طرف رخ کر کے رونے لگا اور کہا کہ اسے اپنے گناہوں کی سزا مل رہی ہے۔ اسے بھی اگر انگریزوں کے ساتھ قتل کر دیا جاتا تو اس کی اتنی بے عزتی نہ ہوتی۔ بادشاہ کو اس طرح زور و شور سے روتے دیکھ کر بیگمات اور وہاں پر موجود درباریوں کے بھی آنسوں نکل آئے۔ فوج کے افسر اپنی لاچاری اور غربت کے باوجود یہ دیکھ کر بہت شرمندہ ہوئے (ص ۲۳)

حکیم صاحب اس حوالے سے یہ نتیجہ نکالتے ہیں جو برحق ہے کہ:

جب بادشاہ کے پاس فوجیوں کو دینے کے لیے روپیہ نہیں تھے تو حکیم احسن اللہ خاں بیچارے کہاں سے روپیہ دے دیتے۔ مگر وہ چونکہ مغل دربار کے بہت بااثر شخص تھے، لہٰذا سب آئی گئی ان کے سر رہتی تھی (ص ۲۴)

اس امر کا کہ زینت محل کے پوشیدہ خزانہ کا سراغ احسن اللہ نے دیا تھا سراسر غلط ہے۔ حکیم ظل الرحمٰن کے مطابق:

پنجاب میوٹنی ریکارڈ ۱۸۹۷ء جلد ۲ کے مطابق خزانہ کا پتہ حکیم صاحب نے نہیں، بلکہ زینت محل کے بیٹے اور ولی عہد مرزا جوان بخت نے میجر ہڈسن کو بتایا تھا۔ وہ اس خزانہ کی پوشیدگی کا واحد رازدار تھا (ص ۲۵)

حکیم احسن اللہ خاں کا ولیم فریزر کے لاکھ دباؤ ڈالنے پر بھی اس امر سے انکار کرنا کہ وہ شمس الدین کو آگاہ کر دیں کہ خانم پر فریزر کی نگاہ ہے وہ اس کا خیال دل سے نکال دیں۔ ذرا اس واقعے پر حکیم صاحب کی نقل کردہ بیانیہ ملاحظہ فرمائیں:

اس اعتماد کے لئے میں صاحب کلاں بہادر کا ممنون ہوں، لیکن نہ تو میرا شمس الدین احمد پر کوئی داب یا اثر ہے اور نہ یہ میرا منصب

ہے کہ میں ان کے پاس آپ کا پیغام لے جاؤں۔ کیوں، منصب
کیوں نہیں؟ فریز نے چیں بہ جبیں ہو کر کہا۔'' کیا آپ سرکار کمپنی
کے وفادار نہیں ہیں۔
خطا معاف لیکن میں نہیں گمان کرتا کہ اس معاملے کا کوئی ربط
وفاداری سرکار کمپنی سے ہے۔ حکیم صاحب نے بھی تیوری پر بل
لا کر جواب دیا۔'' اور بالفرض اگر ہو بھی تو میں نمک خوار بادشاہ کا
ہوں، نمک خوار کمپنی نہیں (ص ۲۶)

اس پورے واقعے کو پیش کرتے ہوئے حکیم صاحب کی اس رائے میں صد فی صد صداقت نظر آتی ہے کہ حکیم احسن اللہ خاں کا وجود انگریزوں کے لیے ہمیشہ ناپسندیدہ رہا۔ یہی وجہ ہے کہ انھوں نے حکیم صاحب پر لگائے گئے الزام پر حیرت کا اظہار کیا ہے اور مورخین پر سخت گرفت کی ہے۔ خیران الزامات کی تردید کے بعد حکیم سید ظل الرحمٰن نے حکیم احسن اللہ خاں کی وابستگی جن جن ریاستوں سے رہی اس کا کا ذکر شواہد اور مستند حوالون کے ذریعے کیا ہے جیسے ریاست جے پور کی بدمعاملگی یعنی بے ایمانی، ریاست بھوپال میں افسر الاطبا کے عہدے پر تقرری، ریاست بڑودہ (جہاں ان کا انتقال ہوا) کی طرف سے اعزاز واکرام (ص ۲۷)۔

بہادر شاہ ظفر کے سب سے اہم نقاد اور مبصر ڈاکٹر اسلم پرویز اور اس عہد کے ایک شخص معین الدین جو انگریزی سرکار کا پکا طرفدار تھا سبھی لوگ اپنے اپنے بیانات میں جو کچھ بھی لال قلعہ میں ۴۹ انگریز عورتیں اور بچوں کے ساتھ ہوا اور ۱۶ مئی کو فوج نے بادشاہ سے ان کی حوانگی کا مطالبہ کیا تو احسن اللہ خاں نے ان کو بچانے کی مطلق فکر نہیں کی تھی، اس کو صحیح مانتے ہیں۔ حتیٰ کہ یہ بات ظفر کے نقاد اسلم پرویز بھی از روئے تاریخی حقائق صحیح قرار دیتے ہیں لیکن ان مورخین کو یہ بات پھر بھی سمجھ میں نہیں آئی کہ احسن اللہ خاں نے ان انگریزوں کو بچانے کی کیوں فکر نہیں کی؟ ایسے میں حکیم سید ظل الرحمٰن کا اس سے یہ نتیجہ نکالنا کہ'' یہ واقعہ حکیم صاحب کی انگیریزوں سے دشمنی کا کھلا ثبوت ہے، شک وشبہے سے خالی ہے اور حکیم احسن اللہ خاں کو انگریز دشمن ثابت کرتا ہے۔'' حکیم سید ظل الرحمٰن کی اس رائے سے اختلاف کرنے کی کوئی وجہ نہیں۔

علاوہ ازیں (بقول جیون لال ایک انگریز پرست اور غدار) بریلی سے جنرل بخت کی قیادت میں آئی فوجوں کا حکیم احسن اللہ خاں کے ذریعے استقبال کیا جانا (ص ۷۸) موسم برسات میں باغی سپاہیوں کے لیے مکان کا انتظام کرنا (ص ۷۸) حکیم عبدالحق ایک انگریز دشمن کے الزام کو غلط ثابت کرنا اور اسے بچانے کی کوشش کرنا (ص ۷۹) حکیم احسن اللہ خاں کا شہزادگان کو مختلف رجمنٹوں کی کمان لینے کا حکم صادر کرنا (ص ۸۲) کیا یہ کسی بھی صحیح الدماغ آدمی کو سمجھنے کے لیے کافی نہ ہوگا کہ ان کو کیوں نہیں اولین مجاہدین آزادی کا سپاہی قرار دیا جائے۔ جب بہادر شاہ پر انگریزوں نے مقدمہ قائم کیا تو یہاں بھی حکیم احسن اللہ خاں کو بادشاہ کا حریف بتایا کیا گیا۔ اس سلسلے میں حکیم سید ظل الرحمٰن کی مندرجہ ذیل عبارت کو غور سے پڑھنے کا تقاضہ احسن معلوم ہوتا ہے:

۲/اپریل کو کمیشن نے فیصلہ سنایا اور سات ماہ کی نظر بندی کے بعد
شاہ رنگون جلاوطن کیا گیا۔ مقدمے میں حکیم احسن اللہ خاں کے
بیانات کو لے کر انھیں شاہ مخالف اور مزید متہم کرنے کی کوشش کی
گئی ہے، کسی کے لیے بھی اس سے انکار کی گنجائش نہیں ہے کہ
جہاں تک حکیم احسن اللہ کاں کی گواہی اور بیانات کا تعلق ہے وہ
صرف ان کی مجبوری اور حالت کا اقتضا ہے۔ انگریزوں کو بہر حال
بہادر شاہ پر فرد جرم عائد کر کے انھیں خطا وار ثابت کرنا اور ان کی
معزولی کو جائز قرار دینا تھا۔ اس میں حکیم احسن اللہ خاں یا
دوسرے گواہوں کے بیانات اور شہادتوں کی رتی برابر کوئی اہمیت
نہ تھی۔ مقدمہ کیا تھا محض خانہ پری اور سوچے سمجھے منصوبے کے
تحت ایک دکھاوا ظابطے کی کاروائی تھی۔ وہ تو ظلم واستبداد، دہشت
وغارتگری اور غیر ملکی وغیر جمہوری حکومت کا زمانہ تھا۔ آج اکیسوی
صدی اور آئینی وجمہوری دور میں جب کہ انسانی حقوق کی عالمی
اور ملکی سطح پر بہت سے تنظیمیں کام کر رہی ہیں، پولس جس طرح
زبردستی بیانات دلواتی ہے، وہ کسی سے پوشیدہ نہیں ہے۔ انیسوی

صدی کے اس ملک دشمن زمانہ میں جو حالات تھے ان کا آج تصور
بھی نہیں کیا جا سکتا ہے۔الزام تراشی اور کسی کے خلاف بھی کچھ
لکھنا اور کہنا بہت آسان ہے لیکن اس وقت جو سنگین اور خطرناک
صورت حال تھی ،اس میں حکیم صاحب نے متوازن بیان دیا، وہ
اپنی جگہ قابل ستائش ہونا چاہیئے، نہ کہ لائق تعزیر (ص ۲۸)

حکیم صاحب نے اس سلسلے میں مزید وضاحتیں بڑی ہی عرق ریزی سے پیش کی ہیں۔ملاحظہ فرمائیں:

حکیم احسن اللہ خاں کی برأت کا بہت بڑا ثبوت وہ مخالفانہ بیان
ہے کہ جو ایک عیسائی مختار غلام عباس نے بہادر شاہ کے مقدمہ کے
دوران دیا تھا۔ یہ بیان سراسر حکیم احسن اللہ خاں کے خلاف تھا اور
اس سے اس آفت کی گھڑی میں عیسائیوں اور انگریزوں سے حکیم
صاحب کی مخالفت اور دشمنی ظاہر کرنی مقصود تھی۔ میں سمجھتا ہوں
کہ حکیم صاحب پر انگریزوں کی مواقفت کے الزام کی تردید میں
تنہا مختار غلام عباس کا یہ بیان بہت کافی ہے۔اس نے اپنے بیان
میں کہا:

میں مرزا عظیم بیگ (جو بے قاعدہ سواروں کے ایک پینشن یافتہ
افسر تھے) کے مکان میں روپوش ہوا۔ جہاں میں ایک دن اور
ایک رات رہا۔دوسرے روز وہ کہنے لگے کہ میری روپوشی کی خبر
ہمایوں کو ہوگئی ہے، مسٹر جارج اسکنیر بھی انہی کے مکان میں
روپوش تھے۔مرزا عظیم بیگ جن کے یہاں ہم رہتے تھے، بادشاہ
کے پاس ہماری حفاظت کے لیے گارڈ لینے گئے۔انھوں نے ایک
گھنٹہ بعد خبر بھیجی کہ طبیب شاہی احسن اللہ خاں بوجہ عیسائیوں کو
پناہ دینے کے ان سے (یعنی مرزا عظیم بیگ) بہت ناخوش ہوئے
ہیں(کیوں کہ احسن اللہ خاں، مرزا صاحب کے قرابت دار

تھے) اور ہمیں فوراً ان کے مکان سے نکل جانا چاہیے (ص ۲۹)

آگے حکیم سید ظل الرحمٰن لکھتے ہیں:

اس ہنگامہ دار و گیر میں حکیم صاحب نہ باغیوں کے مخالف
تھے۔اور نہ ان کے موافق۔ان کا تعلق اس تیسرے طبقے سے
تھا، جو باغیوں کی کامیابی پر یقین نہیں رکھتا تھا۔اور وہ سمجھتا تھا کہ
ان کا عمل بادشاہ کو سخت نقصان پہنچا سکتا ہے۔ یہ لوگ ہر قیمت پر
بادشاہ کا اقتدار برقرار رکھنا چاہتے تھے۔اور بادشاہ کا وقار اور ان
ک عزت و حرمت بچانے کی کوشش میں تھے۔ان کی وجہ سے
جنگ آزادی کو کسی قسم کا نقسان نہیں پہنچا اور نہ یہ کسی طرح اس
کے آڑے آئے۔ اس زمانے میں ہر ذی شعور کو صورت حال کا
اندازہ تھا۔ بادشاہ خوب اچھی طرح سمجھتے تھے کہ ان کی حکومت چند
روزہ ہے۔جلد ہی انگریز ہندوستان پر قابض ہو جائں گے اور لال
قلعہ میں جو چراغ ٹمٹما رہا ہے، اس کی روشنی گل ہو جائے گی (ص
۳۰)۔

کیا اب بھی اس امر کی وضاحت کی ضرورت ہے کہ حکیم صاحب کا کردار ۱۸۵۷ء کی پہلی جنگ آزادی کے دوران کس نوع کی سیاسی قدروں کا پاسدار تھا اور انھوں نے اپنے آقا سے کیوں کر وعدہ وفا کرنے کا رشتہ جیتے جی بنائے رکھا۔اگر اس کتاب کو آپ پڑھیں تو آپ اس نتیجے پر بھی پہنچیں گے کہ حکیم احسن اللہ خاں کے اس وقت جتنے جگری دوست تھے سب کے سب انگریز مخالف تھے سوائے غالب کے جن کی انگریز دشمنی سے نہ انگریزوں کا کچھ بگڑ سکتا تھا نہ بادشاہ پرستی سے بادشاہ کو۔یہی وجہ ہے کہ حکومت انگلشیہ کی جانب سے جن جن ہندوستانیوں کو خطابات وانعامات اور جاگیر عطا کی جاتی رہی ہیں۔ ان میں دور دور تک حکیم احسن اللہ خاں کا نام نہیں ہے۔کیوں نہیں ہے؟ مورخین کو اس تاریخی صداقت کو شرحیاتی فکرمندی کا حصہ بنانا چاہیے اور حکیم سیّد ظل الرحمٰن نے اس پر نگاہ رکھی ہے۔

حکیم سید ظل الرحمٰن نے غالب کے ان خطوط کا بھی حوالہ دیا ہے جن کے مطالعے سے ان کے معروضات کی توثیق ہوتی ہے۔ مثلاً خط ۱۲؍جون ۱۸۵۹ء بہ نام شیونارائن، نومبر ۱۸۵۸ء بنام مرزا تفتہ، یکم اپریل ۱۸۵۸ء بہ نام حکیم غلام نجف خاں اور ۲۸؍جولائی ۱۸۵۹ء بہ نام نواب حسین مرزا۔ ان جملہ خطوط کے مطالعے سے یہ حقیقت سامنے آتی ہے کہ حکیم صاحب پر انگریزوں کی نظر ہے اور حکم ہے کہ وہ بغیر اطلاع کے دہلی سے باہر نہ جائیں۔ ہر ہفتے کچہری میں حاضر ہوں وغیرہ۔ غالب کی بار بار اصرار کے باوجود بھی انھوں نے کسی بھی اس عہد کے گورنر جنرل کے دربار میں حاضری نہیں دی نہ انھیں کبھی کسی انگریزی سرکار کے دفتر یا دربار کے کسی پروگرام میں مدعو کیا گیا۔ ایسا کیوں؟ اس پر غور کرنا چاہیے۔

حکیم سید ظل الرحمٰن نے حکیم صاحب پر لگائے گئے الزامات کی تردید میں جذبات سے گریز کرتے ہوئے معروضی رائے قائم کی ہے اور شواہد، استناد اور حواشی و حوالے کا حد درجہ خیال رکھا ہے۔ حالانکہ غدر کے بارے میں اور غدر جنگ آزادی ہے یا نہیں؟ وہ جو انگریزوں کے ساتھ اور وہ جو باغیوں کے ساتھ تھے، ان کی اصل صورت کیونکر دکھائی جائے، اس سلسلے میں بیشتر مؤرخین نے فاش غلطیاں کی ہیں جیسے پرشوتم سالوی نے اپنی کتاب A long Drawn War میں حکیم کی حویلی کے لٹنے کا ذکر تو کیا ہے مگر اس نے جنگ آزادی کے سپاہیوں کی فہرست میں حکیم احسن اللہ خاں کو شامل نہیں کیا ہے اور یہ ایک بڑی غلطی ہے۔ اس نوع کی غلط معلومات سے انگریزی کتابیں جو تاریخ کے مذکورہ مسائل پر مبنی ہیں بھری پڑی ہیں۔ یہ بات بھی از روئے حکیم ظل الرحمٰن غلط ہے کہ جب حکیم صاحب کے خطوط باغیوں کے ہاتھ لگے اور باغیوں نے حکیم صاحب کو قتل کرنا چاہا تو بادشاہ ظفر نے انھیں بچایا اور پھر حکیم نے بادشاہ کو متنبہ کیا کہ برٹش حکومت کے سامنے ہتھیار ڈال دیں۔ بادشاہ نے جب ایسا کیا تو بدلے میں حکیم نے ان پر چلائے گئے مقدمے میں ان کو بچانے کے لیے معتدل بیان دیا۔ بہت سے مورخ یہ بھی لکھتے ہیں کہ حکیم صاحب نے بادشاہ کے خلاف بیان دیا۔ یعنی بے پر کی اڑا دی گئی ہے اور یہ باتیں تحقیق سے عاری باتیں ہیں۔ ان جملہ حقائق پر حکیم سید ظل الرحمٰن کے تحقیقی معروضات قرین قیاس معلوم ہوتے ہیں۔ اس وقت جنرل سدھاری، ہیرا سنگھ بریگیڈیر ہریانہ رجمنٹ گوری شنکر، جیون لال، مولوی سرفراز، ماسٹر رام چندر، چمن لال، زینت محل اور الٰہی بخش خاں معروف

(جو مخبری انگریزوں کے واسطے کرتے تھے۔ یہ وہ معروف ہیں جو انگریزوں کو یہ بتاتے تھے کہ بادشاہ کے عزیز و اقارب میں کون ایسا ہے جو باغیوں کے قریب رہا ہے۔ یہی وجہ ہے انگزیری مورخین معروف کو Traitor of Delhi سے موسوم کرتے ہیں) اور جن انگریزوں یا انگریزی زبان کے مورخین نے حکیم احسن اللہ خاں اور معروف کے فرق کو نہیں سمجھا ہے، ان کی تاریخ نگاری کی صحت مشکوک ہے۔ William Dal Rymple نے اپنی کتاب The Last Mughal کے ابتدائی حصے بعنوان Dramatio Personae میں یہ لکھا ہے کہ حکیم صاحب جن کے زینت محل سے تعلقات اچھے نہ تھے ۱۸۵۷ء کے غدر کے زمانوں میں اچھے ہو گئے تھے اور ریمپل نے یہ بھی کہا ہے کہ حکیم صاحب نے بادشاہ کے خلاف ثبوت فراہم کیے (ص ۳۱)۔

بہادر شاہ ظفر کے بارے میں کہ وہ انگریزوں کے خلاف تھے یا طرفدار، اس پر بھی کئی رائے سامنے آئی ہیں جو تحقیق سے عاری ہیں اور غیر سائنسی مطالعے کی مثالیں ہیں۔ ریمپل نے لکھا ہے کہ Zafar was no Friend of the British۔ عقل اگر ہو تو سمجھنے کی ضرورت یہیں پر تھی کہ حکیم احسن اللہ خاں آخر کس کے بہی خواہ یا دوست تھے؟ ظفر برٹش کے دوست نہیں تھے تو کیا اس حقیقت کے پیش نظر شبہ نہیں کیا جا سکتا کہ حکیم بھی برٹش کے دوست نہیں ہوں گے لیکن ریمپل نے اس پر غور اس لیے نہ کیا کیونکہ کہ بہر صورت وہ انگریز ہیں۔ Wikipedia نے بھی یہی باتیں ریمپل کے حوالے سے لکھی ہیں۔

اسلم پرویز کی کتاب بہادر شاہ ظفر: شخصیت اور شاعری کا انگریزی ترجمہ اطہر فاروقی نے کیا ہے بعنوان "The Life and Poetry of Bahadur Shah Zafar"۔ وہ Introduction کے تحت بہت پتے کی بات اس امر کی وضاحت میں لکھتے ہیں کہ بہادر شاہ کی ۱۸۵۷ء میں کیا پوزیشن تھی۔ آیا وہ حکومت برطانیہ کے حمایتی تھے یا باغی۔ وہ لکھتے ہیں:

> The treaties on Zafar, appearing between 1857 and 1957, primarily display two paradoxical approaches: several authors depicted him as a hero of the war of 1857 while others portrayed him as British agent. The emperor's favourite wife, Begum Zeenat Mahal,

could be held responsible for the latter perception - involved as she was in secret deals with the British, in a bid to get her son Jawan Bakht appointed as successor of the throne. Though these efforts did not yield any results for the begum, they certainly brought the emperor's name into disrepute (p 32).

حکیم سید ظل الرحمٰن اپنی اس کتاب میں ایک بیدار مغز تاریخ داں اور اسکالر ہونے کے ثبوت ہر ہر قدم پر دیتے ہیں اور سخن فہم ہونے کو ترجیح دیتے ہیں کسی کے طرفدار نہیں۔ انہیں معلوم ہے کہ ۱۸۵۷ء کے آس پاس کے ہندوستان میں بیسویں صدی کے قومی اور وطنی آئیڈیالوجی کا چہرہ صاف نہیں تھا۔ ان کی نگاہ حکیم صاحب کی اصل تصویر پیش کرتے وقت ان مباحث پر ہے کہ ۱۸۵۷ء کی کی بغاوت کو کیا نام دیا جائے؟ جنگ آزادی کی اولین کوشش یا کیا؟ محمود فاروقی نے اپنی کتاب Besieged Voices from Delhi 1857 میں ساتھ ہی S.N. Sen، Eric Strokes، R.C. Majumdar، V.D. Sawavkar، P.C. Joshi اور S.D. Chaudhary وغیرہ جیسے مورخوں نے اس پر غور کیا ہے کہ یہ جنگ آزادی تھی یا نہیں؟ غور کرنے کی ضرورت اس لیے پڑی کیونکہ اس سے پہلے ایسی لڑائی کی ضرورت نہیں پڑی تھی کیونکہ برطانوی حکمرانوں سے کسی راجہ کو پریشانی نہیں تھی اور اب غدر کے وقت انہیں راجاؤں اور نوابوں پر خطرات کے بادل منڈرانے لگے تھے۔ ساتھ ہی مذہب اور تہذیب کے خطرے میں پڑ جانے کا بھاری مسئلہ آن کھڑا ہوا تھا۔ مجومدار اسے قومی جنگ نہیں مانتے۔ ایس این سین اور ایرک اسے بغاوت قرار دیتے ہیں۔ پی سی جوشی، چودھری اور کے سی یادو کا خیال ہے کہ بغاوت تو ہوئی مگر آزادی کا واضح تصور بغاوت کرنے والوں کے ذہن میں نہیں تھا۔ Twilights of the Mughals میں باغیوں کے اس عمل سے عوام پر کیا اثرات مرتب ہوئے تھے نیز برطانوی شہریوں، ملیٹریوں پر اس ہنگامے کے کیا اثرات مرتب ہوئے اس کا مطالعہ پیش کیا گیا ہے۔ آج یہ بات بھی تاریخی طور پر ثابت ہو چکی ہے کہ غدر کے وقت ظفر بادشاہ شطرنج نہیں کھیل رہا تھا بلکہ پیسے جمع کر رہا تھا، حکم جاری کر رہا تھا، عوام کی زندگی بچا رہا تھا۔ باغی اس کے حکم پر چل رہے تھے۔ مرزا مغل کی صدارت میں باغیوں کی میٹنگ ہوئی

تھی۔ یہ بھی تحقیق سے ثابت ہے کہ اس وقت عوام کی رائے کس قدر گومگو والی تھی اور باغیوں، مفاہمت پسندوں نیز برطانوی حکومت کے درمیان عوام کس طرح پنڈولم کی طرح جھول رہی تھی۔ ایسے میں پچھلے صفحے پر حکیم ظل الرحمٰن کے معروضی مطالعے پر مبنی رائے دوبارہ پڑھیے جہاں انھوں نے یہ کہا ہے کہ ''اس ہنگامہ دار و گیر میں حکیم صاحب نہ باغیوں کے مخالف تھے اور نہ ان کے موافق..... ان کا تعلق اس تیسرے طبقے سے تھا جو باغیوں کی کامیابی پر یقین نہیں رکھتا تھا (ص ۹۰)''۔ اب وثوق سے یہ بات کہی جا سکتی ہے کہ مذکورہ مورخین ہی کی طرح حکیم ظل الرحمٰن بھی ۱۸۵۷ء کی جنگ کو ایک مخصوص زاویے سے دیکھتے نظر آ رہے ہیں اور ان کا یہ نظریہ قابل قبول معلوم ہوتا ہے۔ وہ اپنی کتاب میں اس حقیقت کی تشریح کرتے ہوئے یہ بھی کہتے ہیں کہ:

> ۱۸۵۷ء کی اس جنگ آزادی میں تین طبقے تھے۔ ایک انقلابی دوسرے انقلاب مخالف تیسرا جو پوری طرح بہادر شاہ اور ان کے رہے سہے وقار کو بچانے میں دلچسپی رکھتا تھا۔ خود بادشاہ اسی طبقہ میں تھے۔ حکیم احسن اللہ خاں کی بھی یہی کوشش تھی کہ کسی طرح شورس رفع ہو اور بادشاہ کی برائے نام جو حکومت ہے، وہ قائم رہے (ص ۳۳)۔

کیا اب بھی یہ بتانے کی ضرورت ہے کہ حکیم احسن اللہ خاں بطور حکیم اور سیاسی شخص کے غدار نہیں بلکہ موجودہ ملکی نظام کے تحفظ اور امن کے خواہاں ہیں۔ وہ قطعاً انگریزوں کے دوست نہیں اپنے ملک کے وفاداروں میں ہیں اور پھر باغی صرف باغی ہی کہاں رہ گئے تھے وہ تو اپنے ہی ملک کے لوگوں پر عذاب بن کر ٹوٹ پڑے تھے۔ آپ اگر حالیہ زمانے کے کچھ جدید مضامین جیسے جاوید اقبال کا Mutiny or war of Independence, determining the true Nature of Uprising of 1857 وغیرہ پڑھیے تو اندازہ ہوگا کہ اصل صورتحال کیا تھی۔ پی سی جوشی جیسے مورخ نے بھی سنی سنائی باتیں رواروی میں لکھی ہیں۔ یہ بات اس لیے کہی جا سکتی ہے کہ انھوں نے ۱۸۵۷ء کے زمانے کے مکمل حوالے کو ذہن میں نہیں رکھا یا انھوں نے سہل پسندی سے کام لیا۔ جوشی نے بھی ریمپل کی طرح حکیم صاحب کو عیسائیوں کا دوست کہا ہے۔[۳۴] لیکن اپنے مضمون ہماری تاریخ

میں ۱۸۵۷ء میں ہی ایک قابل غور بات بھی لکھی ہے یعنی جہاد کا فتویٰ تو انگریزوں کے خلاف جاری ہوا تھا لیکن اس عہد کے ہندو بھی یہ سمجھنے لگے تھے کہ یہ ان کے خلاف بھی جاری کیا گیا ہے۔ جوشی لکھتے ہیں:

> جب بقرعید (جسے وہ عید لکھ گئے ہیں اور یہ صحیح نہیں) کا تہوار آیا تو بادشاہ نے احکام جاری کیے کہ کوئی گائے ذبح نہ کی جائے اگر کوئی مسلمان ایسا کرے گا تو توپ سے اڑا دیا جائے گا۔ انگریزوں کے دوست حکیم احسن اللہ خاں نے اس حکم پر اعتراض کیا اور کہا میں مولویوں سے مشورہ کروں گا (ص ۳۵)۔

جوشی نے یہاں دوبارہ حکیم احسن اللہ خاں کو انگریزوں کا دوست قرار دیا ہے اور یہ غور نہیں کیا ہے کہ جہاد کا کا فتویٰ کس نے دیا؟ اور حکیم صاحب کتنے سخت گیر مسلمان ہیں اور ان کا رشتہ سیدھے ولی اللہ سے کیونکر جا ملتا ہے جو انگریز دشمنی میں اپنا ثانی نہیں رکھتے۔ ریمپل یا جوشی یا دوسرے مورخین کو جاننا چاہیے کہ تاریخ من گھڑت کہانی نہیں ایک شرحیاتی عمل ہے اور از خود ایک بیانیہ ہے۔ ماضی کو از سر نو تشکیل دینا آسان کام نہیں۔ اس کے لیے افسانویت کا سہارا مثبت انداز میں لیا جاتا ہے۔ حکیم سید ظل الرحمٰن ان حقائق سے حد درجہ آگاہ معلوم ہوتے ہیں اسی لیے وہ اردگرد کی زندگی کے ہر اسلوب سے رشتہ پیدا کرتے ہوئے ہر سیاق و سباق میں کسی حقیقت کو دیکھنے کی سعی کرتے ہیں۔ انہیں یہ احساس ہے کہ ہمیں اس عہد کے حقائق پر نگاہ ڈالنے سے قبل یہ معلوم ہونا چاہیے کہ بہادر شاہ ظفر کے ایام اسیری کا کارڈ دیکھنا کیوں ضروری ہے۔ شمیم طارق جو غالب کی انگریز پرستی کے سخت نکتہ چیں ہیں، نے لکھا ہے:

> غالب ان لوگوں میں تھے جنھیں ہندوستان کے تباہ ہونے یا غلام ہونے کا نہیں بلکہ اپنی پنشن و خلعت سے محروم ہونے کا غم کھائے جا رہا تھا۔ وہ پوری طرح انگریزوں کے طرفدار تھے مگر یہ بھی جانتے تھے کہ انگریزوں کی طرفداری کے شبہ میں عوام نے حکیم احسن اللہ خاں ایسوں کا کیا حشر کیا ہے؟ اس لیے انھوں نے اپنے

> خطوط خصوصاً نواب یوسف علی خاں ناظم کو لکھے ہوئے خطوط کو ضائع کرنے کی تاکید کی (ص ۳۶)۔

شمیم طارق نے ۱۸۵۷ء کی جنگ آزادی کے مآخذ پر باریکی سے نظر ڈالی ہے لہٰذا جہاں انھوں نے راست طور پر غالب کو انگریزوں کا طرفدار کہا ہے وہیں حکیم صاحب کو طرفداروں کے شبہ کے خانے میں رکھا ہے یعنی اس سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ وہ بھی حکیم احسن اللہ خاں کو انگریزوں کا طرفدار نہیں مانتے، یعنی ان پر باغیوں نے فقط شبہ کیا تھا۔ بعد میں ظاہر ہے کہ باغیوں کو ندامت بھی ہوئی۔ اتنا ہی نہیں ہمارے ان نام نہاد مورخین کی سرسری تحقیق کی اصل حقیقت ایک ویب سائٹ نے بھی کھول دی ہے۔ آپ دیکھیے http//www.quora.com جہاں پر اس سوال کا جواب دیکھا جا سکتا ہے کہ وہ کون سے ہمارے لیڈر ہیں جنھوں نے آزادی کی اولین جنگ میں حصہ لیا تو اس فہرست میں ۱۳ ناموں کے علاوہ کچھ اہم حصے داروں کے ناموں میں اول نام حکیم احسن اللہ خاں کا لیا گیا ہے یعنی Hakim Ahsanullah, Chief Advisor to Bahadur Shah Zafar۔ IAS امتحان کے لیے تیار شدہ Modern Indian History میں Rebellions/Revolt کے بارے میں پڑھیں اس میں بھی حکیم احسن اللہ خاں کا نام نمبر ۹ پر ہے۔ ایسے میں پی سی جوشی اور ریمپل یا اسلم پرویز وغیرہ کی رائے کی کوئی حیثیت نہیں رہ جاتی۔ ان معروضات کی روشنی میں حکیم سید ظل الرحمٰن نے حکیم احسن اللہ خاں کے بارے میں جو رائے قائم کی ہے (کہ احسن اللہ خاں قطعاً غدار نہ تھے۔ انگریزوں کے وفادار نہ تھے اور اپنے آقا بہادر شاہ ظفر سے انھوں نے دغا نہیں کی۔) صد فیصد درست قرار پاتی ہے۔ ابھی بہت کچھ ایسا ہے جس پر غور کرنے سے اس موضوع پر بہت سے نئے انکشافات کیے جا سکتے ہیں۔ ان مسائل پر اب بہت اہم دستاویزات پہلے کے مقابلے آسانی سے دستیاب ہیں جیسا کہ اطہر فاروقی نے بھی لکھا ہے:

> With independence, political and social conciousness grew, leading to serious reappraisal of problems and the practice of scientific study gained currency. Welcome strides were made in the sphere of learning

and research in India, and the basis of a scientific approach to the study of history was laid with the establishment of the Indian Council of Historical Research. While a rich collection of documents - Mutiny papers and documents pertaining to the arrest of Bahadur Shah Zafar and his subsequent banishment to Rangoon in 1858 - was preserved in the safe custody of the National Archieves, no one bothered to actually study the dcuments (p 37).

اطہر فاروقی کی اس رائے کے علاوہ اس وقت فوج اور دیگر محکموں میں لندن سے کون کون افسر آئے اور ان کا ذہن کیسا تھا اس پر بھی غور کریں تو نئے حقائق سامنے آئیں گے۔ حکیم صاحب نے جس طرح ہر زاویے سے حکیم احسن اللہ خاں کو دیکھا ہے اور ان کے عہد کی ادبی نثر اور شاعری کے نمونوں پر نگاہ رکھی ہے نیز اس عہد کے علوم خاص طور سے طبی نکات اور دیگر تہذیبی مظاہر کے پیش نظر حکیم صاحب کی شخصیت کی بازیافت کی ہے، اس تناظر میں ان کی کتاب حکیم احسن اللہ خاں کو ہم Academic History ہی نہیں بلکہ Inpirational History کی بلیغ مثال قرار دے سکتے ہیں یعنی انھوں نے یہ کتاب تاریخ نگاری کے جدید تناظر کی روشنی میں لکھی ہے تاکہ نئے تاریخی، تہذیبی اور علمی ہیرو ہمارے سامنے آئیں۔ حکیم سید ظل الرحمٰن اپنی صرف اسی کتاب کی بنیاد پر ہمیشہ احترام کے ساتھ یاد کیے جاتے رہیں گے ہر چند کہ انھوں نے علم وادب کی دنیا میں بہت سی یادگاریں قائم کی ہیں۔

حوالے:

جوشی، پی۔سی۔ انقلاب ۱۸۵۷۔ ترقی اردو بیورو۔نئی دہلی،۱۹۷۲۔

طارق، شمیم۔ غالب اور ہماری تحریک آزادی۔۲۰۰۷۔

ظل الرحمٰن، حکیم سید۔سید حکیم احسن اللہ خاں۔ابن سینا اکیڈمی، ۲۰۱۸۔

قریشی، سلیم وکاظمی، عاشور، (مدیران)۔غداروں کے خطوط۔انجمن ترقی اردو، ۲۰۰۱۔

Rymple, William Dal. The Last Mughal. Penguin India, 2006.

Parvez, Asalma. The Life and Poetry of Bahadur Shah Zafar. (Tr.). Ather Farooqui. Hay Hsouse, 2017.

Dagh Dehlvi: Ma b'ad nau aabadiyati tanazur
Nasir Abbas Naiyyar
Associate Professor, Department of Urdu, Punjab University Oriental College, Lahore
Urdu Studies (Bilingual Kitabi Silsila 1) 2019

داغ دہلوی: مابعدنوآبادیاتی تناظر

ناصر عباس نیّر
ایسوسی ایٹ پروفیسر، شعبۂ اردو
پنجاب یونی ورسٹی اورینٹل کالج، لاہور۔

مابعدنوآبادیاتی مطالعات کی اہم ترین جہت، ان سب تاریخی بیانیوں اور تنقیدی محاکموں پر نظرِ ثانی سے عبارت ہے جو انگریزی نوآبادیات کے قیام کے ساتھ ہی معرضِ وجود میں آئے۔ نظرِ ثانی کی ضرورت کا احساس اس 'علم' (جس کے بنیادگزار ایڈورڈ سعید ہیں) کے نتیجے میں ہوا کہ نوآبادیاتی نظام ایک نئے سیاسی بندوبست سے بڑھ کر تھا۔ یورپ نے سترھویں تا بیسویں صدی کے دوران میں اپنی نوآبادیوں کی تاریخ، ثقافت، مذاہب، ادب اور زبانوں کے بارے میں جدید سائنسی انداز میں تحقیقات کیں، اور علم کا ایک بڑا ذخیرہ وجود میں لائے۔ نوآبادیوں کے بارے میں یہ 'علم'، علم کی خالص شکل نہیں تھی بلکہ سیاسی اغراض سے مملو تھی۔ یورپی منتظم اور مستشرق (سوائے چند مستثنیات کے) ایک دوسرے کا دست و بازو بنے۔ گویا نوآبادیاتی نظام، نمائندگیوں کے پرانے و نئے نظام پر اجارے، نسلی و مذہبی تفریق کو بہ طور حکمت عملی اختیار کرنے، ادبی کینن سازی، یورپ کی آفاقیت کے تصور کو مقبول بنانے، مقامی ثقافت کی بے دخلی و تنسیخ و خاموشی جیسے طریقوں کا حامل تھا جن سے قبل نو آبادیاتی عہد کی امپیریل طاقتیں نابلد تھیں، اس لیے کہ تب نہ تو چھاپہ خانہ تھا اور نہ سرمایہ دارانہ نظام تھا

اور نہ جدید کاری تھی۔ یورپی نوآبادیات کے قیام میں ان تینوں کا کلیدی کردار تھا۔ بحری طاقت اور ٹیلی گراف (۱۸۵۷ء کی جنگ آزادی کو کچلنے میں خصوصاً ٹیلی گراف کا اہم کردار تھا) کے بل پر یورپ ہندوستان کو شکست دینے میں کامیاب ہوا تھا، مگر اسے محکوم بنانے، دیسی باشندوں سے اپنی حاکمیت اور ان کی محکومیت تسلیم کروانے اور اس خطے کی ثقافتی روح میں بنیادی نوعیت کی تبدیلیاں لانے میں ان عناصر کا ہاتھ ہے جن کا اوپر ذکر ہوا ہے۔ جسے حکمراں کی نظر یعنی Ruler's gaze کا نام دیا گیا ہے، وہ ہندوستان کے نئے تعلیمی نظام، اصلاحی تحریکوں اور ان کی خاطر وجود میں آنے والی کتب میں سرایت کیے ہوئے ہے۔ مابعدنوآبادیاتی تنقید 'حکمران کی نظر' اور اس کے طے کردہ معیارات کا جائزہ، مقامی نظر یعنی Indeginous gaze کے تحت لیتی ہے۔ وہ حکمران کی نظر کے جواز سے لے کر اس کے ان ثقافتی، ادبی اور نفسیاتی اثرات و مضمرات کا تجزیہ کرتی ہے جو اپنی قدیمی یا بدلی ہوئی صورت کے ساتھ آج بھی ہماری یادداشت، شعور اور فہم کا فعال حصہ ہیں۔ لہٰذا یہ حیرت کی بات نہیں کہ آپ کو آج بھی سیاست و صحافت سے لے کر ادیبوں اور جامعات کے اساتذہ میں ایسے لوگ مل جاتے ہیں جو نوآبادیاتی نظام کے حق میں دلائل لاتے ہیں اور جنھیں یہ رائے سرعام ظاہر کرنے میں عار محسوس نہیں ہوتی کہ اگر انگریز نہ آتے تو ہم صدیوں پیچھے ہوتے، نہ ریل ہوتی، نہ کالج اور یونیورسٹیاں ہوتیں، نہ ہسپتال اور پختہ سڑکیں ہوتیں۔ اس کا سبب اس کے سوا کچھ نہیں کہ ان خواتین و حضرات کا فہم و شعور انھی تاریخی بیانیوں سے مرتب ہوا ہے جو نوآبادیاتی حکمرانوں نے وضع کیے، جن کی بنیاد قبل نو آبادیاتی عہد کی تاریخ کو مسخ کرنے پر تھی یا اس تاریخ کو یادداشت سے محو کرنے پر تھی اور اپنے نظام حکومت کی مدح سرائی پر تھی۔ نوآبادیاتی عہد کے تعلیمی نصابات، اخبارات اور تاریخوں میں ریل سے لے کر یونیورسٹیوں تک کو نوآبادیاتی حکومت کی طاقت اور برصغیر کی 'جدید کاری' کی علامتیں بنا کر پیش کیا گیا تھا۔ اس کے پردے میں جو معاشی اور ثقافتی استحصال کیا گیا، برصغیر کو جن بدترین قحطوں سے گزرنا پڑا، جس نسلی و مذہبی فرقہ واریت کا سامنا کرنا پڑا، جن نئی لسانی و گروہی شناختوں سے پیدا ہونے والے تصادمات سے گزرنا پڑا، وہ سب ان بیانیوں میں نظر سے اوجھل رہتا ہے۔ نیز نو آبادیاتی عہد میں برصغیر یورپی جدیدیت کے تصورات سے آشنا ضرور ہوا، مگر یہاں جدیدیت سے زیادہ جدیدیت و روایت کی اب تک ختم نہ ہونے والی کش مکش نے جنم لیا ہے۔ یہ بات کم از کم جنوبی

ایشیا کے مسلمانوں کے سلسلے میں وثوق سے کہی جاسکتی ہے۔ اس کش مکش کی ذمہ داری جہاں خود مسلمانوں پر ہے وہیں یورپی جدیدیت کے تعارف و رواج کے ان طریقوں پر بھی ہے جنھیں انگریزوں نے خالص استعماری مقاصد کے تحت اختیار کیا تھا۔

نوآبادیاتی عہد (اواخر اٹھارویں تا نصف بیسویں صدی) میں ایک طرف وہ مقامی مصنفین تھے جنھوں نے کم وبیش وہی روش اختیار کی جو دیسی ریاستوں کے حکمرانوں کی تھی: محدود خودمختاری کے احساس کے ساتھ استعمار کاروں کی مکمل وفاداری۔ وہ سیاسی اور معاشی پالیسیوں کے ضمن میں قدامت پسند تھے، مگر تعلیم، ادب، عام سماجی زندگی کے سلسلے میں یورپی جدیدیت کے حامی تھے۔ ان کا نمائندہ علی گڑھ ہے۔ دوسری طرف وہ مصنفین تھے جن کا زاویہءنظر اس ثنویت میں جڑیں رکھتا تھا جسے خود یورپی حکمرانوں نے اپنی پالیسیوں، تحریروں اور عام زندگی کے ذریعے رائج کیا تھا، یعنی یورپ وایشیا کی ثنویت۔ اس کے مطابق، یورپ ہر معاملے میں ایشیا سے نہ صرف مختلف ہے، بلکہ برتر بھی ہے؛ دونوں میں کوئی مماثلت ہے نہ دونوں میں مصالحت کی کوئی صورت۔ چناں چہ یہ دوسری قسم کے مصنفین یورپی نوآبادیات اور اس کی لائی ہوئی جدیدیت، انگریزی تعلیمی نظام، اصلاحی کوششوں اور ان کوششوں میں ہاتھ بٹانے والے مقامی باشندوں، سب کے سخت گیر نقاد تھے۔ دیوبند اس کا نمائندہ تھا۔ تیسری قسم کے مصنفین وہ تھے جنھوں نے یورپی جدیدیت کو قبول کیا، یعنی انگریزی تعلیم حاصل کی، یورپی فلسفے، سائنس اور ادب کا مطالعہ کیا اور پھر یورپی نوآبادیات کے خلاف مزاحمت کی۔ ان میں بنگالی مصنفین پیش پیش تھے۔ مابعد نوآبادیاتی تنقید جہاں ہندوستان سے متعلق یورپی علم کا جائزہ لیتی ہے، وہاں مقامی لکھنے والوں کی 'پوزیشن' یا مئوقف کا محاکمہ بھی کرتی ہے۔ چوں کہ اس محاکمے کے نتیجے میں انیسویں اور بیسویں صدی کے کئی مشاہیر کا مئوقف بعض سنجیدہ سوالات کی زد میں آتا ہے، اس لیے ان لوگوں کو گراں گزرتا ہے جو ان مشاہیر کے لیے محض عقیدت کے جذبات رکھتے ہیں۔ سنجیدہ سوالات قائم کرنا، مشاہیر شکنی نہیں، بلکہ ان کی خدمات کا ازسرنو جائزہ ہے۔ چوں کہ ان مشاہیر کی تحریریں اب تک ہمارے ذہنوں پر ایک یا دوسرے انداز میں اثر انداز ہوتی ہیں، اس لیے ان کا جائزہ خود اپنے ذہن کو سمجھنے کی کوشش بھی ہے جو ان تحریروں سے اب تک اثر قبول کرتا ہے۔

اس تمہید کا محرک طارق ہاشمی کی داغ دہلوی پر نسبتاً مختصر کتاب ہے، جس میں اپنے زمانے

کے مقبول ترین شاعر کو نوآبادیاتی تناظر میں سمجھنے کی کوشش کی گئی ہے۔ ان کی یہ شکایت بجا ہے کہ داغ کو اس تناظر میں اب تک نہیں سمجھا گیا۔ ان کے نزدیک اس کی وجہ داغ سے متعلق اردو تنقید کا ایک مقبول بیانیہ ہے۔ انھوں نے اس مقبول بیانیے کا محاکمہ کیا ہے اور اس پر نظرثانی کی اچھی کوشش کی ہے۔ اس مقبول بیانیے کی رو سے، داغ کو زبان، رندی اور رنڈی کا شاعر قرار دیا گیا ہے۔ اس رائے میں جو طنز وتحقیر ہے، وہ چھپائے نہیں چھپتا۔ طنز وتحقیر کا سبب یہ مفروضہ ہے کہ داغ کی شاعری اپنے زمانے کی صورت حال اور اس کے مطالبات سے بیگانہ ہے۔ یعنی جب ہندوستان کو نوآبادیات کی افتاد کا سامنا تھا، داغ طوائف سے عشق کی رمزیں زبان کے چٹخارے کے ساتھ بیان کررہے تھے۔ حالاں کہ داغ (۱۸۳۰ء تا ۱۹۰۵ء) سقوط دہلی اور انگریزی حکمرانی کے پورے ہندوستان پر قائم ہونے کے عینی شاہد تھے۔ طارق ہاشمی اس مفروضے پر سوال قائم کرتے ہیں اور ان لوگوں پر طنزیہ نشتر چلاتے ہیں جو مذکورہ مفروضے کے علم بردار ہیں۔ اس طنز کی ضرورت نہیں تھی۔ طنز خاموش کرنے کے لیے ہوتا ہے، جب کہ دلائل قائل کرنے کے لیے۔ ان کے دلائل قابل توجہ ہیں۔

سوال یہ ہے کہ داغ کی شاعری میں زبان کی رعایتوں اور اس سے پیدا ہونے والے کیف پر ملامت کیوں کی جانے لگی؟ اس کا سادہ جواب یہ ہے کہ ۱۸۵۷ء کے بعد جہاں شاہ واشراف اور اہل حرفہ واجلاف کی سماجی حیثیتیں متاثر ہوئیں، وہیں شاعر کا کلاسیکی منصب بھی متاثر ہوا۔ کلاسیکی منصب، شاعر سے سماجی ذمہ داری کا مطالبہ نہیں کرتا تھا۔ ہر چند شاعر سماج کے آشوب کو موضوع بناتا تھا، مگر اپنی داخلی تحریک پر۔ اب شاعر سے باقاعدہ مطالبہ کیا جانے لگا کہ وہ اپنی تخلیقی صلاحیت کے اظہار کے لیے محض اپنے داخل کی تحریک پر انحصار نہ کرے، بلکہ اسے نوآبادیاتی صورتِ حال کو بدلنے میں بروے کار بھی لائے۔ قوتِ متخیلہ پر قوتِ ممیّزہ کو نگران رکھنے کا مفہوم یہی تھا۔ تاہم دل چسپ بات یہ ہے کہ داغ نے اپنا مشہور شہر آشوب اس وقت لکھا جب ابھی مذکورہ مطالبے نے زور نہیں پکڑا تھا (ویسے داغ بعد میں بھی اس مطالبے کو اہمیت دیتے نظر نہیں آتے)۔ گویا انھوں نے دہلی کی تباہی کا مرثیہ خود داخلی تحریک پر لکھا اور شاید یہی وجہ ہے کہ اس شہر آشوب میں وہ اصلاحی وقومی نقطہءنظر نہیں ملتا جسے انجمن پنجاب اور خصوصاً علی گڑھ تحریک نے شدومد سے پیش کیا۔ جس دہلی میں داغ کا جنم ہوا، جس کی ثقافت کے بہترین نمائندوں کے درمیان ان کی تربیت ہوئی، اسے اجڑتے دیکھا تو اپنے اندر

خالی پن محسوس کیا جسے شہر آشوب کی صورت دی۔خاص بات یہ ہے کہ اس شہر آشوب میں داغ نے اسی سادہ و دلکش اسلوب سے کام لیا ہے جو ان سے مخصوص ہے۔تاہم جب داغ کو زبان اور رندی ورنڈی کا شاعر قرار دے کر مسترد کیا جاتا ہے، اس کی بنیاد ان کی غزل ہے اور اس کا سبب کلاسیکی شاعر کے منصب میں رونما ہونے والی تبدیلی ہے۔

طارق ہاشمی نے زیرِ نظر کتاب کے آغاز میں اردو تنقید کے ایک تضاد کی نشان دہی کی ہے کہ ایک طرف حالی کا تنقیدی بیانیہ مقبول ہے جو شاعر کے تخیل پر اخلاقی وسماجی ذمہ داریوں کا بوجھ ڈالتا ہے اور دوسری طرف میر کی شاعری مقبول ہے، جس کی شعریات کو حالی کی تنقید میں نشانے پر رکھا گیا ہے۔ ویسے تو ہر سماج میں طرح طرح کے تضادات ہوتے ہیں اور اگر یہ انتہائی اور متشددانہ صورت اختیار نہ کریں تو سماج میں ان سے توازن پیدا ہوتا ہے، لیکن حالی کے بنیادی تنقیدی مئوقف اور میر کی شاعری کی بہ یک وقت مقبولیت، تضاد کم اور اس حقیقت کی طرف اشارہ زیادہ ہے کہ میر کی شعریات اٹھارویں ہی نہیں، اگلی صدیوں کے مطالبات بھی پورا کرنے کی صلاحیت رکھتی ہے، اور یہی وجہ ہے کہ بیسویں صدی کی شعری حسیت، اپنی شناخت اور اثبات کے لیے میر کی طرف رجوع کرتی رہی ہے۔ میر کے بعد صرف غالب ہیں جو بجا طور پر اردو کے پہلے جدید شاعر ہیں۔ میر اور غالب کے سوا کوئی دوسرا کلاسیکی شاعر ایسا نہیں جسے جدید عہد میں از سرِ نو دریافت کرنے کی ضرورت محسوس کی گئی ہو۔بعض شعرا کے چیدہ چیدہ اشعار استثنا ہیں۔ کہنے کا مقصود یہ ہے کہ حالی کی تنقید کے بعد کلاسیکی شاعری اپنی شعریات کی بحالی ممکن نہیں بنا سکی۔تاہم یہ کہنا ضروری ہے کہ حالی کی تنقید اس تصورِ دنیا کی پیداوار، مظہر اور نمائندہ ہے، جسے نوآبادیات نے متعارف کروایا۔ اکیلے حالی کے لیے پوری کلاسیکی شاعری کی شعریات کو ساقط کرنا ممکن نہیں تھا۔

طارق ہاشمی نے حالی کے تنقیدی مئوقف کا ذکر قدرے طنزیہ انداز میں کیا ہے، مگر داغ کا دفاع بھی اسی تنقیدی تناظر میں کیا ہے، جس کا اوّل ذکر حالی نے کیا، اور جسے خود ترقی پسندوں نے آگے بڑھایا (طارق ہاشمی نے کتاب میں ترقی پسند نقادوں سبطِ حسن اور خواجہ منظور حسین کے حوالے خاص طور پر دیے ہیں، جنھوں نے داغ کی شاعری کا عمرانی مطالعہ کیا ہے) اور جسے زیادہ گہرائی میں مابعد نوآبادیاتی تنقید پیش کر رہی ہے۔یعنی داغ کی شاعری کی عمرانی تعبیر کی ہے۔

طارق ہاشمی کے نزدیک داغ کی عشقیہ شاعری میں ۱۸۵۷ء و مابعد کی صورت حال کی ترجمانی موجود ہے۔ طارق ہاشمی کے بنیادی مئوقف کے دو اجزا ہیں۔ اردو غزل جمالیات اور جدلیات کا بہ یک وقت احاطہ کرتی ہے۔ یہ جز عمومی ہے اور اس کا اطلاق کلاسیکی، جدید، مابعد جدید غزل پر ہوسکتا ہے۔گویا اردو غزل کی جمالیات بہ حیثیت مجموعی، سماج سے بیگانہ نہیں ہے۔ یہ اصول صرف غزل کے لیے ہی نہیں، دیگر ادبی اصناف کے لیے بھی درست ہوسکتا ہے۔اس اصول کا تعلق ادب کی تخلیق سے زیادہ ادب کے مطالعے اور خاص طور پر ادب کی تعبیر سے ہے۔ یہ درست ہے کہ گزشتہ ڈیڑھ صدی سے ادیب کے تخیل پر سماجی مطالبات پر مبنی ادبی نظریات کا اجارہ قائم ہوا ہے، اور ادیب کے یہاں سماجی جوابدہی اور اس کے نتیجے میں داخلی احتساب کی صورت پیدا ہوئی ہے، اور بیسویں صدی کے بعد سے شاید ہی کوئی ادیب ہو جس کے یہاں سماجی مطالبات اور تخیلی آزادی کے درمیان کش مکش نے جنم نہ لیا ہو۔ اسے نفسیاتی تنقید نے خاص طور پر موضوع بنایا ہے۔ بایں ہمہ ادب اور خصوصاً شاعری کی زبان میں کس طرح جمالیات اور سماجی جدلیات باہم آمیز ہوتی ہیں، ٹکراتی ہیں اور شاعر کا عندیہ کس طرح، زبان کے ثقافتی وسماجی تلازمات کے ہاتھوں تحلیل ہوتا ہے، اسے عمرانی اور مابعد نوآبادیاتی تنقید منکشف کرتی ہے۔

طارق ہاشمی کے مئوقف کا دوسرا جز خصوصی و تاریخی ہے، جس کے مطابق داغ کی شاعری نوآبادیات کے خلاف ردِعمل کو پیش کرتی ہے۔ اس کے لیے انھوں نے داغ کی شخصیت سے متعلق عمومی آرا پر بحث کی ہے؛ ان کی غزل میں ۱۸۵۷ء کے خوں آشام واقعات پر ردِّعمل کے شواہد تلاش کیے ہیں اور ان کے شہر آشوب کا تفصیلی جائزہ لیا ہے جو ۱۸۵۷ء میں دہلی کی تباہی کا مرثیہ ہے، اور جسے مظفر حسین کوکب نے ۱۸۶۳ء میں اپنی مرتبہ کتاب ''فغانِ دہلی'' میں شامل کیا تھا۔لیکن سوال یہ ہے کہ کیا داغ کی زبان اور شعری جمالیات، نوآبادیات کے خلاف ردِّعمل قرار نہیں دی جاسکتی؟ داغ معمولی شاعر نہیں تھے۔ نہ ان کی زبان معمولی ہے، نہ

مضامین۔ بڑی شاعری علامتی ہوتی ہے، بالکل بجا، مگر اس کا مطلب یہ کہاں بنتا ہے کہ بغیر علامت کے اچھی شاعری ممکن نہیں۔ ہمیں اس تاریخی واقعے کو نظر انداز نہیں کرنا چاہیے کہ داغ اس زمانے میں مقبول ہوئے، جب دہلی اور اس کے ثقافتی ادارے اجڑ چکے تھے؛ ان ثقافتی اداروں کے کار

پردازوں اور نمائندوں کو معزول کیا جا چکا تھا یا تہ تیغ۔ جو بچ رہے تھے، وہ یا تو نئی مغربی ثقافتی اوضاع کا ساتھ دینے کی کوشش کر رہے تھے یا گم شدہ ثقافت کے تحفظ کی سعی کر رہے تھے۔ داغ کا شمار آخر الذکر گروہ میں ہوتا ہے۔

مابعد نوآبادیات میں 'ثقافتی حافظے کی گم شدگی' کی اصطلاح کا اکثر ذکر ہوتا ہے۔ اس سے مراد نوآبادیات سے شروع ہونے والی تاریخ ہی کو سب کچھ سمجھنا ہے؛ تعلیم، ثقافت، زبان، تاریخ سے متعلق انھی بیانیوں پر توجہ مرکوز رکھنا ہے اور انھی کے حق یا مخالفت میں تمام تر توانائی صرف کرنا ہے جو نو آبادیاتی عہد میں شروع اور رائج ہوئے۔ اس سے پہلے کے عہد کو اپنے حافظے سے مٹا دیا جاتا ہے۔ ستمبر ۱۸۵۷ء میں جب انگریزی فوج نے دہلی پر دوبارہ قبضہ کیا تو اسے مکمل برباد کیا، اور اس کے بعد اسے نئے سرے سے، نئے قوانین کی روشنی میں 'بسایا'۔ اس عمل کے ذریعے دہلی کو ہندوستانیوں کے ثقافتی حافظے سے محو کرنے کی کوشش کی گئی تھی۔ آگے چل کر نئے اور پرانے کے درمیان واضح لکیر کھینچ دی گئی۔ نئی تاریخیں، نئے نصابات، نئے ادارے، نیا طرز تعمیر، نئی ادبی انجمنیں، نئے ادبی تصورات متعارف ہوئے، جن کی مدد سے پرانے حافظے کو یکسر مٹانے یا اس کے سلسلے میں شرمندگی وحقارت کے جذبات پیدا کرنے کا کام لیا گیا۔ داغ نے اپنی غزل میں جو دہلوی زبان (اور غزل کی جو شعریات) استعمال کی ہے، وہ ثقافتی حافظے کی گم شدگی کی استعماری کوششوں کے خلاف مزاحمت کا درجہ رکھتی ہے۔ سقوط دہلی کے بعد جس طرح دہلی کے شرفا کو بے دخل ہونا پڑا، اسی طرح دہلی کی زبان بھی دہلی سے بے دخل ہوئی (اسے پنجاب میں ٹھکانہ ملا)۔ حفیظ جالندھری نے اسی لیے کہا تھا:

کرلیا ہے عقد اردوے معلّٰی سے حفیظ
قلعہ دہلی سے آئی تھی یہ ٹھکرائی ہوئی

۱۸۵۷ء کے بعد شعرا نے دہلی کی بربادی کے جو مراثی لکھے، ان میں دہلی کی عمارات، اداروں، اشراف، ثقافتی اقدار کے ساتھ ساتھ زبانِ دہلی کا ذکر بھی خاص طور پر کیا ہے۔ دہلی کی زبان پر فخر کا اظہار تو میر کے زمانے سے کیا جاتا رہا ہے، مگر ایک ناقابل تلافی، ہمہ گیر تباہی کے مقابل، اسے واحد محفوظ رہ جانے والے ثقافتی اثاثے کے طور پر ان مراثی میں یاد کیا گیا۔ ایک عظیم میٹروپولیٹن کی مکمل بربادی نے جس المیے کو جنم دیا، اسے سہارنے کے لیے اعصابی مضبوطی کے علاوہ نفسیاتی اور

ثقافتی آسرے درکار تھے۔ اس بات میں یقین کہ دہلی والوں کے پاس اردو زبان کی صورت میں ایک ایسی ثقافتی میراث موجود ہے جسے تباہ نہیں کیا جا سکا اور جس میں گزشتہ کم از کم چار سو صدیوں کی تہذیب محفوظ ہے، نفسیاتی اور ثقافتی آسرا مہیا کیا۔ یہ اشعار دیکھیے جن میں زبانِ دہلی کے تعلق سے اس یقین کو دہرایا گیا ہے۔

سینہ احسن کا جو چیرا تو بہ قول رضواں
دل خوں گشتہ پہ ہے داغ زبان دہلی
(حکیم محمد احسن خاں)

احسن خستہ جگر رفت بہ سوے جنت
حوریاں راگہر آموخت زبان دہلی
(حکیم محمد احسن خاں)

کیا فصاحت کا کہوں حال کسی سے نہ سنی
عرش سے فرش تلک مثل زبان دہلی
(مولوی ممتاز حسین بجنوری)

احمد پاک کی خاطر تھی خدا کو منظور
ورنہ قرآن اترتا بہ زبان دہلی
(حکیم تجمل رسول خاں)

چوں کہ نئے استعماری بندوبست نے اہل دہلی اور ان کی زبان دونوں کو دربدر کیا، اس لیے انھوں نے اسے محفوظ بنانے کی کوشش کی۔ داغ نے دہلی سے نکلنے کے بعد رام پور اور حیدرآباد میں بھی اگر قلعہ معلّٰی کی زبان کو برقرار رکھا تو اس کی وجہ یہی ہو سکتی ہے کہ یہ زبان انھیں نفسیاتی اور ثقافتی آسرا مہیا کرتی تھی۔ ڈاکٹر اسلم پرویز نے درست لکھا ہے کہ:

> داغ دہلی کی زبان اور روزمرہ کے آخری بڑے شاعر تھے۔ انھیں فکر تھی کہ زبانِ دہلی مٹتی جا رہی ہے، اس لیے ان کے ہاں دہلی کی زبان، دہلی کے محاورے اور دہلی کے روزمرے کے تحفظ کا شعوری

احساس تھا۔ان کی غزلوں کے سولہ ہزار شعروں میں سے منتخب چھ
ہزار شعر ایسے ہیں ج وعطف و اضافت سے پاک ہیں اور اس
بات کا ثبوت ہیں کہ داغ کی زبان دہلی کے روزمرہ سے عبارت
ہیں (ص ۱۰۵)۔

دہلوی زبان کو محفوظ کرنے کی فکر داغ کو کس قدر تھی اس کی شہادت 'فصیح اللغات' سے بھی ملتی ہے جس کی تالیف احسن مارہروی نے شروع کی۔ اسے وہ زبانِ دہلی کی لغت کے طور پر مرتب کرنا چاہتے تھے اور تمام اسناد داغ کے کلام سے۔ اگر کسی لفظ، روزمرے یا محاورے سے متعلق داغ کا شعر دستیاب نہ ہوتا تو داغ فوراً شعر کہہ دیا کرتے تھے۔ (افسوس یہ لغت مکمل نہ ہوسکا)۔ خود داغ کو اپنی زبان کے حتمی اور مستند ہونے کا یقین تھا۔

سمجھو پتھر کی تم لکیر اسے
جو ہماری زبان سے نکلا

ہم یہ کہہ سکتے ہیں کہ داغ نے دہلوی زبان کے تحفظ کی کوشش کے ذریعے، ثقافتی حافظے کو گم ہونے سے بچایا۔ (یہی کام شمس الرحمٰن فاروقی نے 'کئی چاند تھے سر آسماں' میں کیا ہے، اور کیسا دل چسپ اتفاق ہے کہ اس ناول کا مرکزی کردار داغ کی والدہ وزیر بیگم ہے)۔ چوں کہ زبان کے ذریعے کسی بھی طرح کا اظہار، ایک مئوقف اور پوزیشن کا اظہار بھی ہوتا ہے، اس لیے داغ کی شعری زبان بھی ایک مئوقف اور پوزیشن کی حامل ہے۔ واضح رہے کہ داغ کے مئوقف اور پوزیشن کی حد کا تعین وہ تناظر کرتا ہے جس میں وہ زبان کے تحفظ کی سعی کرتے ہیں۔ یہ تناظر بلاشبہ جنگ آزادی کے بعد ہونے والی بربادی ہے۔ ان کا تشکیلی دور جس قلعے میں گزرا، وہ تباہ ہوا۔ ان کی یادداشت سے وہ آخر دم تک محو نہیں ہوا۔ صرف محو ہی نہیں ہوا، ان کے تخلیقی عمل میں ایک فعال کردار بھی ادا کرتا رہا۔ چناں چہ طارق ہاشمی جب یہ رائے قائم کرتے ہیں کہ ''ان [داغ] کے اشعار میں وہ پوری داستان رقم ہے جس کی ابتدا میرٹھ سے ہوتی ہے اور دلی شہر کے صرفِ استبداد اور تباہ و برباد ہوجانے پر اختتام پذیر ہوتی ہے''، تو اس میں صداقت ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ ان کی کتاب کا سب سے اہم باب داغ کی غزل کا نوآبادیاتی مطالعہ ہی ہے۔ ان کی رائے میں بس اتنا اضافہ کرنے کی ضرورت ہے کہ داغ کی

غزل میں صرف ۱۸۵۷ء کے واقعات ہی کے اشارے نہیں ملتے، بعد کی صورتِ حال بھی معرض اظہار میں آئی ہے۔ طارق ہاشمی نے داغ کی غزل میں سے وہ ساری کہانی مرتب کی ہے جو لال قلعے میں میرٹھ کے سپاہیوں کے آنے، بادشاہ کے ردعمل، حکیم احسن خاں اور الٰہی بخش کے طرزِ عمل، بخت خاں کے بادشاہ کو قلعے سے نکالنے اور بادشاہ کے انکار اور زینت محل کی سازش کے واقعات سے بنی گئی۔ یوں وہ داغ کی غزل کو جنگ آزادی کی ایک متبادل تاریخ کے طور پیش کرتے محسوس ہوتے ہیں۔ کچھ قارئین کے ذہن میں یہ سوال پیدا ہوسکتا ہے کہ داغ کے اشعار سے جن مخصوص تاریخی واقعات کو اخذ کیا گیا ہے، وہ کہاں تک درست ہے؟ مثلاً مصنف داغ کے اس شعر میں بہادر شاہ ظفر کا ردِّعمل دیکھتے ہیں جو انھوں نے میرٹھ سے آنے والے 'دیوانے سپاہیوں' کو دیکھ کر ظاہر کیا۔

اپنے دیوانوں کو دیکھا تو کہا گھبرا کر
یہ نئی وضع کی کس ملک سے خلقت آئی

ظاہر ہے، اس شعر کا روایتی مفہوم بھی لیا جاسکتا ہے، جس کے مطابق محبوب اپنے عاشقوں کے ہجوم کو دیکھ کر گھبرا جاتا ہے، اور اس کی زبان سے بے ساختہ نکلتا ہے کہ یہ سب کس وضع وڈھب کے ہیں اور کہاں پائے جاتے ہیں، کیوں کہ اس طرح کے ہجوم (جس میں رنگ رنگ کے عاشق شامل ہیں) سے پہلے اس کا پالا نہیں پڑا۔ شعر میں جس محبوب کا تصور ابھرتا ہے، وہ طوائف ہے، جس کے کوٹھے پر ہر طرح کے چاہنے والوں کو آنے کی اجازت ہوتی ہے۔ لیکن جو مفہوم طارق ہاشمی نے اخذ کیا ہے، وہ بھی غلط نہیں۔ نیز یہی شعر کسی اور صورت حال پر بھی صادق آسکتا ہے۔ اصل مسئلہ غزل کے شعر کی تعبیر کا ہے۔ روایتی تعبیر غزل کی کلاسیکی روایت کو پیش نظر رکھتی ہے، مگر عمرانی تعبیر، کسی مخصوص تاریخی صورتِ حال کو۔ دونوں تعبیرات، اپنے اپنے تناظر میں درست ہیں۔ کہنے کا مقصود یہ ہے کہ داغ کے سولہ ہزار غزلیہ اشعار کی نوآبادیاتی تناظر میں تعبیر نہیں کی جاسکتی۔ ان کی غزل کا بڑا حصہ روایتی مفہوم رکھتا ہے، مگر ایک حصہ ایسے اشعار کا ضرور مل جاتا ہے، جن میں داغ کے 'سیاسی مئوقف' کو نشان زد کیا جاسکتا ہے۔ طارق ہاشمی نے بعض ایسے اشعار بھی درج کیے ہیں، جن میں قید فرنگ کا راست مضمون پیش ہوا ہے۔ کچھ اشعار ایسے بھی ہیں جن میں حزن کی کیفیت ہے اور یہ حزن محبوب سے جدائی یا اس کی بے وفائی کا نہیں ہے۔ مثلاً:

پھر شب غم نے مجھے شکل دکھائی کیوں کر
یہ بلا گھر سے نکالی ہوئی آئی کیوں کر
تم دل آزار و ستم گر نہیں میں نے مانا
مان جائے گی اسے ساری خدائی کیوں کر
مرے آشیاں کے تو تھے چار تنکے
چمن اڑ گیا آندھیاں آتے آتے
چھڑا دے قید سے اے برق ہم اسیروں کو
لگا دے آگ قفس کو بھی آشیاں کی طرح

داغ کی شاعری کو پست ثابت کرنے کے لیے ان کی نجی زندگی کی طرف رجوع کیا گیا ہے۔ داغ کی والدہ وزیر بیگم تھیں اور والد شمس الدین احمد۔ یہ سوال کہ ان کے والدین نے نکاح کیا تھا یا نہیں، اس کا تعلق داغ کی ذات سے ہے نہ ان کی شاعری سے۔ اگر نکاح نہیں بھی ہوا تھا تو اس کی ذمہ داری داغ پر کہاں آتی ہے؟ جہاں تک شمس الدین احمد کے ولیم فریزر کے قتل کے الزام میں پھانسی لگنے کے بعد، ان کی جائیداد میں وزیر بیگم کو حصہ نہ ملنے کا تعلق ہے تو اس کی وجہ Twilight of the Mughals کے مصنف پرسیول سیئر کے بہ قول یہ ہے کہ ان کی جائیداد انگریزوں نے ضبط کر لی تھی۔ یوں بھی یہ جائیداد انھی کی عطا تھی۔ دوسری بات یہ ہے کہ وزیر بیگم کی مرزا فخرو سے شادی اور مغل دربار میں داغ کو ملنے والی توجہ و تربیت سے یہ واضح ہے کہ وزیر بیگم کی شہرت 'بری' ہرگز نہیں تھی۔ شمس الرحمان فاروقی نے ''کئی چاند تھے سر آسماں'' میں وزیر بیگم کو ایک خوددار، ذہین، شائستہ اور جرأت مند عورت کے طور پر پیش کیا ہے۔ طارق ہاشمی نے داغ کی شخصیت پر لگائے گئے الزامات کو اہم تاریخی شواہد کی روشنی میں رد کیا ہے، اور داغ کو رئیس زادہ اور صوم وصلواۃ کا پابند کہا ہے۔ یعنی اسے ایک رنڈی باز کے بجائے، شریف (بہ معنی طبقہ اشراف کا فرد) نیک مسلمان کہا ہے۔ مصنف کی کوشش، داغ کی شخصیت کو اردو تنقید کے عمومی بیانیے کے تسلط سے واگزار کرانے کی ہے۔ حالاں کہ تنقیدی مطالعے میں تخلیق کار کا عقیدہ، عہدہ اور طبقہ کوئی معنی نہیں رکھتے۔ البتہ ان کے سلسلے میں تخلیق کار کے ردّ اعمال اور رویے معنی خیز ثابت ہو سکتے ہیں۔

حقیقت یہ ہے کہ ۱۸۳۰ء میں دہلی کے ایک نواب گھرانے میں جنم لینے والے اور ۱۹۰۵ء میں حیدر آباد میں انتقال کرنے والے، اپنے زمانے کے انتہائی مقبول اور ہندوستان بھر میں سیکڑوں شعرا کے استاد، داغ کی سوانح ہمیں انیسویں صدی کی نو آبادیاتی صورتِ حال کو ایک نئے زاویے سے سمجھنے میں مدد دے سکتی ہے۔ داغ کا جنم اس دہلی میں ہوا جس کا ثقافتی نقشہ مغل حکمرانوں کا مرہون تھا، مگر ستائیس برس پہلے اس شہر کا انتظام انگریزی استعمار کے ہاتھ میں آ گیا تھا۔ جس نواب گھرانے میں داغ پیدا ہوئے اور جہاں انھیں ابراہیم کا نام دیا گیا، وہ انگریزی عطا تھا اور یہی وہ نیا ہندوستانی طبقہ تھا جو انتہائی محدود خود مختاری کے بدلے انگریزی حکومت کا کامل وفادار تھا، اور اسے طبقے نے آگے ۱۸۵۷ء میں دہلی پر ہندوستانیوں کے مئی تا ستمبر قائم ہونے والے اقتدار کے خاتمے کو ممکن بنایا۔ شمس الدین احمد کے ولیم فریزر سے کشیدہ تعلقات کا سبب ذاتی تھا، قومی بالکل نہیں۔ وزیر بیگم کے ساتھ سات سالہ ابراہیم کا لال قلعے میں پہنچنا، داغ کا تخلص اختیار کرنا، شاعری اور روایتی حربی فنون کی تربیت حاصل کرنا، استاد شاہ ذوق کی شاگردی اختیار کرنا اور مشاعروں میں شریک ہونا، ظاہر کرتا ہے کہ بہادر شاہ ظفر کا دربار ثقافتی مزاج کا حامل بن گیا تھا اور اس نے اپنے سیاسی کردار کو تج دیا تھا۔ اس حقیقت کی تائید ان واقعات سے ہوتی ہے جو مئی ۱۸۵۷ء میں میرٹھ سے آنے والے باغی سپاہیوں کے بعد دربار میں رونما ہوئے۔ طارق ہاشمی نے ان واقعات کا بیان کتاب میں کیا ہے۔ ان کے مطابق، بہادر شاہ ظفر کا کردار دہرا تھا۔ یعنی بادشاہ باغیوں کی سرپرستی کے لیے راضی بھی تھے اور انگریزوں سے مرعوب بھی تھے۔ دربار کے اندر ولی عہدی کی سازشیں الگ تھیں۔ اگر بہادر شاہ ظفر کا کردار دہرا بھی تھا تو اس پر انھیں کوئی اختیار نہیں تھا۔ اسی سالہ، انگریز کے پنشن خوار بادشاہ کے یہاں کسی بھی اچانک آ پڑنے والی سیاسی افتاد کا سامنا کرنے کی اہلیت مفقود تھی۔ ولیم ڈیل رمپل نے The Last Mughal میں لکھا ہے کہ جن دنوں میرٹھ کی افواج نے دہلی سے یورپیوں کا صفایا کر دیا تھا اور بادشاہ کو جنگ کی قیادت کے لیے راضی کر رہے تھے، وہ ایک طرف ولسن، لارنس اور دیگر کو خطوط کے ذریعے مدد کے لیے پکار رہے تھے، جھجھر کے ایک معمولی نواب عبدالرحمان خاں سے استعانت طلب کر رہے تھے، خواجہ قطب کی درگاہ میں پناہ لینے کی دھمکی دربار کو دے رہے تھے، دوسری طرف سخت پریشانی کے عالم میں شاعری تخلیق کر رہے تھے۔ یہ سب واقعات بہادر شاہ ظفر کی بے چارگی اور اس

سے عہدہ برا ہونے کے لیے ادھر ادھر ہاتھ مارنے کی کیفیت کو ظاہر کرتے ہیں۔ ہر چند داغ ۱۸۵۶ء میں مرزا فخرو کے انتقال کے بعد دربار سے چلے گئے تھے، مگر دربار کی صورتِ حال میں کوئی تبدیلی نہیں آئی تھی۔ اصل یہ ہے کہ بہادر شاہ ظفر بہ قول ولیم ڈیل رمپل برزخ کی صورتِ حال میں تھے؛ وہ نہ تو باغیوں سے اپنی وابستگی ختم کر سکتے تھے، نہ اس عظیم تباہی کو روکنے کی استطاعت رکھتے تھے جس کا جلد آنا انھیں یقینی لگ رہا تھا۔ داغ کا مزاج بھی دہلی کے اشراف اور قلعہ معلّٰی کے شاہ اور شہزادگان کی طرح ثقافتی تھا، سیاسی نہیں۔

ایک اہم سوال یہ ہے کہ ستمبر ۱۸۵۷ء کے فوراً بعد دہلی کی عظیم تباہی کا ذمہ دار کون ہے؟ میرٹھ سے آنے والی غیر منظّم سپاہ جس کی مدد سے دہلی میں مرزا مغل کی قیادت میں 'کورٹ آف ایڈمنسٹریشن' قائم ہوگئی تھی یا وہ انگریزی فوج جس کے پاس بریگیڈئر جنرل جان نکلسن جیسا سفاک فوجی تھا اور جس کی قیادت میں زیادہ تر پنجاب کے سپاہی تھے؟ داغ کے شہر آشوب اور ''فغان دہلی'' میں شامل اکثر شعرا کے یہاں اوّل الذکر پر ذمہ داری عائد کی گئی ہے؛ انھیں پوربی بلا کا نام دیا گیا ہے۔ طارق ہاشمی داغ کا یہ شعر درج کرتے ہیں:

غضب میں آئی رعیت ، بلا میں شہر آیا
یہ پربیے نہیں آئے خدا کا قہر آیا

طارق ہاشمی یہ سوال تو اٹھاتے ہیں کہ داغ پوربیوں کو بلا اور خدا کا قہر کیوں کہہ رہے ہیں، مگر امیر عارفی کی اس رائے سے اتفاق کرتے ہیں کہ ''داغ کا رویہ اس عہد کے عام رواج کے مطابق تھا....تا کہ جاں بخشی ہو سکے''۔ کیا اس کا یہ مطلب لیا جائے کہ داغ یہ تو جانتے تھے کہ پوربی بلا نہیں تھے، مگر ان کے حق میں اس لیے کچھ کہنے سے قاصر تھے کہ جاں کے زیاں کا خطرہ تھا؟ اصل یہ ہے کہ داغ واقعی پوربیوں کو ساری تباہی کا ذمہ دار سمجھتے تھے۔ ان کے شہر آشوب کا اگلا بند ان پوربیوں کے دین پر گہرے طنز کی حیثیت رکھتا ہے۔ اس سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ پوربی دہلی میں مسلمان حکومت کی بحالی چاہتے تھے۔

زباں سے کہتے ہوئے آئے دین دین لعین
جو ماتا دین کوئی تھا تو کوئی گنگا دین

وہ جانتے ہی نہ تھے کہ چیز کیا ہے دین مبین
کیے ہیں قتل زن اور بچے کیسے کیسے حسین
روا نہ تھا کسی مذہب میں جو وہ کام کیا
غرض وہ کام کیا کام ہی تمام کیا

داغ جن حسین عورتوں اور بچوں کے قتل کی طرف اشارہ کر رہے ہیں، وہ سب یورپی ہیں، جنھیں قلعے کے اندر، دہلی شہر میں اور کان پور اور لکھنو میں قتل کیا گیا تھا۔ یورپیوں کے قتل عام کی مذمت بالکل بجا، مگر جو قتل عام یورپیوں نے بعد میں اہل دہلی کا کیا، اس کی مذمت نہیں ملتی۔ البتہ اس قتل عام اور رسوائی کے سلسلے میں کنائے ضرور موجود ہیں۔ مثلاً اس بند میں:

پئے محاسبہ پرسش ہے نکتہ دانوں کی
تلاش بہر سیاست ہے خوش زبانوں کی
جو نوکری ہے تو اب یہ ہے نوجوانوں کی
کہ حکم عام ہے بھرتی ہے قید خانوں کی
یہ اہل سیف و قلم کا ہو جبکہ حال تباہ
کمال کیوں نہ پھرے دربدر کما ل تباہ

امیر عارفی نے جسے 'اس عہد کا عام رواج' کہا ہے، اس سے مراد دہلی کے اشراف میں رائج ہونے والی عمومی رائے ہے۔ ۱۸۰۳ء میں دہلی، ایسٹ انڈیا کمپنی کے ماتحت آ گیا تھا؛ بادشاہ کی حکومت لال قلعہ تک محدود ہو کر رہ گئی تھی اور وہ کمپنی کی حکومت کا پنشن خوار تھا اور اہم بات یہ کہ وہ اس پر راضی تھا۔ یہی صورت دہلی کے اشراف طبقے کی تھی۔ انھوں نے یورپیوں کی سیاسی بالادستی قبول کر لی تھی اور ان کے ساتھ سماجی تعلقات استوار کر لیے تھے۔ وزیر بیگم کا مارسٹن بلیک کے ساتھ تعلق ہو یا غالب کا ولیم فریزر کے منعقد کردہ مشاعرے میں شرکت ہو اور وہاں ولایتی شراب سے شغف فرمانا ہو، اس بات کو ظاہر کرتا ہے کہ دہلی میں یورپی طبقے کی موجودگی، حیثیت اور بالادستی کو تسلیم کر لیا گیا تھا۔ ایک طرح کا 'امن' دہلی میں قائم تھا۔ یہ الگ بات ہے کہ اس ظاہری امن کی تہ میں ایک اضطراب ضرور موجود تھا، جو کبھی تو ہندو مسلم جھگڑے اور کبھی ہندوستانی، یورپی چپقلش کی صورت ظاہر

ہوتا تھا۔ ہندو مسلم جھگڑا گاؤکشی پر ہوتا تھا مگر وہ بھی باقاعدہ فساد کی صورت اختیار نہیں کرتا تھا۔ اگرچہ ۱۸۲۴ء میں دہلی کالج قائم ہو چکا تھا جہاں انگریزی کے ساتھ اردو بھی ذریعہ تعلیم تھا، اس کے باوجود دہلی کے مسلمانوں کے یہاں انگریزی تعلیم کے سلسلے میں خاصے خدشات تھے جو کھلم کھلا ظاہر کیے جاتے تھے۔ بایں ہمہ مجموعی طور پر دہلی 'پرامن' تھا۔ ایسے میں میرٹھ کی افواج اچانک آئی تھیں اور بہادر شاہ ظفر کے دربار میں گھس کر ان سے کہا کہ وہ ان کی قیادت کریں۔ گویا لال قلعہ اور دہلی اچانک ایک بحرانی صورتِ حال میں مبتلا کر دیے گئے، جس کی انھیں نہ توقع تھی، نہ انتظار، نہ تیاری۔ دہلی میں قائم ہونے والی نئی انتظامیہ کے ہاتھ سے دہلی اگر جاتا رہا تو اس کی وجہ مرزا مغل اور بخت خاں کی انتظامی نااہلی تھی۔ وہ دہلی اور آس پاس کے علاقوں سے ٹیکس اکٹھا نہ کر سکے؛ دہلی کے دولت مند اشراف نے روپیہ ادھار پر دینے سے انکار کر دیا؛ لال قلعے کا خزانہ پہلے خالی تھا۔ چناں چہ سپاہیوں کو تنخواہ اور خوراک مہیا نہ کی جا سکی۔ یوں اہل دہلی کے یہاں پوربی افواج کے خلاف 'رائے عامہ' قائم ہوگئی کہ انھی کی بدولت دہلی پر انگریزی افواج کا عتاب نازل ہوا۔ داغ اسی رائے عامہ کی حمایت کرتے ہیں۔ لیکن یہ معاملہ اتنا سادہ نہیں ہے۔ بجا کہ پوربی غیر منظّم تھے اور یہ بھی درست کہ ان کی وجہ سے دہلی میں اناج کی کمی ہوئی جس کا شکار سپاہ کے ساتھ عام لوگ بھی ہوئے، لیکن جب ہم یہ دیکھتے ہیں کہ اہل دہلی اور آس پاس کے علاقے دہلی انتظامیہ کی مدد کرنے سے ہاتھ کھینچ چکے تھے، مگر پنجاب کے رئیس ریتج پر موجود انگریزی افواج کو خوراک سمیت ہر طرح کی رسد بہم پہنچا رہے تھے... ت w ہمیں سقوط دہلی کو دوسرے زاویے سے دیکھنے کی ضرورت محسوس ہوتی ہے۔ اسی طرح انگریزی فوج نے شہر پر قبضے سے پہلے دریائے جمنا کے پانی کا رخ موڑ دیا تھا اور جب قبضہ کر لیا تو تاریخ کی بدترین سفاکی کے ساتھ شہر میں قتلِ عام کیا، پورے شہر کو راکھ کر ڈالا؛ کیا اس سب کے ذمے دار واقعی 'پوربی باغی' تھے؟ اصل یہ ہے کہ انگریز فوج نے صرف بغاوت نہیں کچلی تھی، بلکہ لال قلعے، کان پور اور لکھنو میں ہونے والی یورپیوں کے قتل کا انتقام ایک بپھرے ہوئے ہاتھی کی طرح لیا تھا۔ پوربیوں کے آنے کے بعد دہلی میں لوٹ مار ضرور ہوئی، بدامنی بھی پھیلی مگر 'مہذب یورپیوں' نے تو دہلی میں کسی کو اس قابل ہی نہ چھوڑا کہ ان سے کچھ لوٹا جا سکے۔ داغ اپنے شہر آشوب میں پوربیوں کے آنے سے شہر میں پھیلنے والی بدامنی اور لوٹ مار کا ذکر کرتے ہیں۔ گویا یہ تسلیم کرتے ہیں کہ پوربیوں کی ملامت بجا ہے۔ اس

کے بعد داغ دہلی شہر، اس کی عمارات اور اس کے اشراف کی تباہی کی عکاسی کرتے ہیں، مگر جس طرح وہ پوربیوں کا نام لے کر انھیں ملامت کرتے ہیں، مہذب یورپیوں کا نام نہیں لیتے۔ بہ ظاہر طارق ہاشمی (اور ابوالخیر کشفی) کی یہ بات بجا محسوس ہوتی ہے کہ شہر دہلی کی تباہی کا نقشہ جس دل گداز انداز میں داغ نے کھینچا ہے، اس سے دھیان انگریزوں ہی کی طرف جاتا ہے، مگر پڑھیے والا شعر ہٹا دیں تو یہ دھیان نادر شاہ اور ابدالی کی طرف بھی جا سکتا ہے۔ یہ بات قبول کی جا سکتی ہے کہ یورپیوں کا نام لینے میں واقعی جان کا خطرہ تھا لیکن آخر کیا وجہ ہے کہ اس عہد کے تقریباً سبھی شعرا نے پوربیوں کو برا بھلا کہا ہے؟ پوربیوں کی پھیلائی بدامنی اور یورپیوں کی لائی گئی تباہی میں کوئی موازنہ ہی نہیں۔ ہماری رائے میں میرٹھ کے سپاہیوں کی ملامت، ستاون کی جنگ آزادی کے تمام سپاہیوں کی توہین ہے۔ میرٹھ سے شروع ہونے والی بغاوت اگر ہندوستان کے دوسرے علاقوں میں بھی پھیلی ہے تو اس کے متعدد اسباب میں سے، ایک سبب ایسٹ انڈیا کمپنی کی وہ معاشی پالیسیاں تھیں جس کا شکار کسانوں کا طبقہ تھا؛ دوسرا سبب غیر ملکی حکومت سے نفرت اور تیسرا سبب مراعات یافتہ طبقات کی محرومیاں تھیں۔ میرٹھ کے سپاہیوں کے سلسلے میں دو باتیں تو خاص طور پر پیش نظر رہنی چاہییں۔ ایک یہ کہ وہ دہلی میں لوٹ مار کرنے کی غرض سے نہیں آئے تھے۔ دوسری یہ کہ ان سپاہیوں میں ہندو اور مسلمان دونوں شامل تھے۔ دہلی میں جو بدامنی پھیلی، اس کی ذمہ داری بہادر شاہ ظفر، مرزا مغل، بخت خاں کی سیاسی بے بصیرتی، انتظامی نااہلی اور زینت محل اور حکیم احسن خاں کی سازشوں پر عائد کی جا سکتی ہے۔

طارق ہاشمی نے چوں کہ داغ کے شہر آشوب کا مطالعہ 'نوآبادیاتی تاریخی تناظر' میں کیا ہے، لہٰذا داغ کے تاریخ سے متعلق مؤقف کو ٹھیک ٹھیک سمجھا جانا چاہیے۔ داغ نے شہر آشوب میں دہلی کے اشراف کے عمومی مؤقف کو پیش کیا ہے۔ ۱۸۵۷ء کے واقعات بتاتے ہیں کہ ایک طرف لال قلعہ اور دہلی کے اشراف میں بیگانگی تھی تو دوسری طرف دہلی کے اشراف اور عوام میں مغائرت وجود میں آ چکی تھی۔ اس بیگانگی کی انتہائی صورت اس حقیقت میں جھلکتی ہے کہ مرزا مغل نے سپاہیوں کی تنخواہ اور خوراک کے لیے دہلی اور نواح کے امرا سے قرض کی رقم مانگی، انھیں ڈرایا دھمکایا، یہاں تک کہ قید کیا، مگر انھوں نے مرزا مغل کا حکم یا درخواست ماننے سے صاف انکار کیا۔ دہلی کے اشراف اور امرا میں سے بیشتر انگریزوں کی ملازمت میں تھے یا انھیں اپنے حکمران تسلیم کر چکے تھے اور پرانے حکمرانوں

سے وابستگی ختم کر چکے تھے۔ مثلاً ''فغان دہلی'' ہی میں قاضی فضل حسین افسردہ شہر آشوب کا یہ بند دیکھیے جس میں انگریزوں کو عادل حکام کہا گیا ہے، اور ان کی آمد پر شکر ادا کیا گیا ہے۔

کی خدا نے یہ دعا بارے قبول
ہوگیا کافور اک بوالفضول
یعنی پھر حکام عادل کا نزول
ہوگیا تسکین دل ہائے ملول
کرد ہر کس شکر رب العالمین
شد رہا از بند غم جان حزیں

ان عادل حکمرانوں نے باقیوں کے ساتھ دہلی کالج کے استاد امام بخش صہبائی اور دہلی اردو اخبار کے مولوی محمد باقر کو گولیوں سے بھون دیا تھا۔ دہلی کی تباہی پر لکھے جانے والے مرثیوں میں انھیں خراج تحسین کسی نے پیش نہیں کیا۔ صہبائی کے لیے آزردہ نے اتنا ضرور کہا:

کیوں کر آزردہ نکل جائے نہ سودائی ہو
قتل اس طرح سے بے جرم جو صہبائی ہو

اس سے یہ بھی ظاہر ہوتا ہے کہ اردو صحافت (دہلی اردو اخبار اور صادق الاخبار خاص طور پر) تو جرأت و بے باکی کے ساتھ جنگ آزادی کے مجاہدین کا ساتھ دے رہی تھی، مگر اردو شعرا جان کے خوف میں مبتلا تھے۔ انھیں خوف سے آزاد ہونے میں کوئی پچاس برس لگے!

Hali ki ghazal
Shahab Zafar Azmi
Associate Professor, Department of Urdu, Patna University, Patna
Urddu Studies (Bilingual kitabi silsila 1) 2019

حالی کی غزل

شہاب ظفر اعظمی

ایسوسی ایٹ پروفیسر، شعبۂ اردو
پٹنہ یونیورسٹی، پٹنہ

